# بہار اردو لغت

ریختہ کُتب مرکز بیگ راج
1،2،3 اور برائے خواتین
اُردو ڈیجیٹل لائبریری (بیگ راج)
بیگ راج: - +92-307-7002092

پہلی جلد

فرھنگ بلخی

از

سید یوسف الدین احمد بلخی (مرحوم)

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

# URDU ADAB DIGITAL LIBRARY (BAIG_RAJ)

## اُردو ادب ڈیجیٹل لائبیریری (بیگ راج)

+92 - 307 - 7002092



اُردو ادب ڈیجیٹل لائبریری اور ریختہ کتب مرلز بیگ راج (1، 2، 3 اور برائے خواتین) گروپس میں تمام ممبران کو خوش آمدید اُردو ادب کی پی ڈی ایف کتابوں تک با آسانی رسائی کیلئے ہمارے واٹس ایپ گروپس اور ٹیلی گرام چینل کو جوائن کریں۔ اور بلا معاوضہ با آسانی کتابیں سرچ اور ڈاؤنلوڈ کریں۔ اور ہ کتابوں کے نام سے معاوضہ وصول کرنے والوں سے ہمارا قطعہ کسی بھی کسی کا ناکوئی تعلق ناواسطہ ہے ہمارا مقصد اردو ادب کا فروغ اور رضائے الہی کیلئے دوسروں کی مدد ہے اور واٹس ایپ پر خواتین کیلئے علیحدہ گروپ بھی موجود ہے برائے مہربانی جو خواتین الگ برائے خواتین گروپ میں شمولیت اختیار کرنا چاہیے تو گروپ ایڈمنز سے رابطہ کریں۔

منجانب : گروپ ایڈمن (بیگ راج)

واٹس ایپ لنک:

HTTPS://CHAT.WHATSAPP.COM/FSBIJHJMKBQBNKUPZFE5Z

HTTPS://CHAT.WHATSAPP.COM/HI9ER6LOZGP9MXZBUJQFZD

TELEGRAM - HTTPS://T.ME/JUST4U92

فیس بک پیج لنک : HTTPS://WWW.FACEBOOK.COM/ALMUGHAL.URDU.PAGE

• مصنف ــــــ سید یوسف الدین احمد بلخی (مرحوم)
• ناشر ــــــ خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ
• طابع ــــــ لبرٹی آرٹ پریس، دریا گنج، دہلی
• سال اشاعت ــــــ نقش اوّل : ۱۹۷۰ء
نقش ثانی : ۱۹۸۴ء
• قیمت ــــــ پندرہ روپے

تقسیم کار
مکتبۂ جامعہ لمیٹڈ
جامعہ نگر، نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵، اردو بازار، دہلی ۱۱۰۰۰۶
پرنس بلڈنگ، بمبئی ۴۰۰۰۰۳، یونیورسٹی مارکیٹ، علی گڑھ ۲۰۲۰۰۱

# بہار اُردو لُغت

BAIG RA

# اُردو لغت (تدوینِ جدید)

## علاقائی رنگ روپ کی شمولیت کے ساتھ

اس ترتیب کا عنوان بہاری اُردو لغت مناسب تر تھا، جو ہمارے منشا کو ظاہر کرتا (دکنی اور گجراتی اُردو کی طرح) - لیکن اس میں ایک اور پہلو بھی نکلتا تھا، اس لئے ترجیحی طور پر یائے نسبتی کے بغیر صرف **بہار اُردو لغت** نام رکھا گیا ہے۔

بہار تک اُردو زبان کا پھیلاؤ ہوتے ہوتے اس میں نئے محاورے، نئے الفاظ نئی اصطلاحات نئی تراکیب، اور بعض اوقات نئے تلفظ آتے چلے گئے، جن کا پوری طرح جائزہ لیا گیا ہے اور نہ اسی باعث کماحقہٗ اعتراف کیا جاسکا ہے۔

بہار آزاد ہندوستان کی پہلی ریاست ہے (کشمیر کا معاملہ دوسرا ہے) جہاں اُردو کو ایک مسلسل جدوجہد کے نتیجے میں اس کے جائز حق کا ایک حصہ ملا ہے اور اُسے دوسری سرکاری زبان قرار دیا گیا ہے۔ (یوپی اور دہلی میں ۱۹۸۴ء کے اکتوبر تک بھی یہ نہ ہوسکا)۔

یہ نہ بھی ہوتا تو بھی بہار نے اُردو ادب کی ترویج میں جو نمایاں حصہ لیا ہے، وہ ادب دوستوں سے پوشیدہ نہیں ہے۔ ضروری تھا کہ بہار نے اردو زبان کی تشکیل میں جو حصہ لیا ہے وہ بھی سامنے لایا جاتا، اور اس کام کے آغاز کے طور پر وہ الفاظ جو ابھی تک اُردو لغت کا حصہ نہیں بن پائے اُنھیں یکجا کیا جاتا۔

اس کام کا آغاز مرحوم یوسف الدین بلخی نے اپنے انداز پر 'گھر بیٹھ کر' جتنا کیا جاسکتا تھا کیا۔ اُن کی یاد کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے محنت و محبت سے کیے ہوئے اس کام کو جو ایک مضمون کی شکل میں ۱۹۷۰ء (رسالہ فکر و نظر میں) چھپا تھا، ہم اپنے اس پروجکٹ کے پہلے حصے کے طور سے پیش کر رہے ہیں۔

یوسف الدین احمد بلخی، فصیح الدین بلخی کے بھتیجے تھے، رانچی کالج میں فارسی کے لکچرر تھے، اچھے شاعر بھی تھے، قاضی عبدالودود (مرحوم) کے رشتہ دار تھے، ۱۹۶۱ء کے آس پاس وفات پائی۔

اس لغت کا دوسرا حصہ زیرِ ترتیب ہے، جس کے لئے بہار کے ادبا و شعرا کی تصانیف کو کھنگالا جا رہا ہے۔

## ۲

اُردو، دکن میں پیدا ہوئی، گجرات میں پیدا ہوئی، ہریانہ میں پیدا ہوئی، پنجاب میں پیدا ہوئی اور ایک قول کے مطابق سندھ میں پیدا ہوئی۔ اُردو پشاور (صوبہ سرحد) میں بولی جاتی ہے، ملتان (بلوچستان) میں بولی جاتی ہے، لاہور میں بولی جاتی ہے، کراچی میں بولی جاتی ہے۔ ڈھاکہ، کلکتہ، مرشدآباد، حیدرآباد، بھوپال، فریدآباد، چنڈی گڑھ، امرتسر، جموں، سری نگر اور متعدد دوسرے علاقوں میں اس کے بولنے والے قابلِ لحاظ تعداد میں موجود ہیں۔ یوپی اور دہلی کا تو ذکر ہی کیا۔ اس ریاست بہار میں متعدد ایسے علاقے ہیں جہاں اُردو بولی اور سمجھی جاتی ہے اور جیسا کہ ذکر ہوا، آزاد ہندوستان میں کشمیر کے بعد یہ پہلی ریاست ہے جہاں اُردو کو سرکاری (دوسری) زبان کا درجہ مل چکا ہے۔

اُردو لغت کی ترتیب میں، اب تک دہلی، لکھنؤ، رامپور کو چھوڑ کے اتفاقاً جو احترام و عقیدت بھی دکھائی جاتی ہو، واقعتہً کسی علاقے کو وہ اہمیت نہیں دی گئی جس کا وہ اس لحاظ سے مستحق تھا کہ اُردو وہاں کی زبان بھی تھی؛ ہے۔ اب اِدھر کچھ توجہ زبان کے اس پہلو کی طرف بھی ہوئی ہے تو چند مضامین بھوپال، بمبئی، وغیرہ کی اُردو پر آنے شروع ہوئے ہیں، ورنہ تو، دکنی یا گجراتی اُردو کے سوا کسی علاقائی استعمال کا ذکر ہی نہیں آتا تھا۔ آتا بھی تھا تو پنجاب میں اُردو قسم کی نظریہ سازیوں کے تحت اور وہ بھی ضمناً۔

اور یہ لسانی نظریہ سازیوں کی کوششیں اور علاقائی اُردو ادب کی تدوینات اپنی جگہ پر — لیکن ان سب کو بنیاد بنا کر، اور ضمیمۃً عوام کی بولی، استعمالِ عام، کو مددگار بنا کر، ایسی کوشش نہیں اب تک ہو پائی کہ اُردو کی ایک نئی لغت اس طور پر مرتب ہو کہ ہر علاقے کی پرچھائیاں (SHADES) آنکھ مچولی کرتی، اس کے انگ انگ کا رنگ روپ نکھار دیں۔

ایک جامع اُردو لغت کی تدوین کے سلسلے میں خدابخش لائبریری کا یہ پہلا اقدام ہے کہ بہار نے اُردو کو جو الفاظ عطا کیے ہیں وہ یکجا مرتب ہو جائیں:

## ۳

بہار اُردو لغت کے سلسلہ میں چند پہلوؤں کی طرف خصوصی توجہ مبذول کرانی ہے :

● ایک پہلو یہ ہے کہ اُردو کا وہ علاقائی روپ جو بہار میں تشکیل پایا اس میں جا بجا الفاظ کی تشکیل میں دہلی، لکھنؤ، رام پور سے زیادہ منطقیت پائی جاتی ہے۔ اس کی ایک مثال گنتی میں استعمال ہونے والے الفاظ سے دی جا سکتی ہے۔ دس کے بعد ایک تا آٹھ مزید گنتی (۱۰ — ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸) کے لئے اور اسی طرح ہر دہائی کے بعد کی گنتی کے لئے (۲۰ — ۲۱ ...... ۲۸) (۳۰ — ۳۱ ...... ۳۸) یکساں طریق کار ہے۔ بارہ (بر / با = ۲ + رہ = دہ = ۱۰) بائیس (با = ۲، ئیس = بیس کا نعم البدل) تیرہ (تیہ = ۳ + رہ = ۱۰)۔ یہی طریقہ، معمولی سا اِدھر اُدھر کرتے ہوئے نوّے کے ۱ تا ۸ یعنی ۹۱ تا ۹۸ تک چلتا ہے۔

اس یکساں سلسلے میں ۲۱، ۳۱، ۴۱، ۵۱، ۶۱، ۷۱، ۸۱، ۹۱ کے اعداد کے لئے جو الفاظ ہیں ان میں 'اک' ہر جگہ مشترک ہے (اکیس، اکتیس الخ) تو اس کی کیا توجیہ ہوگی کہ یہ اک / اگ ساری دہائیوں میں تو ہو، مگر اوّلین دہائی میں الف ختم کر دیا جائے اور صرف ک / = گ رہ جائے یعنی اگیارہ کے بجائے صرف گیارہ (لکھنؤ، دہلی، رامپور)۔ اس کے پیچھے کونسی منطق ہے؟ ٹھیک ہے علاقائی اثرات کے تحت، مقامی استعمالی اجتہاد میں، زبان کے ارتقا کی کسی منزل میں اگیارہ اگر گیارہ ہو گیا تو اسے بدلنے کا مشورہ نہیں دیا جا سکتا لیکن اگر ایک خطہ پاک ایسا ہے جہاں یہ لفظ اپنی پاک، صاف، اصل شکل میں آج بھی رائج ہے، تو اس جگہ اس کی برتری کا اعتراف کرتے ہوئے، لفظ کی اس شکل کا ترجیحی حق تسلیم کرتے ہوئے اُسے لغت کا جزو تو بنانا ہی ہوگا!

اعداد ہی کے سلسلے کی ایک اور مثال بھی ہے : ہر دہائی (۲۰، ۳۰ الخ) سے پہلے والا عدد (۱۹، ۲۹ الخ) دہائی یا اس کی علامت کو اپنے اندر سموتے ہوئے 'سابقہ' کے طور سے اس سے قبل 'اُن' لگا لیتا ہے۔ اُن + نیس (۱۹)، اُن + تیس (۲۹)، اُن + چاس (۴۹)، اُن + سٹھ (۵۹)۔ پھر یہ چالیس سے پہلے کا عدد اُنتالیس کیوں کہلائے؟ تالیس، چالیس کا سمجھ میں آنے والا نعم البدل ہے، علامت ہے، لیکن خود چالیس نہیں۔ اور اگر اُردو کے کسی خطہ میں نعم البدل کے بجائے اصل چالیس ہی 'اُن' کے 'لاحقہ' کے طور سے استعمال ہو رہا ہو تو اُسے زیادہ منطقی تسلیم کر کے، بہار میں استعمال ہونے والے اُنچالیس (اُن + چالیس) کو لغت کا جزو کیوں نہ بنایا جائے!

● ایک دلچسپ پہلو یہ ہے کہ اسم سے فعل بنانے کا جو طریقہ دتا تریہ کیفی تحریک پر اب اُردو نے اپنانا شروع کیا ہے یعنی برق سے برقانا، قوم، سے قومیانا اُسے ایک مدت سے بہار میں قبولیت عام حاصل ہے

مثلاً: 'پانی' سے 'پنیانا'، 'بات' سے 'بتیانا'!

• جمع اس طرح بنانے کا قاعدہ کہ مؤنث و مذکر دونوں کے لئے استعمال ہو جائے، دوسرے علاقوں میں بھی کبھی کبھار چلتا ہے، لیکن بہار میں تو مثلاً 'لڑکن' = لڑکے/لڑکیاں رواج عام رکھتا ہے۔ اسی طرح تصغیر کے لئے 'وا' کا لاحقہ بعض دوسری جگہوں پر بھی کبھی کبھی استعمال میں آتا ہے۔ لیکن یہاں تو یہ روزمرہ ہے کہ 'اطہر' کو پیار سے یا حقارت سے اتھروا کہیں گے اور 'روڈ' کو رڈوا۔

• اسی سے یہ بات بھی یاد آئی کہ انگریزی الفاظ کا دخل دوسرے علاقوں کی بہ نسبت یہاں کی بولی میں زیادہ ہے۔ مثلاً سڑک کی جگہ روڈ اور میز کی جگہ ٹیبل زیادہ آسانی سے سمجھ میں آتا ہے۔ بلکہ عوام کی اکثریت انگریزی والا لفظ ہی جانتی ہے!

• امالہ یہاں بالکل رائج نہیں، بلکہ اس کے برخلاف انتہا پسندانہ سختی کے ساتھ اس کے برخلاف عمل ہے۔ مثلاً:

— "اسلام میں بیٹا (= بیٹے) کے مقابلہ پر بیٹی کا نصف حصہ ہے" (مسلم پرسنل لا از عبد اسرار الحق، بیگوسرائے ۱۹۷۲ء)

— سونا (= سونے) کی نیلامی ہوئی۔

— کتا (= کتے) کی چوکیداری مشہور ہے۔

[لیکن اس اصول کو توڑتے ہوئے "محبوب حسین صاحب (اقبال بکڈپو والے)" تو ایک ایسے لفظ کا امالہ کر ڈالتے ہیں جس کی ہمت دہلی، لکھنؤ والے بھی نہ کر سکے۔ یعنی ہوا کا امالہ ہوے!]

'ہوے' (= ہوا) نے اپنی لپیٹ میں لے لیا۔

• بعض الفاظ جو دہلی، لکھنؤ میں 'ر' سے لکھے جاتے ہیں۔ یہاں 'ڑ' سے لکھے اور بولے جاتے ہیں: مثلاً مجھڑ۔

• بعض الفاظ میں خاتمہ سے قبل نون غنہ کا استعمال جیسے 'ہانتھ'۔

• جمع مکسر کی جمع الجمع کا یہ انداز کہ اسلحہ کی جمع الجمع 'اسلحے' یا عملہ کی جمع الجمع عملے یہاں رائج ہے۔ پٹنہ کا محاورہ اور استعمال مثلاً مظفرپور سے مختلف ہو۔ لغت کی آخری ترتیب میں اس کا بھی لحاظ رکھنا ہوگا۔

• آخری بات یہ کہ بعض الفاظ بولنے میں بعینہٖ لکھنؤ دہلی کے ہیں، مگر معانی بدلے ہوئے ہیں۔ مثلاً 'تڑپنا' بمعنی کود کے پار ہو جانا، یا بکواس بمعنی 'لمبی فضول گفتگو' یہ لفظ یہاں غیر پارلیمانی نہیں سمجھا جاتا!)

یہاں بعض الفاظ درج کر کے لغت میں دلچسپی لینے والوں کی توجہ اس جانب مبذول کرائی جارہی ہے۔ اوپر کے معروضات اور مندرجۂ ذیل مثالوں سے اندازہ ہوسکیگا کہ ابھی کتنا کام باقی پڑا ہے :۔

اٹنا/امانا (سمانا)، اذان پڑنا (= اذان ہونا)، اکثر ہا (= لمبا اوقات)، اگیارہ (= گیارہ)، امنی الیس (= انتالیس)، بابو (= بچّوں/خوردوں کو خطاب کرنے میں)، بتیانا (= باتیں کرنی)، بھان جہ (= بھانجا)، بھُتا جانا (= بھول جانا)، بہن جا (= بھانجا)، بہن وئی (= بہنوئی) استعمال: نام جیبی)، بھگنا (= بھانجا)، بھنٹا (= بیگن)، بھوجائی (بھاوج)، بدھنا (لوٹا: تانبے، پیتل، المونیم کا)، بحال ہونا (= نوکری ملنی)، بتی (= بتو)، بوروڑ (= لوبیا)، بوڑانا (= بوُلا جانا)، پاگل سے پگلانا)، پتوہ (= بہو)، پٹر (= ہتھیلی)، پنیانا (= پانی ڈالنا مثلاً مٹی جیسی کوئی چیز ہو، اُسے پتلا کرنے کے لئے)، پگلانا، پھلیا (= سوئی)، پھیپھسا (= پھیپھڑا)، تکڑا (= میٹھا مع نمک مرچ)، تیرنا (کھینچنا، پھیلانا)، ٹنٹیاں (= بدھنا/مٹی کا بدھنا)، ٹھونگا (کاغذ کی تھیلی جس میں نیچے موٹے کاغذ کی تہہ ہو)، ٹھیونا (= گھٹنا)، چچی (= چچی)، چکڑ (= آبخورہ)، چینا (= پہچاننا، شناخت کرنا کر لینا)، چُونٹی/چونٹی کاٹنا (= دق کرنا، نوچنا)، چیں را/چیرا (= کنجوا)، چھیپی (= مٹر)، دائی (= خادمہ گھر کے کام کاج کے لئے)، ڈیڑھ سس (= بڑی سالی)، ڈھکنا (= ڈھکن)، رام تری (= بھنڈی)، روپنا (= بونا)، روزہ ہونا (= روزے سے ہونا کسی شخص کا/ استعمال: آپ روزہ ہیں)، زخم نکل آنا (= پھنسی پھوڑا نکل آنا)، ساٹنا/ساننا (چپکانا)، سنگھاڑا/سینگھاڑا (= سموسا) ————— )، شامل ہونا، کسی کے (= ساتھ ہونا، کسی کے)، قلفی (= چائے کی پیالی)، کرانی (= کلرک)، کسیلی (= چھالیا)، کتنو ہو (= کتنا ہی؛ کتنے ہی؛ کتنی ہی)، کوڑنا (= کھودنا)، کونہڑا (= گول کدو)، کہوانا (= کہلوانا/استعمال: قاضی صاحب (آزاد بحیثیت محقق)، کھچڑا (= کھچڑی)، کھٹانا؛ کٹنا (= نقصان دینے کی حد تک کم)، کھٹوا (= باسی کھانا ملا کر استعمال کیا جاتا ہے)، کھدیڑنا (= دگیدنا)، کھل جانا ریل کا (= چل دینا ریل کا)، کھندرا (= اوڑھنے کا ہوتا ہے پرانے کپڑوں کا بنا ہوا)، کھوکھی (= کھانسی)، کیبولا (= سنترہ)، گارنا (= نچوڑنا)، گال سیکنا (= شادی میں ایک رسم ہوتی ہے)، گتنی (= دیورانی)، گوئیٹھا (= اُپلا)، گولکی (= کالی مرچ)، گھاگھرا (= جھگڑالو)، گھیلا (= گھڑا)، لت/کتر (= بیل)، لجرا/لاجرا (= خندہ)، لستا (= چیپ)، لکنا (= چھپنا)، لندبھند (= جھگڑا باز آدمی)، لنگا (= ننگا)، لوکنا (= ہوا میں کیچ کرنا)، ملازادہ (= خادم، نوکر)، ممانی (= ممانی)، میٹھا (= میٹھا)، مولی (= مولی)، میلنا (= ملنا)، ناتی (= نواسا)، نتنی (= نواسی)، ننوان (= ترائی)، نیمبہر (= میکا)۔

عابد رضا بیدار

# بہار اردو لغت

حصہ اول : فرہنگ بلخی

BAIG RA

سید یوسف الدین احمد بلخی

# فرہنگِ بلخی

الٰہی طرزِ گفتار معانی دہ بیانم را　　　فروغ حسن گفتاری عطا فرما زبانم را

(شاہ محمد حیات برق بہاری)

بہار کے اردو خواں طلبا اور مقالہ نگار غیر ارادی طور پر بہاری الفاظ و محاورات تحریروں میں اکثر استعمال
جاتے ہیں۔ جن میں بعض کے بدل ٹکسالی زبان میں موجود ہیں۔ یہ ایک امر فطری ہے۔ جو زبان ایک وسیع
ب میں پھیلتی ہے اس میں مختلف دیار کے مقامی الفاظ شامل ہو ہی جاتے ہیں۔ مجھے مسرت ہے کہ اس کا
ماظ کر کے اب انجمن ترقی اردو ہند نے اردو کا جامع لغت مرتب کرنے کی اسکیم بنائی ہے جس میں ہندوستان
ے تمام علاقوں کے مقامی الفاظ (جو وہاں کے اردو بولنے والوں میں رائج ہیں) شامل ہوں گے۔

راقم الحروف نے اس لیے ایک مختصر سی فرہنگ مرتب کی ہے جس میں ریاست بہار کے الفاظ،
اورات اور امثال درج ہیں اور جن کے بدل ٹکسالی زبان میں دستیاب ہو سکے انھیں بالمقابل درج
دیا ہے۔

اب تک راقم الحروف کے تا حد علم و وثوق کسی نے بہاری الفاظ و محاورات کا لغت مرتب
ہیں کیا ہے۔ شاید اس کا سبب یہ ہے کہ زبان کی ٹکسال صحیح یا غلط طور پر دہلی اور لکھنؤ مانی گئی اور بہار
ے الفاظ و محاورات ٹکسال باہر سمجھے گئے۔ یہاں بھی چند الفاظ خواص میں رائج ہیں، چند عوام میں اور چند
نوں میں مشترک۔ چنانچہ مختلف دیار و امصار کے الفاظ، محاورات اور امثال جو وہاں کے اردو بولنے
لوں میں رائج ہیں جمع کر دیے اور تا حد علم یہ بھی تحریر کر دیا کہ کہاں کہاں رائج ہیں ؎

گوہر بہ دست آید ہم سنگ خزف را　　　تو ہر دو گر و گیر زمن گیر رقم را　　　(لامعلوم)

ت میں زیادہ تر وہ ہیں جو خواص میں یا خواص و عوام دونوں میں مشترک ہیں۔

زیر نظر مجموعے میں بعض الفاظ وہ ہیں جو تلفظ کے اختلاف کے ساتھ ٹکسالی زبان میں موجود ہیں۔

مثلاً بھرتا (بھرتا)۔ سنسنانا (سنسنانا)۔ کتھو (کتھا) وغیرہ۔ بعض میں معنی کا فرق ہے مثلاً چھکنا بہ معنی دھوکا کھانا" بہاری ہے اور بہ معنی آسودہ ہونا ٹکسالی۔ بہت سارے الفاظ ایسے ہیں جن کے بدل موجود ہیں مثلاً اڑاہنا (بہ معنی کنواں صاف کرنا) اگارنا" اور بہ معنی کورا برتن استعمال کرنا، انوانسنا) چپنا بادام (مونگ پھلی)۔ چڑی (چوہیا)۔ چیونٹی کاٹنا (چٹکی لینا) وغیرہ۔ کافی تعداد ایسے الفاظ و محاورات کی ہے جن کے بدل موجود نہیں ہیں جو جمادات، نباتات و حیوانات، کھانوں اور مٹھائیوں کے نام۔ پیشے اور صنعت کی مخصوص اصطلاحات، مشینوں اور ان کے مختلف حصوں کے نام مثلاً "اگروتا"۔ "چھچونی" وغیرہ رسم و رواج سے متعلق محاورات اور متعدد مصادر پر مشتمل ہیں۔ مثلاً پاگنا۔ گورنا (چھوٹا ناگپوری مصدر) سریانا وغیرہ۔

بہاری اردو کی ایک خصوصیت اس کی وسعت ہے جس کو بابائے اردو ڈاکٹر عبدالحق مرحوم اور ڈاکٹر سید عابد حسین مدظلہ نے راقم الحروف کے سامنے تسلیم کیا۔

ایجادات و اختراعات، رسم و رواج، صنعت و حرفت اور تاریخی واقعات محاوروں اور اصطلاحوں کی تشکیل کا باعث ہوتے ہیں۔ بہار زمانہ دراز سے تہذیب کا مرکز رہا ہے۔ اس کی اپنی روایات ہیں۔ انھیں باتوں نے محاورے تراشے ہیں۔ جناب تمنا عمادی مدظلہ نے لکھنؤ میں ایک شادی کے موقع پر یہ شعر پڑھا سے

اک تماشا ہے نیا چال چلانے کے وقت

وہ ہوئی سرو خراماں، ہے خراماں سہرا

کچھ لوگ نکتہ چیں ہوئے کہ "چال چلانا" فصیح نہیں ہے۔ چونکہ لکھنؤ والے نہیں بولتے۔ جب تمنا نے اس رسم کی تشریح کی تو عشرت لکھنوی نے حاضرین کو قائل کیا کہ یہ فصیح ہے۔ لکھنؤ میں رائج نہ ہونے سے غیر فصیح نہیں ہو سکتا خصوصاً جب اس کا بدل موجود نہیں۔ یہی بات اول الذکر دونوں بزرگوں نے بھی کہی۔

اب آیئے اس وسعت کا سرسری جائزہ لیجیے۔ گٹھر جو سر پر اٹھایا جاتا ہے وہ "بوجھا" ہے۔ جو بغل میں دبایا جاتا ہے وہ "پانجا" اور جو مٹھی میں سما جاتا ہے اسے "مٹھی" کہتے ہیں۔ بعض درختوں کی جڑ، پھول، بیج، پتے، پھلی اور تخم کے چھلکے کے جداگانہ نام ہیں مثلاً سارکھ (گل نیلوفر کی جڑ)۔ بَرُل (ساکھو کا پھول۔ چھوٹا ناگپوری لفظ ہے)۔ چیاں (املی کا بیج)۔ پتوُلا (گنے کا پتا)۔ چھیمی (مٹر کی پھلی)۔ دَدری (انڈی کا چھلکا) وغیرہ۔

تاڑ سے متعلق بیسوں اصطلاحیں ہیں۔ بعض ملاحظہ ہوں:۔

بلکو (تاڑ کے پتے)۔ بھرکا (ڈنڈی سے جدا کیے ہوئے پتے)۔ کھوکا (ڈنڈی کا نچلا دوشاخہ ہیں

ڈنکو (اس کے اوپر کی ڈنڈی۔ گڑوا (گھو کا ڈنکو)۔ کھگڑا (ڈنڈا سمیت پتے)۔ ہنسلی (درانتی جس سے پاسی تاڑ چھیوتا ہے)۔ کلیٹھا (لکڑی جس پر ہنسلی تیز کی جاتی ہے)۔ بَرَم (جڑ کی سوت)۔ پاگنا (پتوں کو ڈنڈی سے الگ کرنا) وغیرہ۔ اسی طرح ٹوکروں کے مواد اور شکل کے لحاظ سے ان کے نام بھی مختلف ہیں۔

ایک اور خصوصیت یہ ہے کہ یہاں ایسے مصادر بکثرت ہیں جو اسم ذات یا اسم صفت سے بنائے گئے ہیں۔ ٹکسالی زبان میں بعض مثالیں ہیں۔ مثلاً بَرمانا۔ عثمانیہ یونیورسٹی کے مترجمین نے ایسے مصادر وضع کیے مگر بہار میں پہلے ہی سے کثرت سے موجود ہیں۔ مثلاً چرپیانا۔ صبانا۔ مٹھانا۔ کولیانا وغیرہ۔

فرہنگ کا دوسرا حصہ ضرب الامثال پر مشتمل ہے۔ ان میں بعض مختلف دیار کی خصوصیات اور روایات سے متعلق ہیں۔ مثلاً "ساما کا کو چل گیا بی بی کمال سو میں" "بہار کا راستہ ویاؤ" "گردا، گاڑی لنگور، ان تین سے بھاگلپور" وغیرہ۔ ایک بڑا حصہ ان امثال کا ہے جنھیں موسمیات سے خاص لگاؤ ہے۔ ان میں بعض گھاگھ اور ڈاک شاہ آبادی کی طرف منسوب ہیں۔

آخر میں عرض ہے کہ بہار اور یو۔ پی کے بعض ناقدین نے بعض ایسے الفاظ کو بہاری قرار دے دیا ہے جو ٹکسالی زبان میں مستعمل ہیں۔ اسی لیے راقم الحروف نے نور اللغات۔ جامع اللغات اور نجم الامثال سے مقابلہ کر لیا ہے۔ پھر بھی ممکن ہے کہ کوئی فروگزاشت ہو گئی ہو لہٰذا قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اس کی جانب ناچیز کو متوجہ کریں اور اس کے حق میں دعائے خیر فرمائیں۔ وما توفیقی الا باللہ العلی العظیم۔

خاکپائے فردوسیان
سید یوسف الدین احمد بلخی

# اشارہ

بعض اوقات تحریر سے واو معروف، مجہول و معدولہ۔ یائے معروف و مجہول اسی طرح زیر اور پیش معروف و مجہول کے تلفظ کی وضاحت نہیں ہوتی۔ لہٰذا فرق یوں ظاہر کیا جاتا ہے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جھُول (معروف) | JHOOL | جھَول (مجہول) | JHOLE | خوَد (معدولہ) | KHUD |
| میل ( " ) | MEEL | میل ( " ) | MAIL | | |
| پِن ( " ) | PIN | پَن ( " ) | PEN | | |
| لُکانا ( " ) | LUKANA | لکانا ( " ) | LOKANA, "O" AS IN COLLAPSE | | |

ں (نون غنہ) جب لفظ کے درمیان ہو

## الف

آبھی - لکڑی کی کھنتی (گیا)
آپا - ۱ چلونہ - گڈھا جس میں مچھلیاں پکڑ کر رکھتے ہیں (گیا) ۲ بڑی بہن -
آرسی - ۱ مچھلیاں پکڑنے کی چک جو بانس کی قمچیوں کی بنی ہوئی اور سینگ کی شکل کی ہوتی ہے (گیا) ۲ معنی مشہور -
آری - ۱ کھیت کے چاروں طرف کا اوپر کا نشان ۲ چھوٹا آرا (پٹنہ - گیا)
آسمانی - ۱ تاڑی ۲ معنی مشہور (پٹنہ - گیا)
آل - آلی - دیکھیے آری (پٹنہ - گیا)
آلی - آلو - فصل کا وہ حصہ جو پوری فصل تیار ہونے سے پہلے کھانے کے لیے کاٹ لیا جاتا ہے - (گیا)
آلن - پیال کے ٹکڑوں کا موٹا سفوف جو گلاب میں ملاتے ہیں -
آموٹ - اَموٹ - امرس
آنا - غلوں کی کوٹھی کا منھ جس سے غلہ گرتا ہے -
آن پر کان کٹانا - آن قائم رکھنے کے لیے نقصان سے بے پروا ہونا (پٹنہ - دہات)
آنٹی - دھان کے پودے جو ایک ڈوری میں بندھے ہوں - نواری - پیال - یا چنے کے پودوں کی بھی ہوتی ہے -
آنٹھی - ۱ سفید گود جو تاڑ کے پھیپے کے اندر سے نکلتا ہے اور بویا جاتا ہے (جنوبی بہار) ۲ آم کی گٹھلی (رانچی - شمالی مونگیر)
آنجن - انجن - راکھ کے رنگ کا ایک بڑا پرندہ جس کی چونچ بہت لمبی ہوتی ہے اور جو مچھلی کھاتا ہے - (پٹنہ - گیا)
آنکُر - آنکھوا - ۱ جڑ کے ریشے جو ابتدائی حالت میں ہوں ۲ دوسرے کا (رانچی)
آنکھ مٹمٹانا - آنکھ مٹکانا - بار بار پلک مارنا -
آنگی - بہت باریک جال کی چلنی جس سے میدا چالا جاتا ہے - (پٹنہ - گیا)
آہا - ایک لاحقہ جو تشبیہ یا نسبت کے معنی پیدا کرتا ہے -
آہِن کرنا - مٹی کو خوب روندنا تاکہ گلاب یا دیوار بنانے کے لائق ہو جائے -
و آہی - آہا کا مونث -
ابجنا - اپجنا - اُگنا -
اُبہن - رسی جس کو ڈول میں باندھ کر کنوئیں سے پانی نکالتے ہیں -
اُبیانا - اُوب جانا - کسی ایک کام کو دیر تک کرتے رہنے سے گھبرا جانا -
اَبیر - گلال - سفوف جسے رنگ کر مٹی میں چھڑکتے ہیں -
اُبیر - ۱ ہوا کا بند ہو جانا (دربھنگہ) ۲ بارش کے بند ہونے کے بعد آفتاب کا نکل آنا - (مشرقی پٹنہ)

اَپاڑھ ۔ چالاک چور (عو۔ ٹھیٹھ)

اُتَرِ وَڑا ۔ اُتَرِ وِٹھا ۔ مکان کا گرا ہوا حصّہ جو اونچا ہو جاتا ہے اور تودے کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔

اُتَہہ جانا ۔ اَلوپ ہو جانا۔

اُتھڑانا ۔ اَبھرنا۔

اُتراچال ۔ اُچلا چال (ٹھیٹھ)

اُترنگا ۔ اُترنگی ۔ اتر والا یا والی ہوا کے لیے بولتے ہیں۔

اُترُوہ ۔ بھنّا ۔ ایک کا غصّہ دوسرے پر نکالنا (عو۔ ٹھیٹھ)

اَتھرا ۔ مٹی کا برتن جو کڑھائی سے مشابہ ہوتا ہے۔ اور جس میں دستہ نہیں ہوتا۔ عموماً غسل خانوں میں رکھا جاتا ہے اور اس میں کپڑے بھی دھوئے جاتے ہیں۔ (ٹھیٹھ)

اَتھری ۔ چھوٹا اتھرا (ٹھیٹھ)

اَٹانا ۔ سمونا۔

اَٹنا ۔ سمانا۔

اَٹان ۔ سمائی ۔ اٹنا کا حاصل مصدر

اِٹکورا ۔ اینٹ کا ڈھیلا (ٹھیٹھ)

اُٹھائی ۔ رقم جو کہاروں کو نئی دلہن یا دولہا کی سواری کے اٹھانے کے وقت دی جاتی ہے۔

اَٹھ سنجا ۔ (آٹھ ساجھا) کئی آدمیوں کی شرکت

اُٹھلو ۔ وحشی ۔ جو کوئی کام دل لگا کر نہ کرے۔

اُٹھنگل ۔ ٹھنگل

اٹھ وارا لگنا ۔ بعض وہمی عورتوں کے خیال میں ہر آٹھویں دن کچے ہوئے کھانے کا خود بخود کم ہو جانا۔ (عو)

اُٹھونا ۔ دودھ کی مقدار جو خریدار گوالے سے روزانہ مہیا کرنے کے لیے مقرر کر لیتا ہے

اُجَرِیل ۔ سفید پوش (ٹھیٹھ ۔ دہات)

اُجھبٹ ۔ اُبٹہ

اِجھرال ۔ الجھا ہوا (گیا)

اِجھرانا ۔ الجھانا

اِجھڑنا ۔ الجھنا

اُجھ جانا ۔ ناپید ہونا (عو۔ ٹھیٹھ)

اُجھلنا ۔ انڈلنا

اَجڑانا ۔ صندوق کے ڈھکن کا اوپر اٹھ جانا۔ (عو۔ ٹھیٹھ)

اُجڑنگ ۔ ۱ جھینگر ۲ وحشی

اُچکن ۔ ڈھیلا یا لکڑی جو چولھے پر اس لیے رکھتے ہیں کہ چولھے کا منہ برتن سے بند نہ ہو جائے اور ہوا کے لیے کھلا رہے۔

اِچنا ۔ جھینگا مچھلی جو کیڑے سے مشابہ ہوتی ہے اور اس میں کانٹے نہیں ہوتے۔

اَچھاڑ ۔ بارش کا جھونکا (ٹھیٹھ)

اُچھلا ۔ چھلانگ

اُچھلانا ۔ اچھالنا

اُچھل کود ۔ (۱ آدمی کی) چھلانگ ۔ ۲ (گھوڑے کی) چھل بل۔

اُچھوتی گیت ۔ حمد، نعت، یا اولیائے کرام کی

منقبت کے گیت جس سے شادیوں میں
گیت گانے کی ابتدا ہوتی ہے۔ (عو۔ پٹنہ)
اَچھمنا کام ۔ وہ کام جو جی لگا کے نہ کیا جائے (عو۔ پٹنہ)
اَکاہنا ۔ زمین کی سطح کو برابر کرنا (پٹنہ۔ گیا)
اُدبیگ دینا ۔ پریشان کرنا (پٹنہ۔ دربھنگہ۔ مظفر پور)
اَدلا ۔ پنڈلی
اَدم جلا ۔ اکھل کھرا ۔ حاسد (عو)
اَدم جلی ۔ اکھل کھری ۔ حاسدہ (عو)
اَدھ بُدھ مال ۔ بے حساب مال
اَدھ پکوا ۔ آدھا پکا ہوا پھل
اَدھ کپاری ۔ آدھی سیسی ۔ ایک پھل جو آدھی ڈلی
سے مشابہ اور چکنا ہوتا ہے۔
اِدھکّی ۔ پٹیو
اُدّہ ۔ اُودا ۔ گیلا (رانچی)
اَدھیانا ۔ آدھا کرنا ۔ آدھا ہونا ۔
اِدیا گُدیا پوچھنا ۔ مفصل حال ذرا ذرا کرکے پوچھنا
(عو۔ پٹنہ)
اُدھّک ۔ بے قرینہ
اَرال ۔ کھیت کی مینڈھ (پٹنہ۔ گیا)
اَرپا ۔ ہاتھ کے انگوٹھے اور انگشت شہادت کا
درمیانی جوف (گیا)
اَرجھرائل ۔ دیکھیے اُجھرائل (گیا)
اَرمینا ۔ من بہلاؤ ۔ دلچسپی کا سامان
اَرَوا ۔ اَریا ۔ چاول جس کا دھان ٹھنڈے پانی
میں بھگو کر کوٹا جاتا ہے۔

اُرہَر ۔ گڑہل ۔ سُرخ رنگ کا پھول جس کا شربت
بناتے ہیں۔
اَرلُوا ۔ ڈنڈا جس سے ہل چلاتے وقت بیل کو
آگے بڑھاتے ہیں۔
اَرَئی ۔ چھوٹا ڈنڈا جس میں چھوٹی کانٹیاں
ہوتی ہیں۔ ہل چلاتے وقت بیل کو اس سے
چھیڑتے ہیں۔
اَرَتیا ۔ ایک گھاس جو پانی میں ہوتی ہے اور پانچ
فٹ اونچی ۔ اس میں شاخیں نہیں ہوتیں
ڈنٹھل ناریل کے تنکوں سے مشابہ مگر نرم
پھل کتھئی رنگ کا ہوتا ہے (پٹنہ)
اُڑا بتھانا ۔ مارا مارا پھرنے والا۔ (عو۔ پٹنہ)
اَڑاس ۱۔ کنوئیں پر لکڑی یا پتھر جس پر کھڑے
ہوکر لاٹھا چلاتے ہیں ۲۔ وہ جگہ جہاں پر
کھڑے ہوکر رہنگ چلاتے ہیں (پٹنہ۔ گیا)
اُڑارا ۔ دریا کنارے کی اونچی زمین ۔
اُڑاہنا ۔ ۱۔ اگارنا (کنوئیں کا) ۲۔ انوانسنا
(برتن کو تبرکاً پہلے استعمال کرنا)
اُڑاوں ۔ آدی باسیوں کا ایک قبیلہ ۔
اَڑانی ۔ کرسی یا مچیا کا وہ حصہ جس سے پیٹھ
اڑاتے ہیں۔
اَڑرانا ۔ سست اور کاہل ہونا ۔
اُڑس ۔ اُڑس ۔ (پنجابی) کھٹمل (عوام)
اُڑسا ۔ (اڑس ۔ کھٹمل + آ = والا) ایک پھول
جس کی پنکھڑیاں ایک پھل میں ہوتی ہیں جو

خانہ خانہ ہوتا ہے بشہور ہے کہ اس سے
کھٹمل بھاگتے ہیں۔ (پٹنہ۔ دہات)
...وت۔ ۱۔ اوٹ (پٹنہ) ۲۔ کنوئیں کے کنارے
کا وہ حصہ جس پر کونڈلی اُٹھ ملتے ہیں (گیا)
...ت۔ (نہ سٹنے والا) کم آمیز۔ بدخلق (عو۔ پٹنہ)
...ٹاہا۔ اُسٹاہی۔ روکھا۔ روکھی (پٹنہ۔ گیا)
...روَل۔ لال بیگ۔ جھینگا جو عموماً بیت الخلا میں
رہتا ہے۔ ۲۔ مشہور جڑی
...رکھیا۔ اشلیکھا۔ ایک مچھر (پٹنہ)
...کانا۔ اکسانا۔ ابھارنا
...کتانا۔ کاہلی کرنا۔
...نگنی۔ الگنی (گیا)
...سنا۔ اُسانا۔ اُبالنا
...سَونی۔ اُسانا کا حاصل مصدر
...ک بگّا۔ وہ جس کی ایک ہی دُھن ہو اور اُس
میں پکا ہو۔
...ک پٹھیا۔ (ایک پیٹھ والا) دو اولادیں جو ایک
دوسرے کے بعد پیدا ہوئی ہوں۔
...ک پیریا راستہ۔ پگڈنڈی۔ پتلا راستہ جس پر
صرف ایک پاؤں رکھا جا سکتا ہو۔
...کتا پُراں۔ اُکتا پیچی۔ اُدھیڑنا بعن طعن (عو۔ پٹنہ)
...کٹنا۔ اُگلنا ۱۔ اُلٹ پلٹ کرنا۔ ۲۔ طعنہ دینا مثلاً
پیسہ اُگلنا ۳۔ جیب نکالنا مثلاً خاندان اُگلنا۔
...ک رنگا۔ شال باف۔ ایک قسم کا سرخ کپڑا۔
...کروتا۔ مخروطی شکل کا ٹھیا جس سے ٹھکرے پر

نقش چھاپتے ہیں۔
اَگَڑی۔ بے چھانٹا ہوا چاول
اُگوتا۔ جسم پر دانہ جس کو اگمزنا کہتے ہیں۔
اُگون۔ مداد۔ ایک قسم کا درخت
اکھاڑنا نکلنا۔ نکالنا۔ محرم یا چہلم کا جلوس نکلنا نکالنا۔
اَکھوت۔ لاٹھے کے بیچ کی میخ (پٹنہ۔ گیا)
اَکھونا۔ اَکھینا۔ لکڑی کا اوزار جس سے پیال کافی
مقدار میں جمع کرتے ہیں۔ (پٹنہ۔ گیا)
اُگیل بگیل۔ پریشان (پٹنہ)
اَگار۔ اَگولا۔ ۱۔ پالوٹ گنّا کا بالائی حصہ (پٹنہ)
اَگرائن۔ اگرہیاں۔ (آگے داہنا) دماہی
کا سب سے اگلا بیل جو سب سے داہنے
رہتا ہے۔
اُگرا۔ بھات کی بیچ۔ ماڑ (شمال مشرقی بہار)
اَگرانا۔ بناوٹ۔ نخرہ۔ تصنع (عو)
اَگراہٹ۔ اگرانا کا حاصل مصدر (عو)
اَگوا۔ دو شخصوں کے درمیان باتیں طے کرانے
والا عموماً شادی کی باتیں طے کرانے والا
شخص۔
اُگین۔ آفتاب کا بلند ہونا۔
اَلان۔ ٹٹی جس پر بیل چڑھاتے ہیں (پٹنہ
گیا۔ مونگیر)
اُلانا۔ کھلنا۔ کھچڑی میں بھوننا۔
اَلائے۔ ایا پیچ (عو)
اُلبلاہا۔ اَلا بلبہ۔ بے وقوف۔

اُلگوسی۔ دیکھیے گوگوت (دراپچی)

اللہ میاں کی گڑیا۔ دیکھیے ٹوٹن

المندے میں سلمندا۔ دوسروں کے معاملات میں دخل دینا۔ (عو۔ پٹنہ)

اَلنگ۔ کھیت کی مینڈھ۔ اونچا چوڑا جو دو بڑے کھیتوں یا دو گاؤں کا فرق ظاہر کرتا ہے۔

اُلہنا۔ اُلہنا۔ اُلاہنا۔ طعنہ (عوام)

اُلہنا دینا۔ اُلہنے دینا۔ احسان جتانا (عو)

اَلہوا۔ شکرقند (شمالی بہار)

اَلہڑ۔ اَلہڑ۔ اَڑھ۔ البیلا

اَلیا۔ ایا بیچ پن (دہات)

اَلپین۔ برآمدے کے دونوں کناروں کے پائے (پٹنہ، دہا)

اَماری۔ اُوپلے کے ٹکڑے (دہات۔ پٹنہ)

اِمامی اترنا۔ ۱؎ سرداری وعزت وآبرو کا ختم ہوجانا ۲؎ مصیبت نازل ہونا (عو۔ پٹنہ)

اُمراؤ اُمرا۔ گیتوں میں نوشاہ کو کہا جاتا ہے میرا اُمراؤ چلا ساہورے کو (عو)

اموری۔ امیا۔ آم کا مصغر۔ آم کا کچا پھل جو ابتدائے نمو کی حالت میں ہو۔

اَمولا۔ اَنبولا۔ آم کی گٹھلی کا اصل حصہ جو سخت چھلکوں کے الگ ہوجانے کے بعد الگ ہوجاتا ہے۔ لڑکے اس کا باجا بجاتے ہیں۔

اَنٹیا۔ اَنٹی کا مصغر

اَنٹھیانا۔ کام سے جی چرانا

انٹیونی۔ آنٹی باندھنا

اَن چِٹ۔ اَن چِتے (ان + چِتے) ۔ بے خبر۔ اچانک (عو۔ دہات)

اَنچلا۔ آنچل کا مصغر (عو)

اِنڈارا۔ اندارا۔ کنواں

اَندھا تھوپی۔ آنکھ موندی ڈھب

اَنڈے کا بچہ اُڑانا۔ انڈا اُڑانا۔ مبالغہ کرنا (دہ

اَنکٹی۔ ایک پودا جس کا پتا پتلا لمبا اور بہت باریک ہوتا ہے۔

اَنکٹی پیٹھی۔ میٹھی جو گوشت کے ساتھ پکائی جاتی ہے۔

اَنکُری۔ ۱؎ انکھوا ۲؎ کلا ہوا چنا یا مٹر (بہار شریف)

اَنکسی۔ آنکڑا۔ ٹیڑھی آہنی سیخ۔

اَن کڑھا۔ بے ڈھب

اَنکھ پھوڑوا۔ ایک سبز رنگ کا پتنگا۔ (پٹنہ)

اَنکھ مندؤل۔ آنکھ مچولی

اَنکھیانا۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔

اَنگ ملنا۔ کام کا طریقہ معلوم ہونا۔

اَنگاری۔ ۱؎ انگارے کا مصغر ۲؎ آگ کو روندنا۔ (گیا)

اِنگڑ۔ اَنگھڑ

اَنگ سہری۔ پھر یری۔

اَنگل بڑھا۔ بوہری

اُنگلی ٹیڑھی ہونا یا کرنا<br>اُنگا ڈھکنا } کچھ نقصان پہنچنا (عو۔ پٹنہ)

اَنگل یا (اَنگھل) کھولنا۔ ۱؎ ایسا غسل جس میں

سرنہ دھویا جائے صرف غسل پورا کر چکنے کے بعد پانی سر پر لینا۔

ان گنا مہینہ۔ آٹھواں مہینہ۔ عورتیں آٹھ کا عدد منحوس سمجھتی ہیں اس لیے ان گنا کہتی ہیں۔ (عو)

اگنے کی خاک نہیں رکھی۔ دروازے کی خاک اڑا دی یعنی بہت آیا گیا (عو۔ پٹنہ)

انگنیتن۔ وہ عورت جسے مکان کا کوئی حصہ رہنے کو دیا جائے۔

انگوٹھیا بال۔ گھونگھریالا بال (عو۔ پٹ۔)

ان ہوئی۔ ان ہوئی۔ ان ہونی

اوبڑ کھابڑ۔ ناہموار۔ اونچا نیچا۔

اوپر جھاپڑ۔ بے توجہی سے

اوڑنگا۔ وہ شخص جو آدمی کی گردن کاٹ کر کھیت میں گاڑ دیتا ہے۔ آدی باسیوں کا عقیدہ ہے کہ ایسا کرنے سے پیداوار بڑھتی ہے (چھوٹا ناگپور)

اوٹنا۔ کسی بات کو بار بار دہرانا (عو۔ پٹنہ)

اوٹھا۔ اوٹھاہا۔ شریر (گیا)

اوٹھائی۔ شرارت (گیا)

اودا۔ گیلا۔ سیلا۔

اوریتا۔ اور چھور۔ پتا نشان

اوریا۔ بانس کی بنی ہوئی بڑی ٹوکری (پٹنہ)

اوریانا۔ دیکھیے سریانا (دہات۔ پٹنہ)

اوڑی بوڑی۔ مہمل بات (دہات۔ پٹنہ)

اوکا۔ ۱۔ وزنی تھیلا ۲۔ تھیلے کی شکل کا مہاجال جس کو کئی آدمی کھینچتے ہیں (گیا)

اوگنا۔ غور سے سننا (دہات۔ مغربی پٹنہ)

اوکنی۔ چھوٹی جوں جو عموماً مرغیوں میں ہوتی ہے۔

اول۔ زمین قند۔

اولا۔ ۱۔ معنی مشہور ۲۔ قند و جو چینی میں اولے ڈال کر بنایا جاتا ہے (بہار شریف)

اولتا کھوپنج (اولتی کی کھونچ والا) ہم دیوار مکان۔

اونیا۔ کھانے کے ڈھیر سے سخت دانوں کو الگ کرنا۔

اونچی نظر۔ عالی ظرفی (عو۔ پٹنہ)

اونہدانا۔ اودبانا۔ گھبرا جانا۔

اونھا جھاڑنا۔ لال مرچیں جلا کر بچوں پر سے وارنا کہ نظر بد سے محفوظ ہوں۔ (عو۔ پٹنہ)

اونگھنا۔ اونگھنا۔

اونگھی۔ اونگھ۔

اُہار۔ پالکی یا ڈولی کا پردہ

اُہاری۔ اونتی (گیا)

اہراتم۔ چھوٹا اہر

اہر لگنا۔ باندھ باندھنے کے بعد پانی کا اس سطح تک آ جانا کہ کھیتوں تک پہنچ سکے (پٹنہ۔ دہات)

اہنڈے۔ سیر ہو کر۔ جیٹ بھر کر۔ (دیہی)

اہینا۔ غلے کو سوپ میں رکھ کر ہلکے دانوں کو چن لینا۔

اپچا۔ دھاوے کے پھول سے مشابہ سرخ رنگ کا پھول جو کڑی کیلا میں ہوتا ہے۔ اس کے کھانے سے آنکھوں کو قوت ہوتی ہے۔ (سنگھ بھوم)

ایر پھیر۔ ہیر پھیر۔

ایک چڑیا کا پوت بھی نہیں۔ کوئی نہیں (عو۔ پٹنہ)

ایکڑ۔ سرکی کا چوڑا پٹہ۔ (پٹنہ)

الوا۔ ہاں (سارن)

اینٹا۔ اینٹ۔

## ب

باجھن۔ باہمن۔ ہندوؤں کی ایک قوم جو بھومی ہار برہمن بھی کہلاتی ہے۔

بات کھڑانا۔ الزام دینا۔ کسی پر غصہ ہونا۔ (عو)

باجا داجا۔ باجا گاجا۔

باچھا۔ بچھڑا۔ گائے کا نر بچہ۔

باچھی بچھیا۔ گائے کا مادہ بچہ۔

بادھا۔ باتا۔ کپڑا یا رسی جو کھڑاؤں پر لگا ہوا رہتا ہے جس کے سہارے پہنتے ہیں۔

بارہ ہزارا۔ بارہ ہزاروں سے سروکار رکھنے والا۔ عیار۔ فریبی۔ (بہار شریف و اطراف)

بارہ روپیا۔ بہروپیا۔
بارکس۔ بھارکس۔ رسی جس سے ڈولی کے بانس کو پایوں سے باندھتے ہیں
بارہ مسیا۔ بارہ ماسہ۔ ایک پودا جس کے پتے سال بھر ہرے
اور پھول سال بھر کھلے رہتے ہیں۔
بارنا۔ روشنی کرنا (چراغ وغیرہ) (عو)
باڑی۔ شعلچی (سارن)
باڑھ ۱۔ سیلاب ۲۔ بڑھنا کا حاصل مصدر
باڑھ دینا۔ ابھارنا۔ (اطراف دانا پور)
باڑی۔ ۱۔ رہائشی مکان سے ملحق مکان (رانچی) ۲۔
ایک لاحقہ جو "ہے" کے معنی دیتا ہے۔ (سارن)
بازار کا ستو۔ بازار کی مٹھائی۔ زن بازاری
باسمتی۔ باریک نفیس چاول جس کا پلاؤ پکایا جاتا ہے۔
باقی خزانہ۔ رعایا پر زمین کی طرف سے خراج کے بقایا کی نالش
باگ مڑنا۔ بری حالت سے اچھی حالت میں آنا۔
بال نوچ لینا۔ سر کھسوٹ لینا (عو۔ پٹنہ)
بلا۔ بالو۔ (عوام)
بالائی آمدنی۔ اوپر کی آمدنی۔
بالے میاں کی انکھیاں۔ وہ انکھیاں جس پر بالے میاں کی نیاز
دی جاتی ہے۔
بام اکھڑنا۔ بدھیاں پڑنا۔ نشانات جو انگلیوں یا چھڑیوں
کی مار سے جسم پر ابھر آتے ہیں۔
بامی۔ مچھلی کی ایک قسم۔
باندھ۔ بندھ جو ندیوں پر باندھا جاتا ہے۔
باندھ لگانا۔ کھیت کو ادینا۔
بانہہ۔ ڈنڑ۔ بازو (عوام)
بانی۔ کم (سارن۔ چھوٹا ناگپور)
بانوے۔ بانو، سارس سے بڑا آبی پرندہ)
بارودی۔ آٹے کا سیخ کباب (پٹنہ)
باوگ۔ بوگھا۔ بوگھ۔ وہ دھان جو چھینٹ کر اسی کھیت
میں چھوڑ دیا جاتا ہے۔
باولی چڑیا۔ پاگل آدمی (بہار شریف و اطراف)

باون شکی شادی بیاہ جن کے سامانوں میں تیرہ چوگھڑوں میں تا بے
کی باون شکیاں جاتی ہیں انھیں کہتے ہیں۔
ببلیاہی۔ عورت جس پر ارواح خبیثہ کی تسلط ہوا کرتی ہے (عو۔ پٹنہ)
ببنی۔ ببونی۔ چھوٹی بچی (سارن)
ببوا۔ بابو کا مصغر۔ چھوٹا بچہ یا بچی
ببولی۔ بچی (سارن)
ببوتی۔ (باپ کا مصدر تبعی) باپ کی میراث (رانچی، مشرقی پٹنہ)
بترو۔ (بت رو) لڑکا۔
بترکی۔ صاف موٹا دھان جس کے دانے لمبے ہوتے ہیں۔
بتلانا۔ پریشان ہونا۔ گم ہونا۔ (عوام)
بتلاہا۔ بتلاہی۔ دیوانہ۔ دیوانی (عوام)
بتلاہٹ۔ بے چینی۔
بتنا۔ بتانا۔ بجھنا۔ بجھانا (چراغ وغیرہ)
بتھان۔ تھان۔ مویشی کے باندھنے کی جگہ
بتیانا۔ بات کرنا۔
بتیسے کا لڈو۔ لڈو جو بتیس قسم کے اجزا ملا کر تیار کیا
جاتا ہے۔
بٹ بہاو۔ جس کا وطن معلوم نہ ہو۔
بٹکھرا۔ باٹ۔ وزن جس سے ترازو پر تولتے
ہیں۔
بٹو۔ بٹوا۔
بٹورنا۔ بٹورنا (اکٹھے کرنا)
بٹی ناریل۔ پکی ناریل (پٹنہ)
بٹیا۔ دلہن۔ (عو۔ پٹنہ)
بجاڑنا۔ بجڑنا کا متعدی
بجرٹ۔ بجلی۔ مجازاً مصیبت۔
بجر پڑنا۔ بجلی گرنا۔ مصیبت عظیم میں مبتلا ہونا۔
برباد ہونا۔ (عو)
بجرنا۔ کسی چیز کا دوسری چیز پر گرنا۔
بجوڑا۔ ماہتابی۔ (لیموں کی ایک قسم) (رانچی)
بچکا۔ بچکا۔ ۱۔ ایک قسم کا نمکین پوا جس میں

پہیچنے یا مٹر اور پیاز مرچ ملا کر تلتے ہیں۔
۲ نرم پتوں اور پھولوں کی بنی ہوئی جھلی۔
ر۔ وہ سبزیاں یا پھل جو کھیت یا باغ کا مالک
اپنے ٹھیکیدار سے نقدی کے علاوہ بطور
مالگزاری کے وصول کرتا ہے۔
نا۔ الجھ جانا
راہا۔ الجھ جانے والا
۔ بجھانا۔ پھنسنا۔ پھنسانا
ا۔ غلوں کے دانوں کا سوراخ دار ہو جانا۔
رتا۔ بجھارت۔ باقی بقایا وغیرہ کا حساب
صاف کرنا۔
۔ ایک قسم کی جڑی جو بچوں کی دوا کے کام آتی ہے۔
لحدی۔ قبر کے اندر کی دیواریں جن پر تختہ رکھا جاتا ہے۔
۔۱ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو بہت لذیذ ہوتی ہے۔
۲ بچے کا مصغر
ان۔ اگوا۔ وہ شخص جو دو شخصوں کے درمیان
معاملات طے کراتا ہے۔
ں۔ بجّی۔ (شاہ آباد)
ا۔ بچھو۔
ون۔ بچھونا، بستر
ودا۔ بے حیا (دربھنگہ)
۔ شریر (رانچی)
ن بدھن کے دیکھنا غور سے دیکھنا (عو۔ پٹنہ)
سنا۔ ٹوٹی دار ہونا (بدھنا سے مشتق ہے)

بَدھوارا۔ کھیت کا نگہبان۔
بَدھواری۔ کھیت کی نگہبانی کی اُجرت جو عموماً
جنس کی صورت میں دی جاتی ہے۔
بَدھواہا۔ دیکھیے بدھوارا
بَڈھی۔ بڑی۔ بہت (رانچی)
بَراجی۔ (بے راضی) دوسروں کی مرضی کے بغیر
گیت میں مستعمل ہے۔ "میرا رجنا براجی چلے آیو جی"
بَرانا۔ سوکھنا (رانچی)
براری۔ بواری مچھلی (سارن)
برانٹی۔ چاول جو بترنی سے مشابہ مگر اس سے
چھوٹا ہوتا ہے۔
بَرَبٹّی۔ بُورا۔ لُوبیا (جمشید پور)
بَرتا ہوا مُنہ۔ نورانی چہرہ (دیہات۔ پٹنہ)
بُرّانا۔ نیند میں بڑبڑانا۔
بُرتے۔ ۱ مہاسے ۲ گُمٹُم کے بیج
بَرزبان یاد۔ نوکِ زبان یاد
بَرگنا۔ پیتل کا ایک گہرا برتن۔
بَرُو۔ بروں۔ تابع مہمل جو دوا کے بعد بولا جاتا ہے۔
بروئی۔ سبزی ترکاری (گیا)
بَرہا۔ موٹا رسا
بَرہَما۔ ایک جڑی جو مرد کی شکل کی ہوتی ہے (پلامو)
بَرہمی۔ ایک جڑی جو عورت کی شکل کی ہوتی ہے (٠)
برھنا۔ بڑھنی۔ بھڑ (پلامو)
بَرھنیا چوٹی۔ چوٹی جس میں دو چوٹیاں مانگ کے
پاس سے کانوں کی لو پر سے لا کر اصل چوٹی

چوٹی سے باندھی جاتی ہے (عو)
بَری کے کپڑے۔ بری کے جوڑے۔
بڑار۔ کھیت جس میں موری بوتے ہیں۔
بڑانگ۔ وہ جو بنکیوں سے مالگزاری لے کر
ٹھاکر کو دیتے ہیں۔ (رانچی)
چھوٹا ناگپور میں قانون لگان یہ تھا کہ رعایا
سے منڈا تحصیل تھا۔ منڈاؤں سے مانکی بنکیوں
سے بڑانگ بڑانگوں سے ٹھاکر اور ٹھاکر
سے زمیندار۔
بُڑبک۔ بے وقوف۔ بُربک
بڑسیمہ۔ ایک قسم کی سبزی جو سیم سے مشابہ مگر
اُس سے بڑی ہوتی ہے۔ (عوام)
بڑھنتی۔ بڑھنا کا حاصل مصدر۔ زیادتی
بڑھنی۔ جھاڑو (دہات)
بڑہی۔ بڑھی
بڑھیارا۔ قوس قزح جو صبح کو آسمان میں پچھم کی
جانب نکلتا ہے مشہور ہے کہ اس سے بارش
زیادہ ہوتی ہے۔
بڑی جگہ۔ اونچی جگہ
بڑی چیز۔ قرآن شریف (عو)
بڑیری۔ بنڈیری۔ چھپر کے بیچ کی بلی
بڑی گاہی۔ گاہی پانچ عدد کی ہوتی ہے۔ مگر
جب چوبیس گاہوں کا ایک سو شمار کرتے
ہیں تو اسے بڑی گاہی کہتے ہیں۔
بڑی گُتنی۔ جٹھانی (شوہر کے بڑے بھائی کی بیوی)

بِساہرا۔ دیکھیے بَرَم (مظفرپور)
بِسائن۔ بسانَد۔ بسیندھا۔ بسہیدا۔ مچھلی
سی بو والا یا والی۔
بِسٹی۔ غرقی لنگوٹی (دہات)
بِسکھانا۔ جانور کا دودھ ختم ہو جانا
بِسم اللہ۔ ۱ معنی مشہور ۲ پرندہ کا دل (دیہ...
بَسمتیا۔ ایک پودا جس کے پتے لمبے اور ان میں
چاول کی خوشبو ہوتی ہے۔ ۳ با...
کا مصغر
بَسُہا کاغذ۔ ایک چھرا کاغذ جو درخت کی ...
سے بنایا جاتا ہے۔ اڑول (ضلع گیا) میں ...
بَسَوندھی۔ خوشبو میں بسی ہوئی رابڑی۔
بُکنا۔ سفوف کرنا
بَکُوا۔ ٹیڑھی کھرپی جس سے پیاز وغیرہ کے
سے گھاس نکالتے ہیں۔
بَکھو۔ ایک خانہ بدوش قوم۔
بَکھوائن۔ بکھو کی عورت
بَکھور۔ سوّر کے رہنے کی جگہ جو عموماً سرنگ کی شکل
کی ہوتی ہے۔
بَکھورنا۔ تھوڑا بھوننا۔ چاول۔ بونٹ وغیرہ کو۔
بَکھیڑیا۔ پاکھنڈ۔ بکھیڑا کرنے والا۔
بَکیں۔ گائے بھینس وغیرہ کی وہ حالت جب
کے بیانے ہونے کے بعد دودھ کم ہو جا...
بگڈول۔ بے ڈھب (پٹنہ۔ رانچی)
بگرا۔ زیادہ مقدار میں (رانچی و اطراف)

مانس ۔ بے ڈھب آدمی (رانچی)
دلار ۔ (باگھ دلار) شیر کا دلار کسی کو تکلیف دہ
طریقہ سے پیار کرنا ۔
نیند ۔ نیند جس میں آدمی کی آنکھیں کھلی ہوئی ہوں ۔
گاڑی ۔ گھمّی ۔
بلبلانا ۔ گل جانا (عو)
ہٹ ۔ بُلاوا
را ۔ بے وقوف (رانچی)
ی ۔ بُھٹے کا وہ حصہ جس میں دانے لگے رہتے
ہیں ۔
کندری ۔ ایک پودا جس کا پھل پیاز کے مشابہ
پتے ایک ہاتھ لمبے اور دو انگل چوڑے ہوتے ہیں ۔
و ۔ تاڑ کے پتے
ی ۔ ۱؎ لکڑی کا بوجھا ۔ ۲؎ غلّے کا بڑا بوجھا
امی ۔ بڑا شکر پارہ (ایک بگرامی کی ایجاد)
ٹھا ۔ لسوڑھے کی محرابی شکل کی لکڑی جس پر
پاسی ہنسلی (درانتی) تیز کرتا ہے ۔
ل داڑھی ۔ بڑی اور گھنی داڑھی ؎
منہ پہ جو لیے پھرتے ہیں جھاڑی کی طرح
خونخوار سی اُلجھی ہوئی جنگل داڑھی
(ایس ۔ جی ۔ ام ۔ بدرالدین عظیم آبادی)
کانا ۔ غصّہ دلانا
کنا ۔ غصّہ ہونا ۔ چڑنا
اسا پھوٹنا ۔ بنواس پھوٹنا ۔ نکسیر پھوٹنا ۔
(ناک سے خون آنا)

بَن پڑنا ۔ بن پڑنا ۔ بن آنا ۔
بَن پڑ ۔ قوم ملاح کی ایک قسم ۔
بَن پڑنی ۔ بن پڑ کی عورت
بَن بھنٹکا ۔ چھوٹی جنگلی کموہ
بَن چڑ ۔ (بن چنگل ۔ چڑ ۔ چڑنے والا) غیر مہذب (دہاتی)
بُندا ۔ آویزہ (مینہ) ۲؎ چمکی (رانچی)
بِندا ۔ ملاح (سارن)
بَندرا ۔ بنڑا (بنا کا مصغّر) نوشہ ؎
لچک چلا ہریالا بندرا (گیت عو)
بُن دَھنیا ۔ بُھن دھنیا ۔ مسالا جو ناریل ۔ بھنی ہوئی
دھنیا وغیرہ ملا کر محرم میں بنایا جاتا ہے ۔
بِنڈا ۔ گندہ (ترکاری) (سارن)
بِنڈی ۔ سرکیوں کا گٹھر ۔
بِنڈی خانہ ۔ بھنڈی خانہ ۔ مکان کا وہ حصہ جس
میں خدمت گار رہتے ہیں ۔ عموماً اُس کا
چھپر بنڈی کا ہوتا تھا ۔
بنڈیل ۔ (انگریزی بنڈل) ایک گچھے میں بندھے
ہوئے سگریٹ کی مانند ٹپاخے ۔
بَنگولا ۔ بنولا ۔ روئی کا تخم ۔
بَنگیٹھی ۔ بنیٹھی ۔
بَن مانک ۔ بَن مانس
بَنوری ۔ بنانا کا حاصل مصدر ۔ مذمت (عو)
بِنیا ۔ بُننا (کپڑا وغیرہ)
بُنی ۔ بُنیّہ کا مخفف ۔ چھوٹی لڑکی ۔
بُواری ۔ ایک قسم کی مچھلی (عربی بوگری ہے)

بُوبُو۔ آپا۔ باجی۔ بڑی بہن۔
بُوتا۔ گڑگڑے کے اوپر کی لکڑی کی خرادی ہوئی
نلی جس پر چلم رہتی ہے۔
بُوتو۔ بکرا جو خصی نہ کیا گیا ہو۔
بُوجنا۔ پانی میں ڈالنا۔
بُوجھا۔ بڑا گٹھر جو سر پر اٹھایا جاتا ہے۔
بُوچھاڑ۔ بوچھار
بودھا۔ بے وقوف۔ بودلا
بُورا۔ ۱؎ لوبیا (ایک قسم کی سبزی) ۲؎ ٹاٹ
کا بڑا تھیلا۔
بَورانا۔ شیخی مارنا (رانچی)
پُورسی۔ انگشت
بُوریا باندھنا۔ بوریا بستر سمیٹنا
بَوڑانا۔ بورانا۔ پریشان ہونا یا کرنا۔
بَوڑاہا۔ بوڑاہی۔ بورا۔ بوری۔ پاگل
بَوڑی۔ کوڑی کا ¼ حصہ
بوڑھیا باڑھ۔ بڑا سیلاب جو ۱۸۸۰ء
سے بہت پہلے آیا تھا (عو۔ پٹنہ)
بوڑھیا بیٹا یا بیٹی۔ بوڑھاپے کا مارا یا ماری۔
(بددعا۔ عو۔ پٹنہ)
بُوڑھیا لگنا۔ کسی کام میں بہت دیر لگنا (عو)
بَوکل۔ بوکھل۔ بدحواس۔
بوکلا۔ ۱؎ ایک قسم کی سبزی ۲؎ درخت کی چھال
بُوکھیا۔ تار کی ڈنڈی کے چھلکوں کی بنی ہوئی ٹوکری
بولانا۔ بوکھلانا۔
بوُنٹ۔ سوکھا چنا

بُونٹ لادنا۔ ناکارہ رہنا۔ ناکام ہونا۔ نقصان
اٹھانا (بہار شریف و اطراف)
بَوانا۔ برانا۔ نیند میں بڑبڑانا۔
بہتر گھاٹ کا پانی پینا۔ ہر طرح کی صحبتوں کا
تجربہ رکھنا (برے معنی میں بولتے ہیں) (عو)
بہرا سانپ۔ بہت زہریلا سانپ جو ایک
ہاتھ لمبا مٹی کے رنگ کا ہوتا ہے۔
بہشتی۔ بھشتا۔ سقہ۔ پن بھرا۔
بہنا۔ (جانور کا) گابھن ہونا۔
بہن جوائی۔ چھوٹی بہن کا شوہر (عو)
بنگیٹ۔ شریر (دہات)
بنگیٹی۔ شرارت (دہات)
بہنوت۔ (بہن پوت) ۱؎ بہن کا بیٹا ۲؎
نند کا بیٹا۔ (عو)
بہورسی۔ زمین جس میں کاشتکاری ہوتی ہے (عو)
بیّا۔ بیا۔ بیج۔
بیانا۔ جانور کا بچہ دینا۔
بیٹا بیٹی۔ ایک کھیل جو پانی میں کھیلا جاتا ہے۔
بیٹھی۔ ہنسوا۔ درانتی (سنگھ بھوم)
بے جڑ پیڑ کا درخت۔ بے بنیاد بات (عو۔
سائیں و اطراف)
بے جنے کا تھیلا۔ بے سبب کسی کام کے لیے
فکرمند ہونا۔ (عو۔ پٹنہ)
بے دھوائی۔ بیگر دھوائی۔ بے کار (رانچی)
بیڑا لگانا۔ دھان کی بندھی ہوئی آنٹی لگانا (رانچی)

بیستر ۔ ناک کی کیل

بے کا رگے بھینسنا ۔ پریشانی میں مبتلا ہونا کہ چھٹکارا
نہ ہو سکے ۔

بیگا ۔ بیماریوں کا علاج کرنے والا ۔ (پلاموں)

بیگاری ۔ بیگار ۔ مزدوری

بیلا پچھاڑ ۔ لٹو کا ایک کھیل جس میں ہارنے والے
کا لٹو گز نج مار کر پھاڑ دیا جاتا ہے ۔

بیلا لے جانا ۔ سبقت لے جانا ۔ بازی مارنا ۔

رہے نوری وناری دونوں حیراں
جو بیلا لے گیا یہ جسم خاکی
(عبدالغنی شمس کراپسرادوی)

بیل ہٹا ۔ گائے بیل وغیرہ کی ہاٹ

بیلنا بیلنا ۔ مشکلوں کو جھیلنا (شمالی مونگیر)

بے للّٰہ فی اللّٰہ ۔ للّٰہ فی اللّٰہ ۔ بے سبب (عو)

بیمت ۔ وہ ڈائن (جادوگرنی) جو سحر کرتی ہے
مگر سحر کا اثر زائل نہیں کر سکتی ۔

بیمت لگنا ۔ بیمت کے اثر سے بیمار پڑنا یا کوئی
اور نقصان سہنا ۔ (عو)

بینگ ۔ مینڈھک

بینگ اُچھلانا ۔ بازو کو چٹکی سے مسل کر اس کے
قریب ہاتھ سے مارنا جس سے وہ حصہ
پھول جاتا ہے ۔

بینگچی ۔ مینڈکی

بیونچ ۔ موچ

بیونا ۔ بیہونی ۔ بے ہنرا ۔ بے ہنری ۔ بدنصیب (عو)

بیہن ۔ بہن ۔ بیج

بیپل ۔ بل ۔ چوہے ، سانپ وغیرہ کا سوراخ ۔

## بھ

بھات ۔ ابالے ہوئے چاول ۔ خشکہ

بھات دال کا نوالہ ۔ معمولی سی بات ۔ آسان
کام ۔

بھاٹا ۔ ۱ بیگن (سارن) ۲ معنی شوہر

بھارا ۔ اونچی دیوار اور چھت بنانے کے لیے
راج اور مزدور بانسوں کو باندھ کر ان کے
اوپر تختوں کا مچان بناتے ہیں ۔

بھاڑا ۔ ۱ چاول رکھنے کی کوٹھی مٹی کی بنی ہوئی
۲ بڑا ٹھرا (سارن)

بھال ۔ بھالو ۔ ریچھ

بھانجنا ۔ لاٹھی یا کسی ہتھیار کو قاعدے سے گھمانا
۲ ڈینگ مارنا ۔

بھائی بٹ ۔ کسی جائداد کے شرکا میں آپس
کی تقسیم

بھبھلا ۔ موٹی عورت (رانچی)

بھبتھل مٹی ۔ جسم کا ڈھیلا پن اور پھیلاؤ جس سے
قبل از وقت نمو ظاہر ہوتا ہے ۔ (عو)

بھت منجھا ۔ بھات کا بنا ہوا منجھا

بھتوا ۔ بھتوا کنہڑا ۔ نجووا ۔ پیٹھا ۔

بھٹ ۔ کالا بھٹ کالا کالا کے بعد بطور تابع بھی
بولتے ہیں ۔

بھَٹ جانا۔ خستہ ہو جانا (دیوار وغیرہ کا)
بَھٹ کُوئیاں۔ بن کُٹکا (چھوٹی کوہ)
بھَٹیارِن۔ بھٹیاری
بُھجیتا۔ تقریب انجام کرنے والا۔ عموماً دولہا یا دلہن کا باپ۔
بُھجیتِن۔ بھجیتا کا مونث۔
بُھجنگا۔ ۱ بھجنگا۔ چرکوا (مشہور پرندہ) ۲ کالا۔
بھَدیس گاؤں۔ (بھدا دیس) غیر مہذب گاؤں۔
بھَرتا۔ بُھرتا۔
بھَرک جانا۔ زیادہ تاؤ سے تمباکو کا قبل از وقت جل جانا۔
بھَرماتما۔ (بھرم آتما) معزز (عو)
بھَری شام۔ شام کا وقت جب دونوں وقت ملتے ہیں۔
بھَڑبھوڑ۔ جس کے ہاتھ سے برتن بہت ٹوٹتے ہیں۔
بھڑکانا۔ بھڑنا (دروازے کا)
بھسَٹل۔ بِھسَٹل۔ بھاری بھرکم۔ بدصورت آدمی۔
بھَسنا۔ پانی سے بھر جانا۔
بھَگ جگنی۔ جگنو (کیڑا)
بھَگرا سیندور۔ سیندور کی ایک قسم۔
بُھکڑا۔ ایک قسم کی مچھلی
بُھکندر۔ بُھکندر
بھَکوا۔ بے وقوف
بھَکول۔ خبیث، سخت بدشکل اور ڈراونا
بھَگڑ ملو۔ بے ڈھب آدمی (دراچی)

بھَگیڑ۔ بھگدڑ۔
بھُمبُھل۔ جنبل
بھَنبھوڑنا۔ جھنبھوڑنا نوچنا
بھَنجانا۔ بھنجلانا۔ بُھنانا (سکّوں کا)
بھَنجت۔ پیسے جو صراف روپے بُھناتے وقت لیتے ہیں۔
بھَنجیا۔ تلی ہوئی سبزی۔ تلا جی بُھجیا۔ بھاجی۔
بھنڈار کونا۔ اتر پچھم کا کونا۔ ہنود بھنڈار گھر اسی کونے میں بناتے ہیں۔
بھَنڈاری۔ وہ آدمی جو آدی باسیوں کو جلسوں کی شرکت کے لیے بلاتا ہے (رانچی)
بھَنڈول۔ درہم برہم
بھِنگانا۔ بھگونا۔
بھَنسار۔ بھاڑ۔
بھنواری پُل کے نیچے کی محراب
بھوآ۔ ۱ پیٹھا، ۲ پھپھوندی ۳ ایک کیڑا جس کے جسم پر بال ہوتے ہیں۔
بُھورا۔ بسنی شکر۔ بھورے رنگ کی باریک شکر
بُھوس۔ گھوس، بڑا چوہا۔
بُھوکلا۔ چھوٹے چھوٹے نالے جو بین سے نکالے جاتے ہیں۔
بھونا۔ بُھنا ہوا چاول یا چنا وغیرہ
بھونٹ۔ بے وقوف۔
بھونٹا۔ پوال کے باریک ٹکڑے جو اوپلوں میں ملائے جاتے ہیں۔

بھونْدا ۔ بھوندو ۔ بھُونڈل ۔ بھُولا
بھوں مٹکانا ۔ آنکھ مٹکانا ۔
بھونی مرغی اُڑانا ۔ مبالغہ کرنا ۔
بھوم ۔ سوراغ (سارن)
بھوئیاں ۔ ایک پست قوم
بھوئیں سیمہ ۔ ایک قسم کی چھوٹی سیم
بھیہو ۔ چھوٹے بھائی کی بیوی ۔
بھیتر گھُنا ۔ جو دیکھنے میں سادہ مگر حقیقت
میں بڑا فریبی ہو ۔
بھیٹ ۔ ناہموار کھیت جس میں ربیع بوتے ہیں ۔
بھیٹ ۔ چھوٹے چھوٹے سفید دانے جو گل نیلوفر
سے نکلتے ہیں ۔ ان کی لائیاں بنتی ہیں ۔
بھیپنا ۔ سیاہ بھنورا
بھینسُر ۔ جیٹھ ۔ شوہر کا بڑا بھائی
بھیارا ۔ بھائی چارہ
بھیاری ۔ پنچایت ۔

## پ

پاپا بسکٹ ۔ پاپے ۔ پھولا ہوا بسکٹ (رانچی)
پاتیری ۔ کڑی چھت یا چھپر کے نیچے کی
پاتھا ۔ ہل کا ایک حصہ
پاٹا ۔ ۱ ۔ ہل کا ایک حصہ ۲ ۔ لکڑی کا اوزار
جس سے کھیت برابر کرتے ہیں ۔
پاٹھی ۔ پٹھ ۔ پٹھور ۔ بکری کا مادہ بچہ ۔
پار کرنا ۔ چرانا ۔

پاڑھ ۔ ساری کا رنگین کنارہ
پاڑی ۔ پاڑا ۔ چھوٹا کھیت
پاگھُر ۔ پاگُر ۔ جگالی
پالٹ ۔ وہ کپڑے جو لڑکی کو جہیز میں دیئے
جاتے ہیں ۔
پالکی رکھا جانا ۔ شکست کھانا ۔ عاجز ہونا ۔
پالکی گاڑی ۔ بگھی
پالو ۔ ہل کا پال
پانجا ۔ وہ گٹھر جسے بغل میں دبا کر لے جاتے ہیں ۔
پانجر ۔ پانجُر ۔ پسلی
پان تماکو ۔ پان زردہ
پانکا ۔ پانک ۔ مٹی اور ریت جو سیلاب کے
بعد زمین پر رہ جاتی ہے ۔
پانکھ ۔ پنکھ
پانگنا ۔ تاڑ کے پتے کو کاٹ کر ڈنڈی سے الگ
کرنا ۔ (دیہات ۔ پٹنہ)
پانی پلانا یا پلا مارنا ۔ پریشان کرنا
پاؤ بھر بھات ۔ پاؤ بھر دانہ ۔ کھانے کا سہارا ۔
پاؤں پھری ۔ پچھل پاؤ ۔ چڑیل
پاؤں کا اندھا ۔ جس کو اس کا احساس نہ ہو
کہ جوتا اپنا ہے یا دوسرے کا ۔ چھوٹا یا ٹبا ۔
پاہو ۔ بے وقوف ۔ مزاحیہ لفظ ہے (پٹنہ)
پٹپٹ ۔ پپڑ ۔ پتلا اور آسانی سے ٹوٹنے والا ۔
پٹیری ۔ چھوٹی مرغ چونٹی (بہار شریف)
پٹیٹر ۔ سرپتا ۔ مرگی کا پتا (سارن)

پتلی - ہنڈولیا - چھوٹی ہانڈی (سارن)
پتلائن - پیتل کے مزے سے مشابہ
پتلکھیا - دُبلا پتلا (پیاپے پتلکھیا ری مائی ار ج (عرف)
مری مان (گیت) (عوام)
پت مرُدوا - جس کی پت مری ہوئی ہو - ضبط و تحمل
والا - جو دیر تک ایک کام میں لگا رہ سکتا ہو
پتوڑا - پیازو - بڑی پھلکی جس میں پیاز کاٹ کر
ملائی گئی ہو -
پتول - بانس کے پتے (دیہات - پٹنہ)
پتولا - گنے یا اوکھ کے پتے (دیہات - پٹنہ)
پتھر چور - گول گول دار پتا - جس کا استعمال
سنگ مثانہ کو تحلیل کرتا ہے -
پتھلوٹی - پتھروٹا - پتھر کے بنے ہوئے برتن -
پتھیا - ٹوکرے کی ایک قسم (سودھی و اطراف)
پتی - ۱ گندے کا باریک اور نرم حصہ جو موٹے
حصے سے پھوٹتا ہے (بہار شریف)
۲ ایک قسم کا کیڑا جو غلے کو برباد کر دیتا ہے
پٹا - پٹا - ۱ بڑی مونچھیں ۲ کانوں تک کی زلفیں -
پٹپٹانا - ۱ مارے مارے پھرنا - ۲ بہت مارنا -
(دیہات - پٹنہ)
پٹپٹیا - ۱ ایک پودا ایک فٹ لمبا - اس کی چھوٹی
پھلی کو تر کر کے آفتاب کے سامنے رکھنے
سے پھٹ کر "پٹ" سے بولتا ہے - ۲ ایک آتشبازی
۳ بادام کا ایک حصہ جو دوسرے حصے میں
پہنانے سے "پٹ" سے بولتا ہے -

پٹپڑی - کنپٹی کا حصہ جو جبڑوں کی ہڈیوں او
آنکھوں کے کونوں سے ملا ہوا ہوتا ہے
پٹ وِل - تختہ یا پتھر کی سل جو دروازے
اوپر خلا کو بھرتے اور دیوار کو مکمل کرنے
کو رکھی جاتی ہے -
پٹس - ایک کانٹے دار درخت جس میں چھو
چھوٹے نیلے پھل ہوتے ہیں - (رانچی)
پٹ - پٹھ، نوجوان، مرغ اور دوسرے پرندوں کیلئے مستعم
پٹنا - سپچنا } ٹکسالی زبان میں پٹنا، پٹا
پٹانا - سینچنا } قلیل الاستعمال ہے -
پٹوا - پٹ سن -
پٹھ دینا - اُبھارنا
پٹھرو - پٹھ (بکری کا نر بچہ)
پٹھی - پہیے کے بیچ کا سوراخ
پٹھور کر دینا - مار مار کر ختم کر دینا - (دیہات)
پٹوَنی - پٹاون - پٹانا کا حاصل مصدر -
پٹیا - ڈوری مچھلی (سارن)
[پچاوا - پڑاوہ]
پچھڑ - پچھڑ -
پنچ میر - پنچ میل - پانچ یا کئی قسم کی مٹھائیوں کا مجم
پچوانسا - (پچ ماسہ) ایک رسم جو پہلے حمل
پانچویں مہینے ادا کی جاتی ہے اس میں
فاتحہ کی جاتی ہے اور دعوت -
پچھانہہ - پچھاں - پچھم - (مغرب)
پچھانہیں - پچھامیں - پچھم کا -

لگوا۔ پچھ لگو، وہ جو ہر وقت کسی کے پیچھے پیچھے ہے۔

پدا۔ بڑی ٹڑیا۔

ائیں۔ (پیرداہنی) وہ ہنسوا جس کو پیر کے
نیچے دبا کر مچھلی وغیرہ کاٹتے ہیں۔

م۔ وہ سوت جو تاڑ کی آنٹی کے بوُنے سے نکلتی ہے۔
وہ اکٹھا جو کرتے ہیں چن چن کے آنٹھی
تو اک روز اس میں پرم دیکھتے ہیں
(بلاغ بہاری)

لٹا۔ چالاک۔

گا۔ کرہے کے اوپر کی مینڈھ جس پر بیج بوتے
ہیں۔

مد۔ ترقی۔ (عوام۔ پٹنہ)

وَیا۔ پُروا۔ پورب کی ہوا۔

یا۔ پُڑیا۔

یانی۔ کانٹا۔ سونا یا جواہرات تولنے کا چھوٹی ترازو۔

یتا۔ پیٹوا (سارن)

یشاں حواس۔ پریشاں خاطر۔ بوکھلایا۔

انا۔ پڑنا کا متعدی مثلاً پانی پڑانا (پانی ڈالنا)
رنگ پڑانا (رنگ کھیلنا)

تی۔ پڑپیت۔ زمین جس میں کوئی فصل بوئی
ہوئی نہ ہو۔

بس کٹیا۔ ٹوکری کی ایک قسم (مشرقی پٹنہ)

باؤ۔ پالتو

سنگا۔ ۱ پسنگا۔ پسنگھا۔ پاسنگ۔ ۲ وزن جو
ترازو کے پلڑوں کو برابر کرنے کے لیے رکھتے ہیں۔

پَسنگا چڑھنا۔ ترازو کے پلڑوں کا اونچا نیچا ہونا۔

پَسنگی۔ ۱ رسی جس کو پاسی پاؤں میں پھنسا کر
تاڑ پر چڑھتا ہے۔ (پٹنہ) ۲ آگ جو بچہ
پیدا ہونے کے بعد زچہ خانہ کے دروازے
پر روشن کرتے ہیں۔ (سارن)

پَسِنیا۔ ۱ پاسی کی عورت۔ پاسن کی تصغیر
۲ سرخ رنگ کا ایک پھول جس کا درخت
بلند اور پتے املی کے پتوں سے مشابہ ہوتے
ہیں (انگریزی گولڈ مہر فارسی میں گل مہر)

پکٹھانا۔ پھل کا پورا پک جانا۔

پکچی۔ اروی (مشہور ترکاری) دگیا۔ راچی)

پکھلاوا۔ پکھلایا (کھانے کی ایک مشہور قسم)

پکھوارا۔ دو ہفتوں کی مدت۔ ماہ نو سے ماہ کامل
تک یا اس کے برعکس۔

پگار۔ ۱ انگ کا بالائی حصہ (پٹنہ) ۲ اونچی
زمین (پٹنہ) ۳ گنے کے پتوں کے
اوپر کا حصہ (دربھنگہ)

پگڑی اچک لینا۔ ۱ کسی کو ذلیل کرنا ۲ محروم کرنا۔

پگسی۔ دیکھیے پسگی ۱ (سارن)

پگھا۔ پگا۔ پگھا۔ نواری کی رسی

پلاکی۔ پالک (ساگ)

پلٹے پاؤں۔ اُلٹے پاؤں جا کر فوراً واپس

پلُو۔ درخت کی ٹوٹی ہوئی شاخ۔

پلُو۔ کپڑا۔

پلیتی۔ پلی۔ لوہے کا گول چمچہ جس سے تیل نکالتے ہیں۔

پلنڈا۔ پلندا۔
پلنگ۔ ایک قسم کی زرد رنگ چڑیا۔
پلوتی۔ کھجور کی شاخ کا حصہ جہاں تک پتے ہوتے ہیں۔
پلہی چمکنا۔ (پٹنہ) پلہی کا پینا (رانچی) "پلہی" اصل میں پلیٹی ہے یعنی تلتی تلتی کا چمکنا یا کانپنا۔ خوف زدہ ہونے کی علامت۔ لہذا اس محاورہ کے معنی ہیں خوف زدہ ہونا۔
پلیتھن میں پھنسنا۔ نقصان اٹھانا۔
پمبھو۔ بے وقوف
پن۔ ۹۶ عدد کا مجموعہ۔ اُپلوں کے لیے بولتے ہیں۔
پنتاوا۔ پنتوا۔ گلاب جامن (مشہور مٹھائی)
پنٹیل۔ (انگریزی پن ٹیل) پن کی سی دم والا۔ ایک چڑیا جس کی دم پن کی سی نوکیلی ہوتی ہے۔
(ترہت)
پنجڑا۔ پنجرا۔ قفس
پنجرنیا۔ پانچ دانوں کے برابر۔ دانوں سے مشابہ عضو جو مرغوں کے سینے کے پاس رہتا ہے۔
پنچولا۔ پنچورا۔ سٹی کا بدھنا جس کا پیندا اور کنگھا نیچے ہوتا ہے۔ کنگھے سے پیندے تک نلی ہوتی ہے۔ سیدھا کر کے پانی بھرتے ہیں اور الٹ دیتے ہیں۔ اس کو "محفل حیراں" بھی کہتے ہیں۔ (بہار شریف)
پنچولی۔ پان رکھنے کی ٹوکری جس پر رنگین کاغذ منڈھا ہوا ہوتا ہے۔ اس پر ڈھکن بھی ہوتا ہے، شادیوں میں ساچق کے ساتھ پا[ن] اسی میں رکھے جاتے ہیں۔
پن چھتی۔ پر چھتی۔ وہ چھپر جو ننگی دیوار پر پانی کی چو[ٹ] سے بچانے کے لیے ڈالے جاتے ہیں۔
پنڈرخ۔ پنڈرق۔ پنڈخی۔ پنڈک، فاختہ۔
پنساہا۔ چھوٹی چیچک کی ایک قسم۔ انگریزی چک[ن] پوکس۔
پن سوکھا۔ (پانی سوکھنے والا) قوس قزح جو پور[ب] میں نکلتا ہے۔ مشہور ہے کہ اس سے بار[ش] رک جاتی ہے۔ (پٹنہ و اطراف)
پنکاہا۔ جلد رو دینے والا (پٹنہ۔ رانچی)
پنکائن۔ پنکینھا۔ پانک کی سی بو رکھنے والا۔
پنک رونا۔ جلد رو دینے والا (رانچی)
پنکول۔ پنکوا۔ سیاہ رنگ مرغابی جس کی چو[نچ] نکیلی ہوتی ہے۔
پن کھجور۔ پنڈ کھجور (پنجابی) تر کھجور
پُنگ جانا۔ کامیاب ہو جانا۔
پُنگانا۔ شکایت پہنچانا۔
پنورا۔ پنیالا (پھل) (رانچی)
پنیاہا۔ پانی کا سا، رقیق
پنیاہی۔ پنیاہا کا مونث۔
پوا۔ پوا۔ ۱۔ سنپولیا سانپ کا بچہ ۲۔ کچلی (رانچی)
پوتھا۔ پوٹلا۔ تھیلا۔ توڑہ۔
پوتھ پورا کرنا۔ جیوں توں کر کے کام انجام دی[نا]
(پٹنہ)

پوٹا ۔ پوٹل ۔ پٹل (چھوٹا ناگپور)

پوٹری ۔ ۱۔ ام پچھیا (چڑیا) ۲۔ پوٹلی ۔

پوٹھور ۔ بڑی پوٹھیا ۔

پوٹھیا ۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ۔

پوڑکی ۔ فاختہ (رانچی)

پوکھر ۔ پوکھرا ۔ ۱۔ جھیل ۲۔ تخت جس پر نوشاہ کو کھڑا کرکے شربت پلایا جاتا ہے (عو ۔ پٹنہ)

پونج ۔ نواری کا انبار جو گول ہوتا ہے اور اس پر نواری کی آنٹیاں گول چھپر کی طرح رکھی جاتی ہیں ۔ (بہار شریف)

پونٹریا ۔ ناچنے والا (دیہات ۔ پٹنہ)

پونگا ۔ Screen کسی انجن یا مشین سے نکلنے والی زور کی آواز جس سے لوگ متنبہ کیے جاتے ہیں ۔

پونہل ۔ دیکھیے پر دائیں (سارن)

پونیا ۔ وہ پینے والے جن کی ضرورت سبھوں کو ہوتی ہے ۔ (دیہات ۔ پٹنہ)

پہان ۔ آدی باسیوں کا پروہت (رانچی)

پہٹنا ۔ بڑی لکڑی کو پھاڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ (دیہات ۔ پٹنہ)

پہر وار تاڑی ۔ وہ تاڑی جو منہ اندھیرے اتاری جاتی ہے ۔

پہروپا ۔ فصل کو پہلی بار روپنے کا تہوار (دیہات ۔ پٹنہ)

پہلام ہونا یا کرنا ۔ ۱۔ نقد، سپر وغیرہ کا دفن ہونا یا کرنا ۔ ۲۔ برباد ہونا یا کرنا ۔

پہلانا ۔ پلہانا ۔ بچوں کو لوری دے کر بہلانا ۔

پیار ۔ چرونجی کا پھل

پیال ۔ دیوار سے مشابہ ایک قسم کی لکڑی ۔

پیاؤ ۔ ایک قسم کی مٹھائی جو بالوشاہی سے مشابہ ہوتی ہے ۔

پیاؤ کی ٹکیا ۔ دیکھیے پیاؤ (سہسرام)

پیتانا ۔ پائینتی ۔

پیٹ میں کھرچی ہونا ۔ پیٹ میں گن بھرے ہونا باطن میں شرارت کا ہونا ۔

پینچنا ۔ غلے کو سوپ میں رکھ کر اپنے بائیں حرکت دے کر دوسری چیزوں کو نکال لینا ۔

پیر کی ڈوری لگنا ۔ کسی بزرگ کے مزار کی زیارت کے ارادے میں کامیاب ہونا ۔ (عو ۔ پٹنہ)

پیڑنا ۔ ۱۔ پیلنا ۲۔ دانے سے تیل نکالنا ۔ ۳۔ پریشان کرنا ۔

پیسار ۔ ایک قسم کا درخت ۔

پیک تھوکنی ۔ اگالدان (عوام)

پیکڑ ۔ (پے = پیر + کڑا = کڑا) ناڑا جو محرم میں پنڈلیوں میں باندھتے ہیں ۔

پیول ۔ انگریزی پیو سے مشتق ہے ۔ زمین کا فرش جو اینٹوں یا پتھروں کی چوکھٹی ہو کر بچھا کر اور جوڑ کر بنایا گیا ہو ۔

پئین ۔ چوڑا اور گہرا نالا جو ندی سے کھیتوں میں پانی لانے کے لیے کھودا جاتا ہے ۔

پیینی ۔ دیکھیے پتی (چھوٹا ناگپور)

پینگھا ۔ پینگ ۔

پینگھی - پینگ -

## پھ

پَھاٹ - ڈنّاڑ
پَھانسل - پنسوا - درانتی - (سنگھ بھوم)
پُھٹانی - غرور - شیخی -
پَھٹا چُٹا - پھٹا اُدھڑا
پُھٹکا - پھٹکل - ایک قسم کا پتا جو ابتدائی نمو کی
حالت میں ساگ کے طور پر کھایا جاتا ہے -
پُھٹکنیا - دیکھیے بن پھٹکا (درانچی)
پُھٹکت - پھٹکل خرید و فروخت جس میں سے
ہر ایک کا دام الگ الگ کیا جائے -
پھٹہا - بے حجیب - بے حیا -
پُھٹہا - بھونا چنے وغیرہ کا -
پَھٹوندا - پھٹے ہوئے دودھ کا کھویا
پھچکا باندھنا - پاجامے کو ازاربند کے بغیر کس
کر کمر میں کھونس لینا -
پُھچکا - چھوٹی پوریاں جن کے اندر تلے ہوئے
چنے اور نمک مسالا ملا ہوا پانی ڈال کر کھاتے ہیں -
پچھکاری - پچکاری -
پھرچھا - پھرچا ۲ پونچھنا
پھر چلنا - بہت سیاحی کرنے والا
پھرکا - تاڑ کی ڈنڈیوں سے الگ کیے ہوئے
(مشرقی پٹنہ)

پھرکاسی } گڑ پھانسی
پھرکواسی } پھنڑی - پھندا
پُھرکاسی } گرا پھلنے والی
پُھرکی - دھرگی کا بیسواں حصہ
پھڑہی - مُرمُری - بھنے ہوئے چاول جو پھول جا[ئیں]
پھسپھیسا - پھسپھسا
پُھسڈی - پھسڈی - پھسڈی - کمزور - ذلیل
پُھستی - دانت کا میل
پھکٹ - باتوں کو بڑھا کر بولنا -
پھکٹیا - پھکٹ کرنے والا -
پھکراٹن - پھکراہند - پُھکراندا - بکرے کی
بو سے مشابہ -
پھگیر - جال جس کو پھینک کر مچھلیاں پھنسا[تے]
ہیں -
پُھلانا - ۱ پھولنا کا متعدی ۲ پھول کا کھلنا
پُھل بنسا - (پھول سا بانس) تپلا بانس -
پُھل پھلہری - پھل پھلیری - پھل پھلاری
پُھل جھاڑو - دیکھیے سیار پھچھی -
پُھل چنگیر - چاندی کی چنگیری جس پر نوشاہ
کے آگے پھول رکھے جاتے ہیں -
پھلسا - پھرسا (ایک ہتھیار)
پَھلک جانا - پھیل جانا -
پُھل کوبی - گوبھی - گوبی -
پُھل متی - چھوٹی چیچک -
پھلوڑی - پھلکی -

پھلی۔ ٹخنے اور اڑیوں کے درمیان کی جگہ۔
پھلیا۔ پُتڑا۔
پھلیا۔ ۱ سیاہی جو دھوئیں سے جم جاتی ہے۔
۲ پھول سے مشابہ چیز جو تانے سے نکلتی ہے۔
پھنگا۔ بھنگا۔ پتنگا۔
پھنگی۔ بھنگیڑا۔ چھوٹا پتنگا
پھوآ۔ پھوپھی
پھوپھو۔ پھوپھی
پھوچڑ۔ پھوسڑا۔ پھونچڑا۔
پھوٹا ڈھول۔ وہ جو ہر راز کو مشہور کر دیتا ہے۔
پھوڑی۔ ۱/۴ بوڑی
پھولا۔ پھونکا۔ پھپھولا۔ چھالا۔
پھونپھیانا۔ پھنکارنا۔
پھوہی۔ پھوئی، پھوہار
پھہوا۔ پھویا۔ چھوٹا بچہ۔
پھیدا۔ تاڑ کا پھل جس سے کویا نکلتا ہے۔
پھیٹا۔ گپڑی (دہات)
پھینس۔ پھنیس۔ پیوسی۔ گائے بھینس کے بچے جننے کے چند دنوں بعد تک کا دودھ۔
پھینی۔ کھاجا یا کھجلا یا جو گول اور بڑا ہوتا ہے۔
(بہار شریف)

## ت

تاج خانی۔ چاول کے آٹے کی بنی ہوئی مٹھائی جو کنگنے سے مشابہ ہوتی ہے میں بنتی

ہے۔ (مٹنہ و اطراف)
تاڑنا۔ پھوٹے ہوئے غلے کو دیگچی میں رکھ کر تھوڑا جوش دے کر اتار لینا (دہات۔ پٹنہ)
تالم تول۔ (طالم۔ طول) جوڑ توڑ۔ برابر (عو۔ پٹنہ)
تامی۔ تانبے یا پیتل کا گھڑا۔ جو پیندے سے اوپر تھوڑی دور تک ڈھلوان۔ پھر تھوڑی دور تک سیدھا۔ پھر گردن تک ڈھلوان ہوتا ہے اس کے اوپر چھا کنکھا ہوتا ہے۔
تانا پڑیا کرنا یا لگانا۔ تانا بکرتے پھرنا۔ بار بار آنا جانا۔ (عو۔ پٹنہ)
تانی گھرنی۔ تانا بانا کپڑے کا۔
تائید۔ ۱ وکیل کا محرر، ۲ معانی مشہور۔
تباکھیر۔ گھونگھے کا انڈا (بہار شریف) (قلیل الاستعمال ہے)
تتارنا۔ کپڑے کو گرم پانی میں ڈبو کر بدن کو اس سے سینکنا۔
تتاس۔ مرچ کی تیزی۔ جھال۔
تتاسن۔ مرچ کی سی بو رکھنے والی چیز
تترمتر۔ تتر بتر
تترانا۔ تتلانا۔
تتراہا۔ توتلا۔
تتکدوا۔ تلخ کدو۔
تتکی۔ چھوٹی انگاری جو جلتے ہوئے تنکے کی نوک پر رہتی ہے جس کی چنگاریاں چھوٹتی ہیں۔

تَتھرا - تانبے کا گھڑا جس کی گردن لمبی کنکھا چوڑ
اور اس کے اوپر پانی ڈھالنے کے لیے
نالی سی ہوتی ہے ۔

تَتیانا - پچھتانا (راچی)

تَرارہ - تریڑا - پانی کا دھار باندھ کر ڈالنا ۔

تَرازہ - سالن کا گھڑا ۔

تُریری - حریرہ

تُرک توپ - (ترک = مسلمان + توپ = بھوپ
(ڈھیر) مسلمان کی قبر (مان بھوم)

تَرکوا - تل - گوہنڑی - امرلتا (سارن)

ترقی پر آنا - پروان چڑھنا ۔

ترمتی - ترمتی (ترکی) سکہ - بہری

ترنجبر - لیموں کا عرق، پیاز کے لچھوں وغیرہ کا مرکب

ترونی - بہت چھوٹا اور ایک بالشت اونچا مونڈھا
جس پر حلوائی خوانچہ رکھتے ہیں ۔ (پٹنہ)

تَریانا - نتھرانا - چاول کو پانی میں ڈال کر ہلا کر صاف
کرنا ۔ (عو - پٹنہ)

تریرا - تریڑا ۱ پانی کا دھار باندھ کر ڈالنا ۲ چھوٹی
لکڑی جو مچھلی کی ڈور کے ساتھ بندھی ہوئی تیرتی
رہتی ہے ۔

تڑبنا - (تڑ = تاڑ + بنا = بن = جنگل) وہ جگہ جہاں
تاڑ کے درخت کثرت سے ہوں ۔

تڑپانا - ۱ کسی کو پھندانا ۔ ۲ معنی مشہور ۔

تڑپنا - ۱ پھاندنا ۲ بے قرار ہونا ۔

تربھڑ - تڑپڑ ۱ جلد جلد ۲ بے قرار ہو کر (عو)

تڑنا - لٹو کے کھیل کی ایک اصطلاح

تڑیل - تاڑی والا - تاڑی باز ۔

تسلا - پیتل کی چوڑی دیگچی ۔

تصرفی - وہ کھانا جو شادیوں میں نوکروں کو
دیا جاتا ہے ۔

تگاڑ - تگڑ - گھیر - متھا

تگی - تیا - تاش کا تین کا پتا ۔

تل - ۱ معنی مشہور ۲ اصطلاح زمینداری
میں بلہ ریوڑی ۔

تل پپڑی - پپڑی جس پر تل چپٹا ہوا ہوتا ہے ۔

تل فل - غصہ میں بھرا ہوا - (عو - پٹنہ)

تل کھری - ترکوا - امرلتا ۔

تل گگرا - تیل + گگرا - ایک قسم کی سبز رنگ مچھلی ۔

تلنگی - کنکیا (لکھنو) کنکوا (دہلی) - پتنگ ۔

تلنگی کاٹنا - پتنگ بازی جیتنی ۔

تلوا - گزک - تل کا بنا ہوا لمبا ٹکٹ ۔

تلوانسی - بے تل (اصطلاح زمینداری)

تل ہتھی - (تل = نیچے + ہتھی = ہاتھ) کفِ
دست - ہتھیلی ۔

تلہن - تخم جس سے تیل نکالا جاتا ہے ۔

تلہنڈا - (تیل + ہنڈا = ہانڈی) تیل رکھنے کا
برتن ۔

تلہنڈے تلے یا گھاٹ چلے جانا - نقصان
اٹھانا ۔

تمائن - تانبے کا مزار رکھنے والا یا اس سے مشابہ ۔

ی - تمبولی
لن - تنبولن ۔ تنبولن
یلا - تانبے کا گھڑا ۔ مٹکی (شمالی مونگیر)
پڑی - چھوٹی تامی ۔ تبلوہی
تیا - ایک گھاس جس کے ڈنٹھل میں تین پتے ہوتے ہیں۔ مزہ کھٹا ہوتا ہے۔ کپڑے پر سیاہی یا رنگ گر جائے تو اس سے صاف ہو جاتا ہے۔
چٹیا - تین چوٹیاں ملی ہوئی ہوتی ہیں۔ کانوں کے پاس کی چوٹیاں اصلی چوٹی سے ملا کر باندھی جاتی ہیں۔
کونیا - تکونیا ۔ مثلث
- چوکھٹی چرخی جس پر دھاگا لپیٹتے ہیں۔ (رانچی)
انڈا - انڈا جس کا چھلکا نرم اور باریک ہوتا ہے۔
نکا - تو تو میں میں
یگہ چاہیے - اس کا موقع نہیں ہے
طوفان - ہنگامہ ۔ شور و غوغا (عو)
بھوڑ ہونا - بے قرار ہونا (عو - پٹنہ)
ا - بڑے منھ کی چوڑی ہانڈی جس میں دہی رکھا جاتا ہے۔ (دربھنگہ)
ری - تہری ۔ پلاؤ جس میں آلو ڈال کر پکاتے ہیں اور ہلدی سے رنگ دیتے ہیں۔ پنجاب میں آلو کے بجائے گوشت ڈالتے ہیں۔

تہیانا - تہہ لگانا۔ تہہ کرنا۔
تیبٹر - تین تہہ کیا ہوا۔
تیتر بیتر - تتر بتر ۔ منتشر
تیتنا - سردی سے متاثر ہونا۔ گیلا ہونا۔
تیر بھکنا - راستہ چلتے ہوئے سمت بھول جانا
تیر کمپا لگانا - کامیابی کی تدبیر اختیار کرنا
تیسرے روز - ترسوں۔
تیسی - السی۔
تیل تھرنا - جگہ کا صاف ستھرا ہونا۔
تیلن - تیلن (تیلی کی عورت)
تینجا - تمباکو کا پتا جو پہلے دو پتوں مورہن اور دونجا کے توڑنے کے بعد نکلتا ہے۔

## تھ

تھارا - بڑی تھالی (رانچی)
تھپکا - اچکا (ٹینگ کا) (رانچی)
تھتھر سانپ - ۱ ایک قسم کا سانپ جو ایک جگہ بیٹھا رہتا ہے ۲ سندی آدمی
تھتھر ہونا - اپنی بات پر اڑا رہنا۔
تھکا ستارہ - کچ بچیا ۔ ستارہ ثریا (مشرقی پٹنہ)
تھکم فضیحت - تھکا فضیحت ۔ گالی گلوج جیسے ان میں تھکم فضیحت ہے۔
تھلتھل - تھلتھل ۔ موٹا آدمی
تھمبھی - تھونی بکھمبا جس سے چھت کو سہارا دیتے ہیں

ٹھُن مُٹھُن۔ رنجیدہ (مو۔ پٹنہ)
ٹھَوَا۔ ڈھیلا (مٹی کا ڈھیلا) کا ہل جو پل پھر نہ سکے۔
ٹھَوبَڑ۔ ٹھوبڑا ہا۔ بدشکل
ٹھَول۔ دیوار کا وہ حصہ جس پر چھت کے شہتیر
اور کڑیاں رکھی جاتی ہیں۔

## ٹ

ٹاپا ٹوئیا دینا۔ ٹاپا ٹویا یا ٹوٹی کرنا۔ ٹامک ٹوئیا دینا
اٹکل پر چلنا۔
ٹاپلا کھانا۔ فائدے کی امید میں پڑے رہنا۔
ٹاپی۔ چھوٹا ٹاپا۔
ٹاٹھا۔ ٹانٹا۔ تندرست
ٹال بَٹال۔ ٹال مٹول۔ بہانہ کرنا۔
ٹالی۔ انگریزی ٹائل۔ پتلی اینٹ جس سے
چھت پاٹتے ہیں۔
ٹانبڑ۔ بنجر زمین
ٹانگر۔ ڈنک۔ نیش
ٹپانا۔ ۱ ٹپنا کا متعدی ۲ چرانا۔ کسی کی چیز
کو چرانے کی نیت سے چھپا دینا۔
ٹپکا دینا۔ چھپر جہاں ٹپکتا ہو وہاں پر مرمت کرنا۔
ٹُپکی۔ روگ۔ بددعا۔ (رانچی)
ٹپتی۔ نشان جو دیوار پر حساب یاد رکھنے کے
لیے دیا جاتا ہے۔
ٹِڈّا۔ مدک پینے کا نیچہ
ٹکاہا۔ ۱ ٹکا۔ تانبے کا بڑا سکہ جس کی قیمت
پرانے دو پیسوں کے برابر ہوتی تھی ۲ دو
ٹکے کا۔
ٹکَاہی۔ ۱ ٹکاہا کا مصغر۔ چھوٹا ٹکا۔ ۲ دو
ٹکے کی۔
ٹِکٹِکیا۔ ٹکٹکی (پنجابی) چھپکلی
ٹکرا۔ ٹکڑا۔
ٹکرا یا رجہ۔ تھوڑی سی جائداد
ٹکُر ٹکُر۔ ٹُکُر ٹُکُر۔ ٹکر ٹکُر (پنجابی) حیرت سے۔
ٹگنا۔ لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔ ٹھلکنا۔
ٹگھارنا۔ ٹگھرانا۔ ٹگھرنا کا متعدی۔
ٹگھ ٹگھ۔ آہستہ آہستہ
ٹگھرنا۔ پانی یا رقیق چیز کا دیوار یا زمین کے سہارے
سے مسلسل بہنا۔
ٹِلوا۔ ٹلیا کا مذکر۔ نر چوزہ
ٹَن ٹَن۔ ۱ دھات کے بجنے کی آواز ۲ لگاتار
بولنے کے لیے بولتے ہیں۔
ٹَنٹَنانا۔ تندرست ہو جانا
ٹنٹنیا۔ گجر۔ گھنٹی جو جلد جلد بجے۔
ٹنڈا۔ گانٹھ گوبھی سے مشابہ ایک سبزی۔
(پٹنہ۔ جمشید پور)
ٹَنڈیلی کرنا۔ ٹنڈیل قلیوں یا خلاصیوں کے
افسر کو کہتے ہیں۔ خوشامد کرنا۔ مصاحبت کرنا
ٹنڈی کسنا۔ مجبور کر دینا۔ (دربھنگہ)
ٹنڑوا۔ چھوٹا نالا جو بین سے نکالا جاتا ہے۔
ٹنکی۔ دیکھیے ٹپکی (رانچی)

ٹنگڑی - ٹانگ - پاؤں

ٹنگڑی نہیں ٹھہرتی - مقابلہ نہیں کرسکتا، کامیاب
نہیں ہوسکتا۔

ٹنگرنا - مرنا - بددعا (رانچی)

ٹوٹا - ۱ کارتوس کی شکل کی مٹھائی جس پر تل
چھڑکی ہوتی ہے (بہارشریف) ۲ ٹوٹا
کارتوس۔

ٹوٹا کے بشکل ہے۔

ٹون - تاڑ یا بانس کا ٹکڑا - ٹونہا۔

ٹونا - ۱ ٹوٹنا ۲ معانی مشہور ہے

رک گئی سانس اور پریت کی میں
نبض کاہے کو ٹوٹی جاتی ہے
(اختر اورینوی)

ٹونگنا - ناخن تراشنا۔

ٹوُر - بسیر - وہ جس کی ماں مرگئی ہو۔

ٹہری - مٹی کا برتن جس میں گھی یا دودھ رکھا جاتا ہے۔

ٹہلا دینا - چرانا - چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ
رکھ دینا۔

ٹیچو - ۱ اینچ تانا (بہارشریف) ۲ کسی کا مصاحب۔

ٹیٹھا - ٹیڑھے مزاج کا۔

ٹیٹگا - گرگٹ (رانچی)

ٹیٹن - ٹینٹ - آنکھ کی پتلی

ٹیٹیا - سرخ چونچ والا طوطا۔

ٹیڑھا بگڑا - ٹیڑھا میڑھا - گڑمڑ - بیکار

ٹیسنا - گولی کے کھیل کی اصطلاح - گولی نشانے پر مارنا۔

ٹیسوا - یوروپی اور ہندوستانی کا مخلوط النسل۔

ٹیلہا - ٹیلا۔

ٹینگرا - ۱ ایک قسم کی مچھلی ۲ گا مچھلی (سارن)

## ٹھ

ٹھاپے ٹھائے - کاٹھ یا زمین پر ٹپکنے کی آواز

ٹھڈی - ٹھوڑی۔

ٹھرک جانا - آگ کا بجھنے کے قریب ہونا۔

ٹھریانا - نو کا رک جانا۔

ٹھساہا - ٹھساہی ٹھیس لگانے والا یا والی۔

ٹھکر ٹھکر - آہستہ آہستہ۔

ٹھکوا - ایک قسم کا کلیچہ جس میں آٹے میں بھونا
یا شکر ملا کر بیلتے ہیں۔

ٹھمکنا - ٹھٹھکنا۔

ٹھنکنا ٹھنکنا - آہستہ آہستہ رونا۔

ٹھو - ایک لاحقہ جو عدد کے بعد آتا ہے "صرف"
کے معنی پیدا کرتا ہے۔

ٹھوپ - بوند (بارش کی)

ٹھور لٹکانا - روٹھنا۔

ٹھونگا - کاغذ کا چھوٹا تھیلا جس میں دوکاندار
پھل وغیرہ گاہکوں کو دیتے ہیں۔

ٹھوہر - جس کا وزن جسامت کی مناسبت
سے زیادہ ہو۔

ٹھہاکا - قہقہہ

ٹھیومنا - ٹھیونا - گھٹنا۔

## ج

جاسُو - ١- سوکھا پتا۔ ٢- امرود کا یا اور کوئی پتا جسے جلا کر افیون کے قوام میں ملا کر مدک پینے کے کام میں لاتے ہیں۔
جاکڑ - پُرانا۔
جالا - جال - درخت کے پتوں پر جو جال سا ہو جاتا ہے۔
جامنا - جنمنا - اُگنا۔
جان تباہ ہونا - جان دوبھر ہونا - جان کے لالے پڑنا۔
جان میں لگ جانا - کسی پر بہت اصرار کرنا۔
جاوُت - شوہر کا بھتیجا۔
جایاں - جڑواں۔
جَبرا - غلّہ رکھنے کی مٹی کی بنی ہوئی جو کھٹی بڑی کوٹھی۔
جَتن کرنا - جمع کرنا۔ (سارن)
جٹادھاری - کلغا - مرغ کیس - ایک سرخ پھول جو جٹا سے مشابہ ہوتا ہے۔
جڑانا - بخار آنا۔ (رانچی)
جڑانا - سستانا - آرام کرنا۔
جُڑاور - وہ کپڑے جو شادی کے بعد پہلے جاڑوں میں سسرے کی طرف سے بہو کے میکے بھیجے جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ عمدہ کھانے اور مٹھائیاں بھی ہوتی ہیں۔
جُڑکسنا - وہ ناڑا جس سے جوڑے کسے جاتے ہیں۔

جُڑیانا - جڑانا - سردی سے متاثر ہونا - سردی لگنا (مشرقی پٹنہ)
جَسیر - وہ کھمبا جس پر لاٹھے کا بانس رکھا جاتا ہے۔
جَک - جھک - ضد
جَکّی - جھکّی - ہٹ دھرم
جِلابی - ١- جلیبی مشہور مٹھائی ٢- ایک پھل جو جلیبی سے مشابہ ہوتا ہے۔ (دربھنگہ - بہار شریف)
جَل جَمنیا - ایک گھاس جس کے پانی میں ڈالنے سے پانی جم جاتا ہے۔
جلَالا - جھلملی (شمالی مونگیر)
جلّیا - اُلّو (پٹنہ - دیہات)
جَلیندھا - جلی ہوئی چیز کی بو رکھنے والا۔
جماوُدہی - جمادہی - چِکادہی
جمڑی - ١- چھال - ٢- کائی ٣- میل کی تہہ۔
جمنیا - جامن کے رنگ کا۔
جمواُئی - جماہی - جمہائی۔
جمہوا - جموگا - بچوں کا ایک مرض
جِنڈورا - جنورا - مکئی - جُوار۔
جنمانا - اُگانا۔
جُنی - عورت - بیوی (رانچی)
جُوانا - کسی پھل یا سبزی کا پختہ اور سخت ہو جانا۔
جوٹھا - جھوٹا - اُلش۔
جُوری - نواری کی رسی
جُوکی - دیکھیے سونٹی (چھوٹا ناگپور)
جُوگیا تاڑ - تاڑی کی ایک قسم۔

جونکا۔ ایک بوٹا جس سے پانی کو روکتے ہیں۔
جوئیں۔ جوں۔
جوئیں تک نہ پھری۔ جوں تک نہ رینگی۔
جوتر۔ شادی کی ایک رسم جس میں ایک چھوٹی سی چوکی پر ایک گھڑا رکھا جاتا ہے۔ گھڑے پر ایک مٹیا الٹ کر رکھ کے کپڑے سے ڈھانک دیتے ہیں۔ اس کے پاس چومکھ چراغ جلایا جاتا ہے۔ اسی چوکی پر مٹھائیاں رکھ کر فاتحہ کی جاتی ہے۔
جھو آنا۔ تنگ آنا (عو۔ مینہ)
جیبھی۔ زبان کا میل صاف کرنے کا آلہ
جیتر۔ ایک درخت جس کی دو شاخوں کے درمیان ایک لکڑی پھنسا کر لاٹھے کا بانس اس سے اٹکاتے ہیں۔
جیدھی۔ شوہر کی بھتیجی۔
جیوں تیوں۔ جوں توں
جیوں کا تیوں۔ جوں کا توں۔
جی لگی۔ دل لگی۔

## جھ

جھاڑ۔ ۱ آنکری جو چنے یا گیہوں کو کئی دنوں تک بھیگے کپڑے میں رکھنے سے نکل آتی ہے ۲ ½ فٹ کا ایک درخت جس کے پتے سرکی کے پتے سے مشابہ مگر گول اور دھاردار نہیں ہوتے پھل سیاہ زمین کے اندر اور پھول سرکی کے پھول سے مشابہ ہوتے ہیں۔ ۳ منتر ۴ جھاڑی۔

جھارو مارا یا ماری۔ کمبخت۔ بدنصیب (عو)
جھڑوانا۔ جھاڑو سے مارنا (عو)
جھاما۔ جھانواں۔ بہت پکی ہوئی سیاہ کھردری اینٹ
جھان توان۔ غمگین۔ افسردہ (عو)
جھانولا رنگ۔ جھانواں سا رنگ۔ سانولا رنگ
جھانیں جھپٹ۔ دھوکا پٹی
جھانیں دینا یا مارنا۔ فریب دینا۔
جھپ آنا۔ اونگھ آنی
جھپٹا مارنا۔ زور سے جھپٹنا۔
جھپسی۔ پھوار۔
جھپنا۔ ڈھکنا۔
جھٹاس۔ بارش کے پانی کی بوچھار۔
جھٹائن جھپٹنی۔ کھجور کی پوری شاخ۔
جھٹکا دینا۔ دھوکا دینا۔
جھجھا لگنا۔ کھبیڑا ہونا۔
جھجھڑی۔ جھڑی
جھجھنا۔ جھنجھنا۔ سوہل گیت جو بچہ پیدا ہوتے وقت گائے جاتے ہیں۔ (عو)
جھر جھر۔ آنسو گرنے کے لیے بولتے ہیں (عو)
جھرک۔ گرم ہوا۔
جھرنا۔ ۱ پانی کا چشمہ ۲ لوہے کی جالدار کفگیر جس سے پوریاں وغیرہ کڑھائی سے نکالتے ہیں۔
جھرناٹ درخت۔ دیکھیے جھماٹ درخت (سارن)
جھڑا جھڑ۔ جھر جھر۔ لگاتار۔

جھڑ جھڑانا۔ چڑچڑانا۔
جھگڑا۔ اُلجھے ہوئے بال (عو)
جھگڑ۔ کنوئیں سے ڈول نکالنے کا کانٹا۔
جھلاس۔ جھلاسی۔ جھاڑی۔ سرکنڈے کے پتے۔
جھلچللنا۔ تھوڑے سے روغن میں ذرا سا تل کر فوراً اتار لینا۔
جھلری۔ جالدار حصہ جو تاڑ کی شاخوں کے درمیان ہوتا ہے۔
جھلکورا۔ جھکولا
جھمات درخت۔ بہت اونچا اور گھنا درخت۔
جھناکا۔ جھنکار۔
جھپانا۔ جھانپنا۔ ڈھکانا۔ ڈھانکنا۔
جھجھر۔ جھجر۔ جھرجھرا۔ پانی رکھنے کا ایک برتن۔
جھنجھری کھیلنا۔ ایک کھیل جس میں کشتیوں کو چکر دیتے ہیں ؎

رخ نوشاہ جھنجھری کھیلتا ہے بحر الفت میں
ہیں لڑیاں کشتیاں ارماں کی اور ہے ناخدا سہرا
(عبد القیوم ناظر کلکٹری پٹنہ)

جھنڈی مار۔ شوخ رنگ کپڑا۔
جھنسائن۔ جھسنید ھا۔ جھانس والا۔ دھوئیں کی بو رکھنے والا۔
جھنک۔ ہلکی سی مشابہت۔
جھنکاڑ۔ جس کے بال جھاڑیوں کی طرح بڑھے ہوئے ہوں۔ بے سلیقہ۔
جھنگا۔ اِچنا مچھلی (سارن)

جھنگڑا۔ ہُولا۔ ہرے چنے کے پودوں کا گٹھر۔
جھنگڑی۔ چھوٹا جھنگڑا۔
جھنگنی۔ جھینگا۔ خطدار ترئی
جھوا۔ جھنڈا۔ (ایک قسم کا درخت)
جھوجھنا۔ جھجنا۔ مرنا۔
جھورانا۔ بچوں کا دیر تک روئے جانا۔
جھولا۔ قمیص (عورتوں کی) (دانچی)
جھومڑ۔ جھومر۔
جھونٹا۔ چونڈا۔ (عو)
جھونٹا جھونٹی۔ لڑائی جس میں ایک دوسرے کا بال نوچے۔ (عو)
جھونساہا۔ جلا ہوا۔
جھونسانا۔ جھلسانا
جھونسنا۔ جھلسنا
جھونسنا۔ دھوکا دے کر حاصل کرنا۔
جھینٹنا۔ دھوکا دے کر وصول کرنا۔
جھیسی۔ دیکھیے جھیسی
جھینگر۔ جھینگر۔ مشہور کیڑا۔

## چ

چابھنا۔ چوسنا۔
چاتر۔ چاتر۔ بٹیر پھنسانے کا جال
چارخانہ۔ چوپایہ کے گوشت کا حصہ جو پیٹ میں اور خانہ خانہ ہوتا ہے۔
چال چلانا۔ شادی کی ایک رسم جس میں دلہن کو

شامیانے سے حجرۂ عروسی تک اتنا آہستہ چلایا جاتا ہے کہ چلتی ہوئی معلوم نہیں ہوتی۔ اس وقت مخصوص گیت بھی گائے جاتے ہیں ؎

اک تماشا ہے نیا چال چلانے کے وقت
وہ ہوئی سرو خراماں ہے خراماں سہرا
(تمنا عمادی پھلواروی)

چاسی - چھلم (عو)
چالنا - آٹا چھاننا
چالی - ۱ گارے کے لیے مٹی چھاننے کا جال جو بانس کے جالوں سے بنا جاتا ہے ۲ بانسوں کی کھپچیوں کا مچان جس پر بیٹھ کر راج اور مزدور دیوار یا چھت تیار کرتے ہیں۔
چانپ - ۱ دباؤ - ۲ ایک جڑی
چاندتارا - پتنگ کی ایک قسم
چاہا - چہا - پنڑے - ایک مچھلی کھانے والا پرندہ جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے۔
چاہس - ۱ املی کا بیج - ۲ ایک قوم جس کا پیشہ رسی باٹنا ہوتا ہے۔
چبھانا - چبھونا -
چھبنا - خون نکل آنا (دہات)
چبلا - چلبلا
چبلی - چلبلی -
چپاڑ - کہگل یا پلاسٹر کا بڑا حصہ جو گر گیا ہو۔
چپتا - چوپٹا - لکڑی کا تراشا ہوا کندہ جو ریل کی پٹڑی کے نیچے رہتا ہے۔

چپڑی - گوبٹھا، اوپلے (سارن)
چپخ یا چپق گال - دھنسے ہوئے گال۔
چپنڈق - احمق
چپنتی - چتی - بچی - مغزی
چپترا - چپتر - چالاک۔
چپتھا بنانا - بے وقوف بنانا - چپتھا بٹیر اس بٹیر کو کہتے ہیں جو ہر بٹیر سے ہار جاتا ہے۔
چپٹا - ۱ السار - ۲ ایک قسم کی پپڑی جو راب میں چاول ملا کر بنائی جاتی ہے۔
چپٹائی سے باہر کرنا - کسی کو جماعت سے نکال دینا۔
چپٹرا - بایاں ہاتھ (اطراف لکھمی سرائے)
چپڑی - چوہیا -
چپٹک - پھرتی (دربھنگہ)
چپٹنی - ۱ معنی مشہور - ۲ چوسنی جو بچے چوستے ہیں - ۳ لاٹھی (رانچی)
چپٹیا - پتنگ کی بنن جس میں پٹی کے پاس چوڑی سی گندھی ہوئی ہوتی ہے۔
چپتیا - پتنگ کی بنن جو چپٹائی سے مشابہ ہوتی ہے۔
چپچورا - ۱ اریا کا پھل ۲ ناگرموتھے کی جڑ (اطراف پُن پُن)
چج چج - چپ چپ - جھگڑا
چراری - مرگھٹ -
چربودا - چرغودا - جانور کی آنت کا ایک حصہ جس میں چربی ہوتی ہے اور کچھ لوگ بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔

چربیانا۔ جسم پر چربی آجانا۔ موٹا ہونا۔
چرپیریا۔ ایک قوم جن کی عورتیں پاؤں میں کڑے پہنتی ہیں۔ (سارن)
چرچ۔ چرچا۔
چرچری۔ چیچڑا۔ چرچٹا۔ لٹ جیرا (مشہور گھاس)
چرخ ہنڈولا۔ چاروں طرف گھومنے والا جھولا۔
چرخانہ۔ چارخانہ، ایک قسم کا کپڑا جس پر لکیریں ہوتی ہیں۔
چرخیانہ۔ ٹھنڈک کے اثر سے بچوں کا ہنسنا اور اچھلنا۔
چرک۔ چرکا۔ چرکاہا۔ سفید (چھوٹا ناگپور)
چرکٹ۔ کسی کاغذ کی نقل باضابطہ حاصل کرنے کی درخواست۔
چروا۔ چروی۔ چرو۔ مٹکا۔
چرری۔ چربی کے جوش دینے کے بعد جو ٹھوس حصہ رہ جاتا ہے۔
چرٹیا۔ بندریا (ایک گھاس جس کی پھلی کپڑوں سے چپک جاتی ہے)
چڑچڑاہا۔ چڑچڑا۔
چڑھتے مہینے۔ چڑھے چاند (عو)
چڑھوا۔ چڑھاوا۔ زیورات جو ساچق میں نوشاہ کی طرف سے دلہن کے لیے جاتے ہیں۔
چڑھی بڑیری اتارنا۔ بنا بنایا کام بگاڑ دینا (عو)
چستہ۔ جانور کی آنت کا ایک حصہ جس میں چربی ہوتی ہے اور جسے کچھ لوگ بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ عام طور پر چستہ، چرغو ساتھ ساتھ بولا جاتا ہے۔
چسک۔ مسک
چسنا۔ مسکنا۔
چکا۔ چکڑ۔ کلہڑا۔
چکا۔ ایک کھیل۔
چکٹ۔ چکٹھ۔ لفظ میلا کا تابع ہے۔
چکر چال کرنا۔ بیکار کے چکر لگانا۔ مارے مارے پھر
چکر بانا۔ گھبرا جانا۔
چک مندری۔ لوہے کا کڑا جو شہتیر یا کڑی میں ٹھونکا جاتا ہے۔
چکنانا۔ چکنا کرنا یا ہونا۔ بارونق ہونا۔
چکنی زبان۔ چٹورا پن (عو)
چکوسپاٹو۔ (مشہور کھیل) (جمشید پور)
چکوٹکو۔ اکڑوں (عوام)
چکھنا۔ ۱۔ معنی مشہور ۲۔ گزک جو شراب یا تاڑی پینے سے پہلے کھائی جاتی ہے۔
چکھنتی کرنا۔ چکھنا۔
چکھوبتا۔ ایک کھیل جو زمین پر آٹھ خانوں کا نشان بنا کر گوٹیوں یا ٹھیکریوں سے کھیلا جاتا ہے۔
چکھیا۔ گول برتن جس میں جوڑائی ہو۔
چکیا۔ چھوٹا چکڑ
چلانا (رسم ورواج)۔ برتنا۔
چلاوا۔ برتاؤ۔

چلتا - ایک گول کھٹا پھل جس کی چٹنی پسی جاتی ہے۔ (راہجی)

چل گہنا - (چول + گہنا = پکڑنا) لوہے کا کڑا جو کواڑ کو چوکھٹ سے پکڑے رہتا ہے۔

چلّو - چلو۔

چلمچی - سیلفچی۔

چلوسا - موٹا حصہ جو چاول کا یا میدہ چھاننے کے بعد بچ جاتا ہے۔

چمارن - چمائن - چماری

چمچ - چمچہ

چم چم - چھینے کی کشتی نما مٹھائی

چمر بتھوا - ایک ساگ جو بتھوا سے چھوٹا اور رکھڑا ہوتا ہے۔

چمر جیٹ - چمچڑ - چمٹ جانے والا۔

چمر کھنا - مذاق اڑانا (عو - دہات)

چمرٹی مٹی - وہ جس کی عمر زیادہ ہو مگر کم عمر معلوم ہو۔

چمسائن - چمسیندھا } چربی ملی ہوئی بو یا مزا
چمچسائن = چمچسیندھا } رکھنے والا۔

چمگدڑی - چمگادڑ (عوام)

چملانا - اٹھلانا - غرّہ کے ساتھ ضد پر اڑے رہنا (عو)

چموکن - (چمکھن = مقناطیس) چچڑی - ایک کیڑا جو جانوروں کے جسم میں چمٹ جاتا ہے۔
۲ - ضدی آدمی۔

چموکن - ضد کرنا۔

چمیل - گلے کا ہلال نما زیور

چندلا - چندرا - گنجا جس کے سر پر بال نہ ہوں۔

چنسُر - ترہ تیزک - فرصرا بوداجس کے دانے سرخ اور سفید ہوتے ہیں۔

چنک بٹیر - جنگیا بٹیر۔

چنک جانا - شیشے یا چینی کے برتن میں بال پڑنا۔

چنگڑنا - چنگھڑنا - تشنج ہونا۔

چنگڑی - اچنا مچھلی۔

چنگلانا - چنگل ہونا یا کرنا - پریشان ہونا یا کرنا۔

چنگنا - (انگریزی چکن) چوزہ

چنگیرا - چنگیر - بانس کی تیلیوں سے بنا ہوا ٹوکرا

چنن - چنٹ - کپڑوں پر قرینے سے ڈالی ہوئی شکن - چننا کا حاصل مصدر۔

چنوآں - بگلا - ایک ہاتھ کی جنبش سے دھاگے کو ہتھیلی کی جانب اس طرح لپیٹنا کہ ایک حصہ انگوٹھے اور دوسرا چھوٹی انگلی سے اٹکا ہو۔

چُنّی - چُنی - چاول کا چھوٹا ٹکڑا۔

چوبھا - چوبانی - گھی ملا ہوا ملیدہ

چوپ - تاڑ کے ڈنکوے کے ریشے جس سے رسّی بُنی جاتی ہے۔

چوپکیا - چوپڑی۔

چوتھی دسہرا - چوتھی چالا۔

چوتھے روز - نرسوں۔

چوڑا - چرڑوانے۔

**چوڑھیارا** ۔ (چوڑی + ہارا ۔ والا) چوڑی والا ۔

**چوڑھیارن** ۔ (چوڑی + ہاری ۔ والی) چوڑی والی

**چوڑھیارے کا مہمان** ۔ مہمان جو میزبان کے گھر بہت دنوں تک رہ جائے ۔ مشہور ہے کہ چوڑھیاروں کے یہاں مہمان بہت دنوں تک رہ جاتے ہیں ۔

**چوک** ۔ ۱۔ معنی مشہور ۲۔ چورستہ ۳۔ کپڑے جو نوشہ یا دلہن کے سارے خاندان والوں کو تحفے میں دیے جاتے ہیں ۔

**چوک پورانا** ۔ شادی کی ایک رسم جس میں انگنائی میں ڈولی رکھ کر چاروں طرف آٹا چھڑکا جاتا ہے ۔ اور ڈولی کے بے شمار نقش بنا کر ایک چھوٹی چوکی رکھی جاتی ہے اس پر دولہا دلہن کو مایوں بٹھاتے ہیں ۔

**چوکھا** ۔ بھرتا (سارن)

**چوکی** ۔ ۱۔ تخت ۲۔ حاجتی ۳۔ شہتیر جس سے کھیت کو مسطح کرتے ہیں ۴۔ گانے والوں کی جماعت ۔

**چوکی سارز** ۔ چوکی پر کا سامان ۔ عطر دان ۔ گلاب پاش وغیرہ کا سیٹ جو نوشہ کی خلعت پوشی کے وقت نوشہ کے سامنے رکھا جاتا ہے ۔

**چوکیا سانپ** ۔ لمبا چوڑا سانپ جو کھیت برابر کرنے والی چوکی برابر چوڑا ہوتا ہے ۔

**چولہا پھونکنا** ۔ چولہا روشن کرنا ۔ شادی کی رسم جس میں دولہا یا دلہن کی پھوپی چولہا پھونکتی

ہے اور ان سے نیک مشی ہے ۔

**چوماتا** ۔ چوموانا ۔ نچھاور کرنا ۔ شادی کی رسم جس میں دلہا اور دلہن پر سے نچھاور کرتے ہیں ۔

**چونٹا** ۔ ۱۔ چیونٹا (بڑی چیونٹی) ۲۔ چمٹا (دست پناہ جس سے آگ نکالتے ہیں)

**چونٹی** ۔ چیونٹی ۔

**چونٹی کاٹنا** ۔ چٹکی لینا (چٹکیوں سے بدن کو پکڑ کر ناخن سے کاٹنا)

**چوندھا** ۔ چندھا

**چونر** ۔ چنور ۔ تالاب

**چونگا** ۔ بانس یا دھات کا سڈول لمبا خول ۔

**چونواں** ۔ کنواں جس میں پانی ایک یا دو ہاتھ کھودنے سے نکل کر اوپر تک چلا آتا ہے (چھوٹا کنواں)

**چوئیں** ۔ کنوئیں کی سوتی ۔ سوت ۔

**چوتیاں** ۔ چپیٹا (عموماً مچھلی کا)

**چہ** ۔ چپ (کنارے کے دانت)

**چھاڑ** ۔ دغاباز ۔

**چہال** ۔ ایک قسم کی جڑی ۔

**چہانا** ۔ چونکنا ۔ اچنبھا ہونا (عو)

**چہرہ** ۔ موٹا اور لمبا بانس ۔

**چہکو پہکو** ۔ بہت رونے کی کیفیت (عو)

**چہل کنجی کا کٹورا** ۔ ایک کٹورا جس میں عملیات کے نقوش کھودے جاتے ہیں ۔ اس کے ساتھ چالیس کنجیاں ہوتی ہیں اس میں پانی بھر کر کنجیوں کو گھماتے ہیں ۔

چھلے کی اینٹ۔ چھلا کیچڑ کو کہتے ہیں اس میں بنی ہوئی اینٹ مشکل سے نکلتی ہے۔ اس لیے وہ شخص جو بہت دیر تک منجھار ہے (عو)

چپینا۔ دبانا (کسی چیز کو)

چپڑا۔ کیچوا

چپڑی بتا۔ دیکھیے چچھوبتا۔

چیلا۔ لکڑی کا ٹکڑا جو جلایا جاتا ہے۔

چپیڑ کی چھچھ اکھاڑنا۔ بخل کرنا (عو)

چپلی۔ چچڑا چیلا۔

چینا بیگم۔ مزاحاً افیون کو کہتے ہیں چونکہ چین والے کثرت سے کھاتے ہیں۔

چینگس مینگن۔ چینگے پوٹے۔ چھوٹے بچے۔

چینا بادام۔ مونگ پھلی

چینا مرغی۔ بیتری مرغی تیتر کے جسم سے مشابہ مرغی جو چتیلی اور سفید بھی ہوتی ہے۔

## چھ

چھاپ یا چھاپا دینا یا لینا۔ چیچک کا ٹیکا دینا یا لینا۔

چھاپا منڈا۔ منقش پڑے۔ (سا-ن)

چھاتا۔ ۱ چھتری ۲ جالا۔

چھاگل۔ بکری۔ (رانچی)

چھانٹنا۔ (غلے کا) جھڑنا۔ چھڑنا

چھاند۔ پاندا۔ گوڑا۔

چھائی چھتیا۔ راکھ (پٹنہ شاہ آباد)

چھائیں۔ (چہرے پر کی) جھائیں۔

چھپانا۔ چھپانا۔

چھپاؤن۔ چھپونا۔ (ڈھکن برتن کا)

چھپڑ چھپڑ۔ پانی میں چلنے سے اس کے اچھلنے کی آواز

چھپینا۔ چھپینا۔

چھترانا۔ بکھیرنا۔

چھتر چپسی۔ فریب (رانچی)

چھتر کا میلہ۔ سالانہ میلہ جو کاتک کی پورن ماشی کے روز سون پور (بہار) میں لگتا ہے۔

چھٹا۔ صورت وضع قطع اور چال ڈھال کا مجموعی تاثر

چھٹا چھڑ لگا۔ چھٹا چھٹانک۔ بے مال بچے والا۔ آزاد۔ (عو)

چھٹپٹانا۔ تڑپنا۔ بے قرار ہونا۔

چھٹنکی۔ چٹخنی۔

چھجنا۔ پھبنا۔ زیب دینا (عو)

چھچھماری۔ لالچی (رانچی)

چھچھندر۔ بدچلن عورت (عو)

چھچھو کرنا۔ پیشاب کرنا (بچوں کی زبان)

چھچھی۔ چھوچھی

چھچھیانا۔ مارے مارے پھرنا (عو)

چھرا۔ ۱ معنی مشہور ۲ لٹو کے کھیل کی ایک اصطلاح۔

چھرّی۔ پتھر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے (بہار شریف)

چھرّیا بال۔ چھری سا لمبا بال

چھٹر۔ ۱ معنی مشہور ۲ بکریوں کی فروخت کی جگہ (پٹنہ)

چھڑا چھڑ۔ چھڑ چھڑ۔ پانی گرنے کی آواز۔
چھڑ بندا۔ چھبندا۔ ایک زہریلا کیڑا جس کے جسم پر چھپھول ہوتے ہیں۔
چھڑ دادا یا دادی۔ سردادا یا دادی پردادا کا باپ یا ماں۔
چھڑ بابا۔ دیکھیے جھورانا۔
چھکانا۔ دھوکا دینا۔
چھکائی۔ ۱۔ چھکنا کا حاصل مصدر ۲۔ رقم جو شادیوں میں چھکنے والے کو بطور نیگ کے دی جاتی ہے۔
چھکنا۔ دھوکا کھانا۔
چھکنی۔ پتلی چھوٹی چھڑی۔
چھلتن (چہل تن) چالیس فقیروں کا گروہ جو شادیوں میں انگاروں پر کودتے ہیں۔
چھل چکنیا (چھیلا اور چکنا) وضع دار بن ٹھن کے رہنے والا۔
چھلکا۔ ۱۔ معنی مشہور ۲۔ پانی کی گزرگاہ کے اوپر کی پختہ زمین جس سے پانی چھلک کر نکل جاتا ہے۔
چھلملانا۔ چھلملی لگنا۔ ۱۔ برا لگنے پر بگڑ جانا ۲۔ تکلیف سے بے قرار ہونا۔ (عو)
چھنکنا۔ سنکنا۔ ناک سے رینٹ یا کسی گندہ گی کو زور سے گرا دینا۔
چھوٹی گوتنی۔ دیورانی
چھور۔ سن کی پتلی رسی جو خاص کر بورا سینے کے کام آتی ہے۔

چھوکروندا۔ چھوکرا کا مصغر۔
چھونی۔ ا‌وکھ پیلنے کی کل کا سوراخ جس سے رس نکلتا ہے۔
چھووا۔ تمباکو کا گڑ۔
چھوآ۔ چھوٹا بچہ (دراکمی)
چھہتر۔ آوارہ عورت (عو)
چھیا کرنا۔ پاخانہ کرنا۔ (بچوں کی زبان)
چھی جانا۔ کپڑے کے دھاگوں کا نکل جانا۔
چھیکنا۔ کسی کا راستہ روکنا۔
چھیلانا۔ کسی چیز کا پانی کے اوپر تیرنا (عموماً تیل کے لیے بولتے ہیں)
چھیمی۔ ۱۔ مٹر کی پھلی۔ ۲۔ سنگری (ببول کی پھلی چوپایہ کا تھن۔
چھینا بانس۔ چھینے کی چھوٹی چھوٹی میٹھی گولیاں جو دودھ میں ڈوبی ہوتی ہیں۔ (دراکمی)
چھینا پلاؤ۔ چھینے کا میٹھا پلاؤ۔ (دراکمی)
چھینٹا۔ بانس کی قمچیوں سے بنا اور تاڑ کے ریشوں سے بندھا ہوا ٹوکرا۔

## خ

خاطر بات۔ آؤبھگت، خاطر مدارات۔
خاک پڑونا۔ پڑونی۔ جس پر خاک پڑے (عو)
خاکی۔ خکیا۔ بددعا ہے (عو)
خاکی انڈا۔ انڈا جو نر و مادہ کی جفتی کے بغیر ہو۔
خاکی بچہ۔ ولد لامعلوم

خاکی مزاج۔ بدمزاج (عو)
خالتے میں بند کرو۔ بٹیروں کی لڑائی کو ختم
کرنے کے لیے انھیں ایک غلاف میں بند
کرتے جسے خالتہ کہتے ہیں۔ مزاحاً آدمی
کی لڑائی کو ختم کرنے کے لیے بولتے ہیں۔
خدا گنج جانا یا آباد کرنا۔ مرجانا۔
خرچ بات۔ خرچ پات۔ پانوں کا خرچ
خرذک۔ چھوٹی شہنائی جس کی آواز باریک ہوتی ہو۔
خرمی۔ آٹے کی تلی ہوئی لوز جسے نمکی اور کھوری کہتے ہیں۔
خریز۔ گھول کرتلے ہوئے انڈے۔ (نزہت)
خلچانا۔ وہ رقم جو شادیوں میں دلہن پر نچھاور
کرکے دی جاتی ہے۔
خلعت ملے۔ خلعت پائے۔
خلیتا۔ (خریطہ۔ جھولا) کرتا (راغبی)
خمار کی آنکھ۔ نشیلی آنکھ۔
خوشی کا باجا۔ شادیانہ
خولیانہ۔ انڈے سے خول کرنا۔
خیبر سے سیک تک۔ بک سے تک تک
شروع سے آخر تک۔

## د

دابل۔ ایک آبی پرندہ
دادنی۔ جو رقم مزدوروں کو بطور پیشگی دی جاتی ہو۔
داسا مجوسا۔ داسا
دال۔ ۱ معنی مشہور ۲ کواڑ کا چوکھٹا۔

دام۔ ½ آنہ
دبلانا۔ دبلا ہونا۔
دبوڑنا۔ دبوچنا۔
دبوئی۔ ۱ سرخی اور چونے کا مرکب جس سے اینٹیں
جوڑتے ہیں ۲ سرخی (اینٹ کا چورا)۔
(بہار شریعت)
دبھی۔ دوب۔ گھاس کی ایک قسم
ددری۔ انڈے (اور بینڈی) کے چھلکے۔
ددوڑا۔ ددوڑا۔ چوڑے دانے جو مچھر وغیرہ
کے کاٹنے سے جسم پر نکلتے ہیں۔
ددیانا۔ تیزی سے دوڑنا (عوام)
دربا۔ ڈربا۔ مرغیوں کے رہنے کی جگہ۔
دڑا۔ دردرا۔ دال وغیرہ کا چورا۔
درگوں۔ بڑا آلو۔
درماہہ۔ مشاہرہ (دہات)
دساناتبڑا۔ دس دس پانوں کے بیڑے جو نوشاہ
کو کھانے کے لیے دیے جاتے ہیں۔
دستی۔ چھوٹا قلمدان جس میں صرف قلم
دوات رکھتے ہیں۔
دسہرا نکلنا۔ درگا اور کالی دیوی کا جلوس نکلنا۔
دسنی۔ دسنیا۔ کسی مقدس جگہ حاجت لے کے
جانے والی عورت (عو)
دشمناگت۔ دشمناگی۔ دشمنی
دفنانا۔ دفن کرنا۔
دقیانا۔ دق کرنا۔

دِکھلوّاں۔ نمائشی اور کمزور چیز۔
دُکھنا یا دکھنا ہی۔ دکھی۔
دِکھواس لگنا۔ ڈھکواس لگنا۔ (دھکواس = دیکھنا کا حاصل مصدر) دیکھنے لگنا۔ راستہ بھولنے پر گھبرا جانا۔
دلّا۔ تخمہ جو کھٹے کے اندر رہتا ہے۔
دَل گھٹنی۔ (دال گھوٹنی) دال گھوٹنے کا اوزار۔
دَلّو کے دھیڑا۔ دلّو کے دس سیرے، دوسروں کے معاملات میں بے وجہ دخل دینے والا۔ (عو)
دَماہی۔ داہن۔ ایک زنجیر میں دس بیلوں کو باندھ کر غلے کو مسلتے ہوئے گھمانا۔ ۲۔ دماہی کی زنجیر۔
دم چُور۔ وہ حقہ جو بولتا نہ ہو۔
دَم مارنا۔ دم لینا۔ ٹھہرنا۔
دَن دَن۔ جلد جلد
دُنگا مشتی۔ دھینگا مشتی۔ لڑائی جھگڑا۔
دوا درپن۔ دوا درمن۔
دُواہ۔ دوہاجو۔ وہ جو پہلی بیوی کے بعد دوسری شادی کرے۔
دوبارہ چینی۔ قند دوبارہ۔ دانہ دار شکر دوبارہ صاف کی جاتی ہے اسی لیے دوبارہ چینی کہتے ہیں۔
دوبھڑ۔ دوبڑ۔ دوہرا۔
دوبادو۔ منھ در منھ
دوپلیہ۔ دوپلڑی۔

دوونا۔ بکرنا۔ (دہات)
دودھ کھانا۔ انسان جب جانور کا دودھ پیتے ہیں تو دودھ کھانا بولتے ہیں۔ دودھ پینا شیرخوار بچوں کے لیے مخصوص ہے جو کسی عورت کا دودھ پیتے ہیں۔
دودھ ملیدے کی رسم۔ برات پہنچنے کے دوسرے روز مامائیں گیت گاتی ہوئی سینیوں پر دودھ میدہ لے کر آتی ہیں۔ نوشاہ اور براتیوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔
دودھیا۔ ایک گھانس جس کی ڈنٹھل پتلی اور پتیاں سُرخ اور بہت چھوٹی ہوتی ہیں۔ اس سے دودھ نکلتا ہے۔
دَورا۔ بڑی دوری (ٹوکری کی ایک قسم)
دَوری کھیدنا۔ دماہی کرنا (رانچی)
دوسنا۔ دَس دینا۔ خدمت کرنا۔
دوشالہ۔ شال۔ دوہری شال زربفت کا کام کی ہوئی۔
دوکانگڑی۔ ایک قسم کی پتنگ۔
دولائی۔ رضائی۔
دونجا۔ تمباکو کا پتا جو پہلے پتے مُرہن کے توڑنے کے بعد نکلتا ہے
دونی۔ دماہی۔
دوہر۔ بغیر روئی کی رضائی
دہیری۔ دہی کی ہنڈیا۔
دہی ہیں سہی۔ ہاں میں ہاں ملانا (عو)
دہیوڑا۔ دیکھیے جل جمنیا۔
دینا لینا۔ دبالیا۔
دینائے۔ داد (ایک قسم کی خارش)
دیدہ رکھنا۔ حیا کا قائم رکھنا۔ (عو)
دے ڈھیل۔ ایک مزاحیہ جملہ جو پتنگ بازی سے ماخوذ ہے۔
دِیاں۔ چمک۔ (دہات)
دَریّو۔ چھوٹی بچی کو پکارنے کا لفظ (دربھنگہ)

## ھ

دھابا۔ برآمدہ۔ سائبان (رانچی)

دھاپا۔ جانڑ۔ گڈھا جس میں مچھلیاں پکڑ کر
رکھتے ہیں۔ (گیا)
دھانکی۔ دیکھیے اپچا (سنگھ بھوم)
دھاکڑ۔ سانڈ (سہرسا)
دھاما۔ بید سے بنی ہوئی چھوٹی ٹوکری جو گنبد
نما ہوتی ہے۔
دھامن۔ ایک قسم کا بہت لمبا سانپ۔
دھانک۔ بھڑبھونجا۔
دھانگڑ۔ نوکر۔ مزدور (رانچی)
دھب دھب۔ تکیے پر ہاتھ پٹکنے کی آواز۔
دھبّیا۔ دھبّا۔
دھینتی کرنا۔ مارنا۔
دھتّا بتانا۔ شکست دینا۔ دھمکانا۔
دھرانا۔ دھمکانا۔
دھرائی۔ رقم جو کہاروں کو دولہا یا دلہن کی
سواری رکھنے کے وقت دی جاتی ہے۔
دُھرپھند۔ مکر۔ فریب۔
دُھرپھندیا۔ مکار۔ فریبی۔
دھرتی دھمک۔ بھاری بھرکم آدمی (مزاحیہ)
دھر لیا جانا۔ پکڑ لیا جانا۔ کوئی جرم کرتے
وقت پکڑ لیا جانا۔
دھڑا دھڑی کا تجبڑ۔ اچانک بجلی کا گرنا۔
ناگہانی مصیبت۔
دھڑاک سے۔ دھڑ سے۔ فوراً
دھڑ پھڑانا۔ گھبرا جانا۔ جلدی کرنا۔

دھڑ دھڑوا۔ دھڑ۔ ڈیل ڈول
دھرم دھکے میں۔ تدبیر کے خلاف اتفاقاً
کامیاب ہو جانا۔
دھرن۔ بلی (شہتیر) جو کمرے کی چوڑائی میں
لمبائی والی بلّی کو سہارا دیتی ہے۔
دھک دھکانا۔ قلب کا دھڑکنا۔
دُھکدُھکی۔ بڑے سینے پہ ایک قسم کا زیور۔
دُھکیڑ۔ جھکڑ۔ گرد والی آندھی (عوام)
دھکم دھکّی۔ دھکا پیل۔ بھیڑ میں دھکے دینا۔
دھکیانا۔ دھکے دینا۔
دھماہا۔ چڑیا۔ بندریا (گھاس)
دھمدھور۔ اودھم مچانا۔
دھم گجڑی۔ دھما چوکڑی
دھمال۔ شادیوں میں انگاروں پہ کودنے والا
دھنیس۔ ایک سیاہ رنگ کا پرندہ جس کا تیل
گٹھیا کے لیے مفید ہے۔
دھور۔ دھوری۔ دھول۔
دھوبن۔ دھوبن۔
دھوبنیا چیل۔ ممولا (ایک مشہور چڑیا)
دھوکتو۔ لمبی تنہائی
دھودھبک۔ دودبک۔ ڈانٹ ڈپٹ
دھوڑ میں دینا۔ پتنگ اڑانے کے لیے ہاتھ سے
پکڑ کر اسے اچھال دینا
دھوکڑا۔ تھیلا (عوام)
دھوکڑی تھیلی (عوام)

دھوکڑی لگانا یا مارنا ۔ دوڑنا (دہات)

دھونا ۔ رال سفید ۔

دھونُدھا ۔ دھونُدھی ۔ دھوئیں کی بو سے بسا ہوا یا بسی ہوئی ۔

دھن چوہیا ۔ ایک چھوٹی چڑیا ۔

دُھن دینا ۔ ۱ بہت مارنا ۲ بہت بگڑنا ۔

دَھنسوڑا دینا ۔ دھچکا دینا ۔ نقصان پہنچانا ۔

دُھنکی ۔ چھوٹا ڈنڈا جس سے دُھنیا روئی دھنتا ہے ۔

دُھنہر ۔ (دھان بھار) کھیت جس میں دھان پیدا ہوتا ہے ۔

دھیکانا ۔ دہکانا ۔ گرم کرنا ۔

دھیکنا ۔ دہکنا ۔

## ڈ

ڈابر ۔ ایک گل اندازی کے اندر کے چند رکھنوں کا مجموعہ ۔

ڈالا ۔ بانس کی قمچیوں کی بنی ہوئی لگن

ڈام ۔ کچا پھوٹ

ڈانٹ ۔ ڈنٹھل ۔

ڈانڑ ۔ لکڑیاں یا چھڑ جو پہیے کے مرکز سے دائرے تک رہتے ہیں ۔ SPOKES.

ڈانڑی ۔ دیکھیے جونواں (رانچی)

ڈاوں ڈوبیا ۔ شادی کی ایک رسم

ڈبانا ۔ ڈبونا ۔

ڈبرا ۔ مٹی کا چھوٹا برتن ۔

ڈبری ۔ چھوٹا ڈبرا ۔

ڈبکنا ۔ ۱ لہکنا ۲ پانی کا گرم ہونا ۔ (رانچی)

ڈبیا ۔ ۱ معنی مشہور ۲ ڈھبری (دربھنگہ)

ڈٹوری ۔ ایک جنگلی پھل چھوٹی کمبہ سے مشابہ ۔

ڈرپھوک ۔ ڈرپوک ۔

ڈرگوہا ۔ ڈرپوک ۔

ڈکر ۔ سینے کی ہڈی

ڈگرا ۔ پچھانک ۔ ایک زہریلی دوا جو ہلدی سے مشابہ ہوتی ہے ۔

ڈگرا ۔ بانس کی بنی ہوئی سینی ۔

ڈگرن ۔ چماری ۔ (بہار شریف)

ڈگرنا ۔ ڈگرا "ڈگرا" کا مصغر ۔

ڈگری ۔ چھوٹا ڈگرا ۔

ڈگری پیٹنا ۔ ڈھونڈورا پیٹ کے اعلان کرنا ۔

ڈگرے میں پاؤں ڈال کے چلنا ۔ بہت آہستہ چلنا ۔

ڈلیا ۔ ۱ ڈالی کا مصغر ۲ ڈالے کا مصغر ۔ بانس کی ٹوکری جس پر ڈھکن ہوتا ہے اور اس کے اوپر دستہ ۔

ڈمارا ۔ کنڈا (ڈبرا اوپلا)

ڈمبھا ۔ ماہتابی (لیموں) (رانچی)

ڈمبھک ۔ ادھ کچرا ۔ نیم پختہ پھل

ڈمری کا پھول ۔ گولر کا پھول ۔ نایاب شے ۔

ڈمکو ۔ ڈمکولا ۔ تاڑ کے پتے کی ڈنڈی ۔

ڈنٹا ۔ ڈنڈا ۔

ڈنٹی ۔ ڈنڈی ۔

ڈی۔ مچھلیاں پھنسانے کا چھوٹا جال جس کے
دونوں جانب ڈنڈے بندھے رہتے ہیں۔
ڑکس۔ وہ رسّی جس سے پاسی اپنی کمر کو تاڑ سے باندھتا
ہے (دربھنگہ)
ڑوانس۔ دیکھیے ڈنڑکس (پٹنہ)
گانا۔ پیٹنا (ڈنڈے وغیرہ سے)
وریانا۔ ڈوریائے پھرنا۔ کسی کو اپنے ساتھ
لیے پھرنا۔
ولا۔ ۱ معنی مشہور۔ ۲ مسجد کا چھوٹا سا مجسمہ
اس کے ساتھ ایک مصور کتاب جس میں
بہشت۔ دوزخ۔ فرشتے اور اسی قسم کی
تصویریں ہوتی ہیں۔ ان تصویروں کو دکھا کر
اور سمجھا کر دکھانے والی عورت عبرتناک سبق
دیتی ہے۔ مسجد کا نمونہ حضرت سیدۃ النساء
رضی اللہ عنہا کا ڈولا کہلاتا۔ اب یہ چیز مفقود
ہوگئی ہے۔
ول پتّا۔ ایک قسم کا کھیل۔
ولی آئی۔ دولی اتری۔
وم۔ نبس بھوڑ۔ نالا صاف کرنے اور سڑک پر
جھاڑو دینے والا خاک روب۔
وماتاڑ۔ تاڑ کی ایک قسم۔
ومین۔ ڈوم کی عورت
ونڑ۔ ایک قسم کا سانپ
نڑی۔ ڈونڑ۔ ایک قسم کی مچھلی جو سانپ سے
مشابہ ہوتی ہے۔

ڈونگھی۔ ٹہنی۔
ڈیرا۔ ۱ عارضی قیام گاہ ۲ اینچا تانا۔
ڈیڑھ نس۔ جیٹھ سل۔ بڑی سالی۔
ڈیڑھ کوا۔ بڑا کوا جو بالکل سیاہ ہوتا ہے۔
ڈینگنا۔ پھاندنا۔ (رانچی)
ڈینگی۔ ڈونگی۔ چھوٹی کشتی
ڈیوڑھ داڑھ۔ ڈیوڑھ کرنا یا لگانا۔ سلسلہ
قائم کرنا۔
ڈیہہ۔ اونچی زمین جس میں عموماً سبزیاں
بوتے ہیں۔

## ڈھ

ڈھالنا۔ ۱ ڈھلکانا ۲ اونڈیلنا۔
ڈھالواں۔ ڈھلواں۔
ڈھانپ دینا یا مارنا۔ پٹی دینا۔ عیاری کرنا۔
ڈھائی یا ڈھائی لڑانا۔ سر کے اگلے حصے کو
دوسرے کے سر کے اگلے حصہ سے لڑانا۔
ڈھب ڈھب۔ ڈھول بجانے کی آواز۔
ڈھبا لڑنا۔ لٹوؤں کا یا دو آدمیوں کا آپس
میں ٹکرانا۔
ڈھبری۔ ڈبیا۔ ٹین یا شیشے کی گول ڈبیا جس
میں تیل اور لمبی بتی دے کر جلاتے ہیں۔
ڈھبیا۔ لٹوؤں کا ایک دوسرے سے ٹکرا کر
ڈھب ڈھب کرنا۔
ڈھٹا۔ ایک قسم کا پودا جس سے عموماً کھاد کا کام لیا جاتا ہے

ڈھڈا - ۱ بڑا کاغذ جس پر عموماً حساب لکھا جاتا ہے ۲ ڈھانچا۔

ڈھڈی - ٹٹی جس کو بوریا یا پیال بانس کی پھٹیوں میں باندھ کر بناتے ہیں۔

ڈھکا - مٹی کا ڈھیلا (چھوٹا ناگپور سنتھال پرگنہ) ۲ ڈلا۔ ٹھکا (پٹنہ)

ڈھکار - ڈکار

ڈھکنی - چھوٹا ڈھکن

ڈھکنی پانی میں ڈوب مرو - غیرت دلانے کے لیے کہتے ہیں۔

ڈھکنی پھوٹنا - راز فاش ہونا۔ اصلیت کا ظاہر ہونا۔

ڈھلکا - دیکھیے کھگڑا۔

ڈھلکانا - چھلکانا۔

ڈھلکاؤ - ڈھلکنا کا حاصل مصدر - پہاڑ یا زمین کا ڈھلواں حصہ۔

ڈھلکنا - چھلکنا۔

ڈھلنا - ۱ معنی مشہور ۲ ڈھلکنا

ڈھلنا - (ڈھول نما) دھات کا گول خول جس میں تعویذ رکھتے ہیں۔

ڈھمرایا - موٹا - بدشکل۔

ڈھملانا - لڑھکنا (شاہ آباد)

ڈھنڈھان مکان - ڈھنڈار مکان - ویران مکان (سارن)

ڈھنڈھنانا - ڈھن ڈھن کی آواز پیدا کرنا۔

ڈھنمن مکان - خالی مکان - (عو)

ڈھنمنیا کھانا - لڑھکنیاں کھانا۔

ڈھوڈری - چھوٹی کوٹھری جو عموماً سیڑھی کے نیچے بناتے ہیں۔

ڈھولا - ڈھولک (سارن)

ڈھولی - دو سو پانوں کا گٹھر۔

ڈھونس - بڑا مینڈھک۔

ڈھونس مارنا - گھونس مارنا (جانوروں کا) سینگوں سے حملہ کرنا۔

ڈھونگل - بے وقوف۔

ڈھیا - ٹینٹ (آنکھوں کی) جو ابھری ہوئی ہو۔

ڈھیلا - ۱ معنی مشہور - ۲ ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی کی چھڑی بنتی ہے۔

ڈھیبری - بھلی۔

ڈھینڈھس - بے وقوف۔

ڈھینکلی - ڈھینکلی۔

ڈھینو - جانوروں کے بچہ جننے کے وقت دودھ کی زیادتی۔

## ر

راب - راوا - گڑ کا تلچھٹ

راجہ چلے رانی روئے - ایک کھیل جس میں مٹھی سے مکان بنا کر جلاتے ہیں اور یہی جملہ کہتے ہیں - (پٹنہ)

راج گھیلا - حسینوں کا بادشاہ - نوشاہ کو کہتے ہیں۔

راج گھیلا میاں بندر نارنجی دامن الائے
(گیت) (عوام)

…ھی۔ پان کی ایک خراب قسم

…س۔ اصل راکھشس ہے۔ اگیا بیتال۔ مشہور ہے کہ تیلی مرنے کے بعد خبیث ہو جاتا ہے۔ اس کی چار آنکھیں ہو جاتی ہیں اور سر میں جٹا۔ منہ سے شعلے نکلتے ہیں۔ سائنس دانوں کی تحقیق ہے کہ وہ شعلے میتھین گیس کے ہوتے ہیں ؎

اڑ گیا نیل کنٹھ توڑ قفس
تیلی مر کر کے ہو گیا راکس
(انوار الہدا صاحب انجنیئر جمشید پور)

…س کی جٹا ہاتھ میں آنا۔ نایاب شے کا ہاتھ آنا۔

…م ترئی۔ بھنڈی۔

…م چیرا۔ گماشتہ۔ بیوپاری کا نوکر۔

…م قند۔ ایک میٹھا کندہ جو قریب ۲ فٹ لمبا اور دس انچ موٹا ہوتا ہے۔ کچا کھایا جاتا ہے۔ (چھوٹا ناگپور)

…نگا۔ رانگ (مشہور دھات)

…ہر۔ اتر بتر۔

…ں دا واں۔ رواں دواں۔ برباد (عو)

…چھیتی۔ تتر بتر۔ برباد (عو) (دہات)

…ی سے رتی تک۔ نک سے سک تک شروع سے آخر تک۔

ربڑی۔ راڑی۔

رپٹینا۔ روڑا دینا۔

رجواڑ۔ راجگیر کی ایک قوم

رَرینٹھا۔ ارہر کی لکڑی ؎

ررینٹھا کاٹ کر بیلوں پہ لادا
روانہ کر دیا ہنسوا نوادا (لامعلوم)

رَستم۔ آگ (پلاموں)

رَس قدم۔ سرخ رس گلا جو خوشبو ہوتا ہے (رانچی)

رَس مادھوری۔ چھینے کی مٹھائی جس کے چاروں طرف سفیدی اور بیچ میں زردی ہوتی ہے۔ (رانچی)

رس ملائی۔ چھینے کی چپٹی گول مٹھائی جو بالائی میں ڈوبی ہوئی ہو۔ (رانچی)

رَسوم۔ وہ غلہ جو زمیندار کے عملے فصل کاٹنے کے وقت خراج کے علاوہ وصول کرتے ہیں۔

رستی۔ سانپ۔ عورتیں رات کے وقت سانپ کو رستی کہتی ہیں۔

رَسیاؤ۔ رَسیاول۔ رساول اکھ کے رس میں پکے ہوئے چاول۔

رِگھلانا۔ حروف کو بے قاعدہ کھینچ کے پڑھنا۔

رَم جھنگی۔ بھنڈی۔ رام ترئی (دربھنگہ)

رَنتھی۔ ارتھی۔

رَنگ ڈھلیا۔ ایک قوم جو ٹکٹ (گزک) بناتی ہے۔ (بہار شریف)

رنگ ڈھلنی۔ رنگ ڈھلیا کی عورت (بہار شریف)

رُوانی صورت ۔ روانڈی صورت

رُوینی ۔ روینا کا حاصل مصدر

رُوٹ بوٹ کا روزہ ۔ وہ روزہ جو رجب میں کسی جمعہ کو رکھا جاتا ہے اور روٹ اور سالن پکا کر حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت کی فاتحہ کی جاتی ہے ۔

رُوسی ۔ رُسی ۔ سر کا سفید میل ۔

رو واں تَتانا ۔ دل دُکھانا ۔ جھوٹا الزام لگانا (عو)

رونا ۔ رسی کا پھندا جو گھڑے یا لوٹے کے کنکھے میں لٹکانے کے لیے بنایا جاتا ہے ۔

رَہم ۔ لڈو جو چاول کے آٹے میں شکر ملا کر بناتے ہیں ۔

رہے رہے ۔ رہ رہ کے (عو)

ریڑ ۔ ارنڈ ۔ رینڈی کا درخت ۔

ریڑ ہیوں ۔ ارنڈ پھل ۔ پپیتا (پلاموں)

ریگھا ۔ ریکھا ۔

ریگھی ۔ ریکھا ۔

ریوڑی ۔ ۱ پھوڑی ۲ ایک مشہور مٹھائی ۔

رے ۔ کھیتوں یا حصہ مکان کی تخمینی قیمت ۔ بٹوارے کی غرض سے ۔

رے بندی ۔ رے قائم کرنی ۔

## ز

زبوٹ ۔ فرسودہ ۔ ذلیل ۔

زیٹ ۔ ڈینگ ۔ بے جا نمائش

زبلنا ۔ بے جا نمائش کرنا (بہار ہسرلیب واطراف)

زبلیا ۔ زٹیل ۔ مغرور ۔ بے جا نمائش کرنے والا ۔

## س

سابا ۔ گبئی ۔ ایک کشمشی رنگ کی گھاس جسے سڑا کر رسی بناتے ہیں ۔

ساٹنا ۔ چپکانا ۔

ساٹھ کھانا یا کھلانا ۔ بچے کی پیدائش کے بعد چھٹی کے دن دعوت کھانا یا کھلانا (عو)

سارکھ ۔ نیلوفر کی جڑ ۔

ساڈل ۔ لکڑی کا پختہ حصہ ۔

سارے ۔ ساکھو کا بیج (چھوٹا ناگپور)

ساما ۔ ۱ چہرے پر کے سیاہ داغ ۔ ۲ ایک قسم کا غلہ ۔

ساںچی پان ۔ دساوری پان ۔ ایک قسم کا پان جو کسی قدر خوشبودار ہوتا ہے ۔

سانڑ ۔ ۱ سانڈ ۲ ہل کا ایک حصہ ۔

سانّنا ۔ ساندنا ۔ آٹا یا ستو کو ہلکے ہاتھوں سے گوندھنا ۔

ساو ۔ بنیا کا خاندانی خطاب

سپٹا ۔ ٹاٹ (سارن)

سپڑ ۔ بانس کا ڈھانچہ جس پر ایک طرف چھوٹی بڑی ڈھالیں باندھتے ہیں ۔ دوسری طرف زرتار کپڑا ، اور پر تلواریں رہتی ہیں اور نوک پر پھول وغیرہ ۔ محرم میں تعزیہ کے ساتھ نکالتے ہیں ۔

سپڑنا ۔ کسی کام کا خاص کر ارادہ کرنا ۔

...ہ گنج۔ ایک آتش بازی جس سے گولہ نکل کر اُڑتا ہے۔

...کار۔ غلّہ کاٹنے اور دانہ بندی سے پہلے کا تخمینہ۔

...پاٹی۔ بید کے چھلکے کا بُنا ہوا بوریا۔

...جا۔ (سات اناجا) ایک کھچڑی جو چاول میں چھ قسم کی دالیں ڈال کر پکائی جاتی ہے۔

...ا۔ سیب۔

...پڈو۔ ایک قسم کا کھیل۔

...نا۔ ۱۔ چپکانا۔ ۲۔ مانوس کرنا ۳۔ دو چیزوں کا ایک دوسرے سے وصل کرنا ۴۔ بھگتانا (بقایا کا)

...گو۔ بھگتان۔

...نا۔ ۱۔ چپکنا۔ ۲۔ مانوس ہونا ۳۔ دو چیزوں کا ایک دوسرے سے وصول ہونا۔ ۴۔ بھگتنا (بقایا کا)

...پٹوا۔ وہ اجارہ جس میں سود کے ساتھ اصل قرض بھی بہ قسط ادا ہوتا جائے۔

...ال۔ ساری کے نیچے کا تہبند (سارن)

...ٹی۔ سوکھا غلّہ جو ماما کو تنخواہ کے علاوہ کھانے کے بدلے دیا جاتا ہے۔

...آنا۔ سُلجھانا۔

...نا۔ سُلجھنا۔

...یا آم۔ امرود (دربھنگہ)

...نی۔ پتنگ اُڑانے کا سادا دھاگا۔

سدھارن۔ سادھارن

سدھور۔ وہ تحفہ جو عورت کے لیے حمل کے موقع پر اگر سسرال میں ہو تو میکے سے یا میکے میں ہو تو سسرال سے بھیجا جاتا ہے۔

سڈّھ برابر۔ آمد و خرچ کا برابر ہونا۔

سڈول بدن۔ سُڈول بدن۔

سرادری۔ سرور۔ اوسط۔

سُرسُرانا۔ کلبلانا۔

سرپھل۔ بیل (مشہور پھل) (بھبھوا ضلع شاہ آباد)

سردیاہا۔ سردی کا اثر لینے والا۔

سرسادی۔ (شیر شاہ آبادی) راج محل کے ایک علاقے میں جو گنگا کے کنارے ہے مسلمانوں کی ایک جماعت آباد ہے مشہور ہے کہ شیر شاہ نے بنگال کی مہم پر ایک فوج بھیجی تھی جو کسی سبب سے یہیں رہ گئی۔ ان کی اولاد اپنے کو سرسابادی (شیر شاہ آبادی) کہتی ہے ان کی بولی اردو۔ بنگلہ اور سنتھالی کا مجموعہ ہے اور سرسابادی کہلاتی ہے۔

سُرسُری۔ سُرسُراہٹ۔ کلبلاہٹ

سُرسُراٖئن۔ سُرسُری پیدا کرنے والا۔ کھردرا۔

سَرہج۔ سلہج۔ سالے کی بیوی۔

سَرہل۔ ۱۔ ساکھو کا پھول، ۲۔ ایک آدی باسی تیوہار جو چیت میں منایا جاتا ہے۔ جس میں سرہل کی پوجا ہوتی ہے۔ (چھوٹا ناگپور)

سری - سِرن - سرکنڈا - سِریا -
سریانا - ترتیب سے رکھنا -
سریا دینا - کسی کی خوب خبر لینی -
سڑائن - سڑیدھا - سڑاندا - سڑاہندا -
سڑیا - تیزی عموماً بولنے کے لیے -
سٹر سرانا - مارنا -
سُٹر سٹرانا - ناک سے رینٹ گرانے کی آواز -
سٹرکنا - (غذا کا) اچھو ہونا -
سسارنا یا سسرانا - سسرنا کا متعدی -
سرکانا (عوام)
سُستانا - سستانا - آرام کرنا -
سسرنا - سرکنا (عوام)
سسر - سُسرا - سُسر -
سُسم - کنکنا - نیم گرم -
سسوہنا - نتوں یا گوشت کو ایک بار شروع
سے آخر تک کھینچ لینا -
سُفیدہ - ۱ - چونا - ۲ - ایک قسم کی دوا - ۳ -
فرش کی چاندنی - (دہات)
سک بک - ہوش وحواس (عو)
سکچی - ایک قسم کی مچھلی -
سکری - پتلی چھوٹی زنجیر -
سُکڑانا - سُکڑنا - سکوڑنا -
سکھر - چھینکا -
سکھڑا - ایک قسم کا سانپ جس کی پیٹھ پر سبزی
مائل پھول ہوتے ہیں -

سُکھلاہا - دُبلا پتلا -
سُکھلیا - دُبلی پتلی -
سُکھلیل - سُتھنی - (ایک قندی پھل) (عوام)
سُکھوا - ساکھو (ایک درخت)
سُگوا - صبح کا تارا (زہرہ) (سارن)
سُگی - سُگیا - سبز چونچ کا طوطا -
سَلمہ - اپنے سے چھوٹے کے لیے مخصوص ہے
سِلن - ایک قسم کی مچھلی -
سِلودھا - سرخ رنگ شیر -
سلیچی - ایک قسم کا ساگ -
سِمبتھا - ترسیمہ (جمشید پور)
سمتا - ہوش والا - دیوانے کا برعکس -
سمدھ بیٹا یا بیٹی - سمدھی کا بیٹا یا بیٹی -
سموچا - پورا - سموچی بگیری کو دکھاتا ہوں میں
سموا - سامی - دھات کا خول جو لکڑی کے سر
پر پہنایا جاتا ہے -
سنانا - سبزیوں میں سے سن کے سے ریشوں
کا نکلنا -
سناہا - سنایا ہوا - ریشوں سے بھرا ہوا -
سنٹھی - سنئی کے بیج کی ڈنٹھل -
سنجوگنا - ترتیب سے رکھنا -
سلجھوتی دکھانا - شام ہوتے ہی چراغ روشن کرنا
(دہات)
سندنا - بنسلوچن - طباشیر (دواجی)
سندیس - ۱ - ایک قسم کی مٹھائی ۲ - سوغات -

نگروا - اسرول - لال بیگ -
نگارنا - اکٹھا کرنا -
نگرنا - اکٹھا ہونا -
نگھا - (باجا) نرسنگھا - قرنا -
نگھار - ہرسنگھار (ایک پھول)
کھ راس - ایک قسم کا گھوڑا جو مبارک سمجھا جاتا ہے -
کھن - ۱؎ گھوڑی کی ایک قسم جو منحوس سمجھی جاتی ہے ۲؎ ایک قسم کی بھونری جو گھوڑے کے جسم پر ہوتی ہے -
نک - صحنک - مٹی کا گہرا برتن
ئی - پودا جس سے سن نکالتے ہیں -
ال داخل کرنا - سوال دینا - حاکم کے پاس درخواست دینی -
پری - مٹی کا برتن سینی سے مشابہ -
تار - سنبھال -
ڑ - سُوت - ریشے -
رابہن - بیج جو کھیت جوتنے والے کو مدد کے طور پر دیا جاتا ہے -
رج کنہرا - میٹھا (دربھنگہ)
رج منڈل - انگنائی جو پورب پچھم لمبی ہوتی ہے تو اسے نامبارک سمجھتے ہیں -
رجوڑنا - زچہ خانے کے دروازے پر آگ روشن کرنا -
رھن - رئیسوں کے دربار کا مسخرا جسے سب بیوقوف بناتے ہیں -

سُوڑھی - سونڈا - سونڈ والے چھوٹے چھوٹے کیڑے جو غلّے کو خراب کرتے ہیں - ۲؎ تیلی کی ایک قسم -
سُوکھوار - سوکوار ۱؎ دُبلا پتلا کمزور ۲؎ نازک طبع (درابھنگی)
سُوکھی بولی - کھنکھلاتی بولی -
سُومبار - سوموار - پیر کا دن -
سُومباری میلہ - پٹنہ کا ایک میلہ جو ہر سوموار کو کچہری کے میدان میں لگایا جاتا ہے
سُونٹی - سہجنا کے پھل - (درابھنگی)
سُونڑھ - سونڈ
سونگی - سانگی - پاٹی ہوئی بیل گاڑی - (جہان آباد و اطراف)
سونے کی چڑیا دیکھو - ختنہ کے وقت بچے کا منہ دوسری طرف متوجہ کرنے کے لیے کہتے ہیں -
سُوہڑ - سوہر - سگھڑ
سُوئی - سُوتا -
سُوئیا - سبز رنگ کی چڑیا جو گوریا کے برابر ہوتی ہے -
سہجوار - سازوار - سازگار - مبارک (عو)
سہری چڑھنا - دولہا یا دلہن پر لباس اور آرائش کا پھبنا -
سہکنا - سسکنا - بسورنا -
سہکی - سسکی -
سہنگا - کلی دار لہنگا -

سہورے۔ سسرال (عو) (بیت):
میرا امراؤ چلا سہورے کو۔
سہیٹر۔ بکریوں وغیرہ کا گروہ
سیار۔ گیدڑ۔
سیار پچھی۔ ایک قسم کی گھاس کی جھاڑو جو گیدڑ کی دم سے مشابہ ہوتی ہے۔ (دیکھیے پھل جھاڑو) (رانچی)
سیٹھی۔ ۱۔ سفل ۲۔ اگال (پان کا)
سیدھیانا۔ سیدھا کرنا۔
سیدکا۔ وہ تحفہ جو شادی میں لڑکی کی پہلی رخصتی کے بعد لڑکی والے اپنے ساتھ لے جاتے ہیں اور لڑکی کو میکے لے آتے ہیں۔
سیدکا ہوتی۔ ایک قسم کی ٹوکری۔
سیکر۔ زنجیر۔
سیل کرنا۔ لٹو کے کھیل کی اصطلاح
سیلہا۔ سیلا۔ ایک قسم کا ابالے ہوئے دھان کا موٹا چاول۔
سیمل۔ سینبھل۔ ایک قسم کی روئی جو تکیوں میں بھری جاتی ہے۔
سیہارنا۔ سرہانا (سارن)
سیوہلی۔ چہرے پر سفید داغ۔

## ش

شپالڑانا۔ شپا = نیزہ۔ شپالڑانا = نیزہ لڑانا۔ ہوشیارانہ تدبیر سے یا لوگوں کے تعلق پیدا کر کے کام نکال لینا۔
شطرنجی۔ بڑی دری
شقفا۔ دیوار کا روزن
شکر پالا۔ شکرپارہ۔
شور کرنا۔ ۱۔ پکارنا (در بھنگہ) ۲۔ معنی
شہانی رات۔ شب زفاف

## ص

صبنانا۔ کپڑوں میں صابن لگانا۔

## غ

غازی مرد۔ مجازاً گھوڑے کو کہتے ہیں۔
غازی میاں کا بیاہ۔ جب کسی کے بیاہ میں غیر معمولی دیر ہوتی ہے تو لوگ کہتے ہیں کہ اس کا بیاہ غازی کا بیاہ ہے۔ چونکہ حضرت سالار مسعود غازی رحمۃ اللہ علیہ کنوارے شہید ہوئے کچھ لوگ ہر برس کچھ میں ان کا بیاہ رچاتے ہیں۔
غصانا۔ غصہ کرنا۔
غصہ بھری صورت بنانا۔ تیوری چڑھانا روکھی صورت بنانا۔ ناک بھوں چڑھانا
غلالہ کرنا۔ غرارہ کرنا۔
غلفا۔ (غلفتی = پانی کا پھل) ایک سفید پھل جو ناریل کے اندر ہوتا ہے۔
غنے میں ہونا۔ افیون کی پینک میں ہونا۔ بے خبر

اور بے حس ہونا۔
...م۔ ایک گیت جو بہار میں "ملک" قوم کے یہاں شادیوں میں گایا جاتا ہے۔ اُس میں ان کی قومی تاریخ ہوتی ہے۔

## ف

...راخستی۔ کاہل (فلا خلقی = پس وہ خطاوار نہیں ہے) کاہل کسی کا کچھ نہیں بگاڑتا اس لیے کہتے ہیں۔

## ق

...یلہ۔ عموماً سسرے کو اس لقب سے ملقب کرتے ہیں۔
...ض گوام۔ قرض و وام۔
...مت کا دھاکڑ۔ قسمت کا سانڈ
...لفی۔ ۱۔ قلفی ۲۔ جائے کی پیالی۔ نیچے کا وہ حصہ جو دھات کا ہوتا ہے اور گھومتا ہے
...مدانی۔ ایک قسم کا باریک چاول۔
...ند آلو۔ شکرقند (سارن)

## ک

...ٹھ کٹمبھ۔ کاٹھ کوٹھ۔ کاٹھ کباڑ
...اٹھ کو رو ہو جانا۔ چپ لگ جانا
...اٹھی ۱۔ لکڑی (رانچی) ۲۔ تلوار کی نیام۔
...ادو۔ کیچڑ (عوام)
...ادو کرنا۔ کھیت کو کیچڑ سے بھر دینا۔ کاشتکار

اس کا خاص تیوہار مناتے ہیں۔
کارنس۔ کارنس
کاڑا۔ کاٹڑا۔ ۱۔ پاڑا۔ پڑوا۔ بھینس کا نر بچہ۔ ۲۔ سرکی۔
کاڑی۔ کاٹڑی۔ پاڑی۔ پڑیا۔ بھینس کا مادہ بچہ۔
کاکٹ۔ گٹی کاٹنے کا آلہ
کاکریزا۔ کاکریزی۔
کاگ ڈُرس۔ (کاگ = عدد طاق۔ ڈرس = عدد جفت) ایک کھیل جو املی کے بیجوں کو مٹھی میں لے کر کھیلا جاتا ہے۔
کانا۔ ۱۔ بمعنی مشہور۔ ۲۔ اُترا بھیتر
کانا پھسکی۔ کانا پھوسی۔
کاندر۔ گودن۔ غبی۔ کاہل۔
کاندن۔ کاندو کی عورت۔
کاندو۔ بھڑ بھونجا۔ عربی "کانون" بمعنی چولھا سے مشتق ہے۔
کانے کترے۔ کانے کھدرے
کبارنا۔ اکھیڑنا (عوام)
کباڑن۔ کنجڑن
کباڑی۔ کنجڑا۔
کبیر۔ سویرا کا الٹا۔ دیر کر کے۔
کبی۔ ایک قسم کی مچھلی جو سبزی مائل ہوتی ہے۔
کپاس کی کہانی۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک دوسرے سے پوچھتا ہے کہ "کپاس کی کہانی سنو گے؟" ہاں اور نہیں دونوں

جاڑوں سے پریشان کرتا ہے۔
کُپّا پُھلانا۔ کُپّا ہونا۔ روٹھنا۔
کُپّڑ سنٹوا۔ دیکھیے چڑیا۔
کَتّاب۔ چوپایہ کی آنت کا ایک حصّہ
کِتاری۔ اُوکھ۔ اینکھ ؎
کتاری کا مگدر ہلاتا ہوں میں
سموچی گنڈیری کو کھاتا ہوں میں
کُتّا۔ کنکھا جس پر جھلنی منڈھتے ہیں۔
کُتّا خصّی ہونا یا بنے پھرنا۔ ۱؎ بیکار وقت برباد کرنا۔ ۲؎ مارا مارا پھرنا۔
کَتلا۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے جسم پر چھیٹے ہوتے ہیں۔
کُتّھ۔ کتھا۔
کَتّھک۔ کیتھا۔ بیل سے مشابہ ایک ترش پھل جس کی چٹنی بھی بنائی جاتی ہے۔
کتھئی۔ کتھئی۔ کتھے کے رنگ کا۔
کُتّی۔ ایک قسم کا کھیل۔
کُتّی۔ کُتیا۔
کَٹاس۔ کاٹنے والا یا والی۔ عموماً بلّا۔
کٹاودہی۔ پتلا دہی۔
کٹ کلیجا۔ کٹ کریجا۔ کرنجوا۔
کٹ کٹاہا۔ کٹ کھنا۔
کٹ کٹاہی۔ کٹ کھنی
کٹّو۔ سنوٹ۔ کھیاری کی ڈنٹھل کے ٹکڑے
کٹھ باپ۔ سوتیلا باپ۔

کٹھ پگلیا۔ (کاٹھ کا پگلا) پاگل عورت (عو)
کٹہرے دار۔ جس کے کنارے آری کی طرح دندانے دار ہوتے ہیں۔
کٹھ کھدوا۔ کٹھ پھوڑا۔ ہُدہُد۔ مشہور ہے کہ چونچ سے کاٹھ (لکڑی) کھودتا ہے۔
کُٹکی۔ بہت چھوٹے مچھر
کٹیا۔ ۱؎ کٹنی (دربھنگہ) ۲؎ ٹہری (سارن)
کٹیلا۔ گھموئی۔ کٹائی۔ ایک خاردار پودا۔
کجرا۔ کرنجا۔ چشم ارزق۔
کجری۔ ۱؎ ایک کیڑا جو شاخوں اور کلیوں کو خراب کر دیتا ہے ۲؎ ایک راگنی۔
کجری دیکھنا۔ کسی کے انگوٹھے میں کاجل لگا کر عملیات کے ذریعہ کسی کا حال معلوم کرنا۔
کجرہٹا۔ ایک جرم پیشہ خانہ بدوش قوم۔
کچاہن۔ کچاہند۔ کچیاند۔ گندہ۔ شور وغل (عو)
کچ بچیا۔ ۱؎ ایک چڑیا۔ ۲؎ ستارہ۔
کچڑی۔ پسی ہوئی دال کی پھلکی۔
کچک۔ دھچکا۔
کچ کڑا۔ کچ کڑ۔ ایک مصنوعی دھات پلاسٹک
کچکل۔ کیچڑ سے اٹا ہوا۔
کچکن۔ چڑیل۔
کچّو۔ اروی۔
کچّی۔ چیپڑ۔ آنکھوں کی لعاب دار رطوبت۔
کچّی چینی۔ نیلی سفوف چینی۔
کدرم۔ ایک درخت جس کے پھول عنابی ہوتے

ہیں صبح سے دوپہر تک کھل کر شام کو سکڑ
جاتے ہیں۔
۔ (پٹ سن) اس کی شاخ کے ریشے
سے نکلتا ہے۔
۔ ۱ کھسرا۔ چیچک کی ایک قسم۔ ۲ آدی
باسیوں کی قبر۔ (رانچی)
۔ کھنڈا۔
ن کا تیل۔ (انگریزی کیروسن) مٹی کا تیل۔
۔ بونٹ کی بھوسی۔
۔ گھونگچی۔ بیضاوی سرخ دانے جن پر
ایک سیاہ داغ ہوتا ہے۔ اس سے سونا
تولا جاتا ہے۔
۔ کاغذ کا گول ٹکڑا۔
۔ ۱ چھوٹا کرا۔ ۲ ایک نیا پیسہ
۔ گلے کا ایک زیور۔
انا۔ ۱ کڑکڑانا۔ (روغن کو گرم کرنا) ۲
مرغی کی آواز جو انڈا دینے سے پہلے اس کے
منھ سے نکلتی ہے۔
گا۔ ۱ دیودار سے مشابہ ایک لکڑی ۲
آدی باسیوں کا ایک تہوار (چھوٹا ناگپور)
ی۔ ایک بیل جو پانی میں ہوتی ہے پتے چھوٹے
اور پھول بیے کی شکل کے ہوتے ہیں۔
نج۔ چھوٹا ناگپور کا ایک پھل جو سیم سے مشابہ
ہوتا ہے۔ اس کے تخم سے تیل نکلتا ہے
جو خارش میں لگایا۔ چراغ میں جلایا او

صابون بھی بنایا جاتا ہے۔
کرہا۔ کرنجی آنکھ۔ تنی سی آنکھ۔ چھوٹی نالی جو
کھیتوں میں پانی پہنچانے کے لیے کھودی
جاتی ہے۔
کرینگ۔ کشتی نما لوہے کا ظرف جس کو لاٹھے
میں باندھ کر کھیتوں کو سینچتے ہیں۔
کڑاکل۔ قرقراؤ (ایک مشہور پرندہ)
کڑاہی۔ ۱ معنی مشہور ۲ ہانڈی (در بھنگہ)
کڑرو۔ پڑرو۔ بھینس کا بچہ۔
کڑما۔ کنبہ۔
کڑوینی۔ ایک درخت جس کا پھل مثلث
اور چھلکے بادام سے مشابہ ہوتے ہیں۔
کڑہوئی۔ وہ شادی جس میں لڑکی کو شادی
سے پہلے سسرال لا کر کے شادی
رچاتے ہیں۔
کسار۔ لکڑی کا سفید رنگ۔ خام حصہ۔
کس کٹ۔ ۱ مرکب دھات۔ ۲ مخلوط النسل
کسیلی۔ سپاری۔ ڈلی۔ چھالیا۔
کفنانا۔ کفن پہنانا۔
کگرہر۔ جھگڑا پیدا کرنے والی چیز۔
کگوت۔ کگوہت۔ کوانچ۔ ایک پودا جس کے
روئیں جب بدن کو لگتے ہیں تو کھجلاہٹ
پیدا کرتے ہیں۔
کگھیا۔ کنگھی (ایک قسم کا پودا)
کلاؤ۔ کراؤ۔ مٹر کے سوکھے دانے۔

کلٹانا - ترسانا

کلسنا - ترسنا

کلٹنا - کلوٹا کا مصغر

کلٹنی - کلوٹی کا مصغر

کل جبھا - کل جبھی - کالی زبان والا یا والی - وہ
جس کی بددعا اثر کر جائے۔

گلس - ۱ معنی مشہور۔ ۲ کیلے کا پھول جو گلس
سے مشابہ ہوتا ہے۔

کلسوپ - بانس کی تیلیوں کا بنا ہوا سوپ۔

کلکھا - کلکھاہی - کالک والا یا والی

کلوندا - کروندا۔

کلہانی - تاڑ کے پتوں کی بنی ہوئی چھوٹی ٹوکری۔
(پٹنہ۔ بہار)

کلیانا - درخت میں کلی کا کھلنا۔

کلیجے سوپ کی طرح ہونا - خوشی سے پھولے
نہ سمانا۔

سوپ کی طرح کلیجے ہوئے دہقانوں کے
جانب دشت بڑھے پاؤں بھی دیوانوں کے
(احمد ارمان آروی)

کمابُت - کماؤ

کمانی دار - وہ محراب جو دائرے کا ایک حصہ ہوتی ہے۔

کمتی - کمی (عوام)

کمر توڑی - کمر بیٹھی

کمہائن - کمہاری ۱ کمہاری کی عورت ۲ سرخ
رنگ کا پتنگا جس کا گھونسلا مٹی کا اور چکنا
ہوتا ہے۔

کمیا - کمیرا - اجرت پر کاشتکاری کا کام کرنے وال[ا]

کن پترا - ہر بات پر بے سوچے سمجھے یقین کر لینے وا[لا]

کنتی - ایک مٹھائی جو چھڑی کو شکر کے شیر[ے]
میں ڈال کر اور جما کر بناتے ہیں۔

کنٹھا دھاری - دیکھیے کنٹھا برہمن۔ (ترہت)

کنٹھا برہمن - وہ برہمن جنھیں ہنود کے یہا[ں]
موت ہو جانے پر کھانا کھلایا جاتا ہے
بہت بسیار خور ہوتے ہیں۔

کنجر - شیر جس کے جسم پر لکیریں ہوتی ہیں۔
(بنگال ٹائیگر)

کنجی دینا - (گھڑی میں) کوک دینا۔

کن چیٹر - کن پٹی۔

کندرُبی - کندور - ایک قسم کی سبزی پلول سے مشاب[ہ]

کندھے اترنا یا کندھے پار اترنا - الزام دوسر[ے]
پر ڈال کے نکلنا۔ (عو)

کنڈا - کانڑا - سرکنڈا - سرکی (پٹنہ بہار)

کنڈا - چاول کا سرخ چھلکا جو چھانٹنے کے بعد
گرد ہو جاتا ہے۔

کنکنا یا کنکناہی - مٹی یا بالو ملا ہوا یا ملی ہوئی۔
یہ کیفیت دانت کے نیچے محسوس ہوتی ہے

کنکنی - فضا کا سرد ہو جانا۔

کنکھا - گھڑے ہانڈی وغیرہ کی گردن۔

کنکھی - کن انکھی۔

کنگلیا - چھنگلیا - ہاتھوں کی چھوٹی انگلی۔

کوجر۔ کنکھجورا۔ کھنکھجورا۔

نی ۔ کہنی (چاول کی خامی اور سختی) کہتے ہیں:
چاول میں کہنی رہ گئی یعنی چاول پورے طور پر گل نہ سکے۔

ے کنے توس۔ ایک قسم کا کھیل جس میں بچے
ایک دوسرے کے کان کے پاس یہ الفاظ
کہتے ہیں۔

وال۔ مـ۱ (وزن) چھٹانک مـ۲ (گز کا) گرہ

ل مٹی ۔ چکنی مٹی ۔

پل نکلی۔ کوپل اُگی ۔ کوپل پھوٹی ۔

ٹھا ہونا۔ کھٹی چیز کے کھانے سے دانت کا کھٹا ہونا۔

ٹھا ڈمر ۔ ایک قسم کا کچا پھل۔

چا۔ جلی ہوئی مرچیں ۔ کچے آم۔ نمک اور
کڑوے تیل وغیرہ کا مرکب ۔

ڈو۔ کودوں ۔ ایک معمولی قسم کا غلہ

ڑنا۔ تھوڑا کھودنا۔

ڑھی۔ مـ۱ جزامی مـ۲ اپاہج ۔

ڑی ۔ مـ۱ معنی مشہور مـ۲ ½ دام۔

پیس۔ پیال سے مشابہ گھاس۔ خس اس
کی جڑ ہوتی ہے ۔

وسلا کرنا۔ طعنہ دینا (عو)

وکنٹی ۔ روئی جس کا پیدائشی رنگ زرد ہوتا ہے ۔

وکڑا ۔ کیکڑا ۔

وکنی ۔ گاؤ دُم کانٹی ۔

نوکی۔ کولی ۔ چھوٹا گلیارہ جس کے تین جانب
دیواریں ہوں ۔

کونڈی ۔ جھابا ۔ مـ۱ لوہے کا مخروطی شکل کا ڈول
مـ۲ اسی شکل کا شیشہ جس میں موم بتی جلائی
جاتی ہے۔

کونی ۔ کنگھی ۔ ایک قسم کا غلہ جس کے دانے چھوٹے
چھوٹے زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔

گُونے کی بُو بُو۔ گوشہ نشین۔ شرمیلی (عو)

کُووا ۔ کویا ۔ (تاڑ یا کٹھل کا)

کوا کرنا ۔ پریشان کرنا

کوَل ۔ کمر بلاہ ۔ دو لکڑیاں جو تقاطع پہ ہوتی ہیں
اور بلی کو سہارا دیتی ہیں ۔

کُوہا ۔ کہاسا ۔ کُہر ۔ کُہرا ۔

کویا ۔ پھلی جس کے اندر سے روئی نکلتی ہے۔

کوتیا ۔ ریشم کے کیڑوں پر کا غلاف جس سے
ریشم کاتتے ہیں ۔

کَہارِن ۔ کہاری

گُہنبر ۔ حجرۂ عروس ۔

کہرنا ۔ کراہنا ۔

کُنہڑا ۔ کُہنڈا (ایک مشہور ترکاری)

گُہہ گُہہ ۔ آواز جو بھوک میں پیٹ سے نکلتی ہے ۔

گُہوا ۔ کاہو (ایک قسم کا درخت)

گُہیا ۔ چھوٹے منہ کی لمبی ہانڈی ۔

کیڑی ۔ چھوٹے چھوٹے کیڑے جو غلے میں ہوتے ہیں ۔

کینتا ۔ پچینڈا (ایک قسم کی سبزی)

کیلی ۔ کیری ۔ کچا آم ۔

کینید ۔ ایک قسم کا پھل اس کے پتوں کی بیڑی بنتی ہے ۔

کیولا۔ سنگترہ، سنترہ، نارنج۔ (نارنگی)
کیولئی رنگ۔ کیولے کے رنگ کا۔ نارنجی رنگ۔

## کھ

کھاجا۔ ۱۔ نارڑ کی آنٹھی کا گودا جو کھایا جاتا ہے
۲۔ ایک مشہور مٹھائی (کھجلا) کھاجا اور جوڑ اسیلاو (قریب بہار شریف) کا بہت مشہور ہے۔
کھارا یا کھرا پانی۔ کھاری پانی۔
کھانچ۔ کواڑ کے دو پلوں کے کناروں کو چھیل کر ایک دوسرے سے وصل ہونے کے لیے جو جگہ بنائی جاتی ہے۔
کھب کھب۔ آدمیوں کی بھیڑ کے لیے بولتے ہیں۔
کھکھوا۔ ۱۔ بھیٹ کی جلی ۲۔ بھیٹ کے دانے
کھپڑوں نور برستا ہے۔ طنزاً بہ معنی پھٹکار۔
کھتوا۔ ایک ہندو قوم جو کہاری کرتی ہے (دربھنگہ)
کھٹپٹی۔ بے تابی تجسس
کھٹک۔ ہندو سبزی فروش۔
کھٹکن۔ کھٹک کی بیوی۔
کھٹنا۔ سخت محنت کرنا۔
کھٹوا۔ کھٹا ملا کر پکایا ہوا بھات۔
کھٹی۔ کھٹھی۔ کھرنڈ جو زخم یا دانوں پر جم جاتی ہے۔
کھجلا۔ ۱۔ کھاجا (مٹھائی) ۲۔ بد دعا کا لفظ (عو)
کھجلانا۔ جھلانا۔ غصہ کرنا (عو)
کھلجلانا۔ کھجانا۔

کھجلاہٹ۔ کھجاہٹ
کھجلی۔ بد دعا کا لفظ
کھچالڑکا۔ نابالغ
کھچ بھچ۔ بہت زیادہ بھیڑ
کھچم کھچ۔ بھرا ہوا۔
کھچڑیا بال۔ کھڑبڑا بال۔ سفید اور سیاہ ہوئے بال۔
کھچڑی فروش۔ چاول دال بیچنے والا۔
کھدبدیا۔ کھدمدیا۔ ہنڈ کلھیا۔
کھدوکا۔ لگاون بجھاون (
کھدی۔ چونی۔ چاول کے چھوٹے ٹکڑے۔
کھرائن۔ کھراہند۔ کھرانڈ۔ پیشاب کی طرح سی بو رکھنے والا۔
کھرچی۔ لکڑی جو کواڑ دو دتوں کے درمیان رہتی ہے۔
کھرچائن یا کھرچھبندھا۔ نمکین
کھرل کرنا (بات کا) ایک بات کو بار بار دہرانا (اطراف ڈیانواں)
کھرکی۔ کھڑکی۔
کھرہرا۔ ۱۔ کھرا۔ کھرکھرا (بے فرش کا پلنگ) ۲۔ کھریرا (گھوڑے کا)
کھرہری۔ کھری۔ کھرکھری۔
کھرہرا۔ کھردرا۔
کھرہری۔ کھردری۔
کھری۔ چھوسنا۔ گھوڑے کے کھریرا کرنے کے

بعد اس کے جسم سے چونٹیوں کا چھوٹنا۔ اس
کے بعد اس کو نہلاتے ہیں۔ مجازاً زیادہ گرمی
معلوم ہونے کو کہتے ہیں۔ (عوام۔بہار شریف)
ھڑچال۔ کھٹ چال۔ کھٹ جال۔ (کھڑ۔
گھاس۔ چال امر چالنا کا) چالی جو پلنگ
کی بن سے بنائی جاتی ہے۔
ھڑنی۔ کھُودنی (سلاخ جس سے آگ کو اشتعال
دیتے ہیں)
ھکھانا۔ کھانسی کا ہونا۔
ھکسا۔ کھکھسا۔ تُول (ایک کڑوی جو درخت
کے خول میں گوند کی طرح ہوتی ہے اور پانی
میں ڈالنے سے پھول جاتی ہے)
ھکسی۔ کھکھسی۔ جِبئیل (ایک قسم کی سبزی
جس کا چھلکا سبز دانہ دار ہوتا ہے۔ شکل
بیضوی) (پٹنہ۔گیا۔رانچی)
ھکھارا۔ کھنکھار (منہ سے نکلا ہوا بلغم)
ھکھر۔ نیولے سے مشابہ ایک جانور۔
ھکھوڑن۔ کھُرچن۔
ھکھڑی۔ ۱؎ کھکسا (سارن) ۲؎ وہ دھان
جس کے اندر چاول نہ ہو۔
ھگڑا۔ تاڑ کا پتہ ڈنڈی سمیت۔
ھگڑی۔ وہ جگہ جہاں تاڑ کے بہت سے درخت ہوں۔
ھلی۔ کھلی ۱؎ تیل نکالنے کے بعد تلہن کی سیٹھی۔
۲؎ سفید رنگ مٹی جس سے تختوں پر لکھتے ہیں۔
ھلواڑی۔ کھلنڈرا

کھلوری۔ کتھا یا چونا لگانے کی چمچی (پٹنہ۔دیہات)
کھلوڑیا۔ کھلواڑی کا مصغر۔ گیتوں میں نوشاہ کو
کہا جاتا ہے۔ ع
کھلوڑیا بنا معدا سہورے چلا
(گیت۔عورت)

کھلی۔ پان کا مثلث بیڑا۔
کھجڑی۔ کھنجری۔
کھنچلی۔ کھنچیا۔ کھانچی کا مصغر۔
کھنتی۔ ۱؎ رانبا۔ سَبّل ۲؎ سڑک کے کنارے
کی نالی جس سے کھیتوں کی سیرابی ہوتی ہے۔
کھندڑا۔ سُوزنی۔ موٹے دھاگوں سے سوزنی
کیا ہوا بستر۔
کھندانا۔ کھندوانا۔ کھدانا۔ کھدوانا۔ (دیہات)
کھُندنا۔ کھودنا (دیہات)
کھُندی گور چاٹنا۔ بے حد کاہل ہونا (عو)
کھندھا۔ کھیتوں کا مجموعہ جس کے تحت کئی کھیت
ہوں۔
کھنڈر۔ مکان کا وہ حصہ جو رہائشی مکان کے
علاوہ صرف دیواروں سے گھرا ہو۔
کھُنڈلا۔ ڈربا۔
کھوتھا۔ گھونسلا۔ جھونجھ
کھوجنا۔ ڈھونڈھنا۔
کھورا لگانا۔ نقص پیدا کرنا۔ خراب کرنا۔
کھورا لگنا۔ بالوں کا اڑ جانا۔
کھورا ہا۔ کھوراہی۔ بدصورت عیب دار بدمزاج۔

کھونکا۔ کھوکا۔ تاڑ کی ڈنڈی کا نچلا بھدا سا حصہ۔
کھونچیا۔ کھونچ لگانے والا۔ کھنچوا۔
کھوینچا۔ رقم جو تقریب میں حجام یا میراثن کو دی جاتی ہے۔
کھوئیلا دینا۔ اوکھلی میں غلہ کو کوٹتے وقت لکڑی سے اکسانا۔
کھیر کھلائی۔ نوشاہ کو کھیر کھلانے کی رسم جب وہ حجرۂ عروسی میں جاتا ہے۔ اس کو رقم دی جاتی ہے۔
کھیر موہن۔ چھینے کی گول جیسی مٹھائی۔
کھیری۔ کھیری۔ زرد رنگ چھوٹے چھوٹے بیضوی پھل
کھبکا۔ (کھانے کا) داہنا ہاتھ (اطراف لکھی سرائے)
کھیلنا۔ ۱ معنی مشہور ۲ جن شیطان وغیرہ کی تسلط۔
کھینچا کھینچی۔ اینچا کھینچی۔ کھینچا تانی۔
کھینگ گڑنا۔ پھانس چبھنا۔
کھینی۔ تمباکو کے پتے
کھیہن بہن۔ دیکھیے سورا بہن۔

# گ

گابھ۔ دھان کا وہ نرم خوشہ جو چھوٹا نہ ہوا اس میں دودھ ہوتا ہے۔
گاچھ۔ ۱ درخت ۲ باغ (دربھنگہ)
گاچھی۔ ۱ چھوٹا پودا ۲ باغ (دربھنگہ)
گادا۔ مٹر کے ہرے دانے۔

گادی۔ ایک قسم کی کھوئے کی برفی جس میں میوے ڈالے جاتے ہیں۔ (بہار شریف)
گارنا۔ نچوڑنا۔
گارن۔ ۱ گارنا کا حاصل مصدر ۲ چھووا۔ تلچھٹ
گال ہانکنا۔ غرور کی باتیں کرنا (عو۔ رانچی)
گالی گفتا۔ گالی گلوج۔
گانا گوٹی۔ ایک کھیل جو گوٹیوں یا ٹھیکریوں سے کھیلا جاتا ہے۔
گانج۔ دیکھیے پوُنج (مغربی پٹنہ)
گانجا۔ ۱ بانس کا مخروطی ٹوکرا ۲ معنی مشہور۔
گاندھی۔ ایک کیڑا جو دھان کو کھاتا ہے۔
گاہی۔ پانچ عدد کا مجموعہ۔
گبھّا۔ چھوٹی توشک جس پر بچے سوتے ہیں۔
گبھانا۔ دھان کا بیال کے اندر چھپا رہنا (رانچی)
گبھرو۔ گبھروا۔ گمبھیر۔ گمبھرو۔ سنجیدہ۔ نوشاہ کو کہا جاتا ہے۔ (عو)
گتکا۔ گدکا۔ چھوٹا ڈنڈا جس سے تلوار چلانے کی مشق کی جاتی ہے۔
گٹّا۔ ۱ کلائی کا جوڑ ۲ گڑ کی ریوڑی (بہار شریف)
گٹا پارچہ۔ باریک کچ کپڑا۔
گٹ رو۔ چھوٹا خاکی رنگ کا بیضوی پھل (جمشید پور)
گٹھلی۔ گٹھلی (سخت بیج مثلاً آم۔ لیچی وغیرہ کی)
گٹی۔ گٹّی ۱ ٹھیکری جس سے چلم کے سوراخ کو بند کرتے ہیں۔ ۲ پتھر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ (بہار شریف)

لجا۔ بڑا شکر پارہ ۔ دیکھیے ملگرامی۔
بجڑا۔ گاجر۔
یدال کھانا۔ چیزوں کا بے ترتیبہ انبار۔
یدا۔ گود۔
یدر۔ گدلا۔
یدھا۔ تاش، چوسر وغیرہ کے کھیل میں اپنا فریق۔
یدڑا۔ گدڑی کا کمبڑ۔
یدگدانا۔ ۱؎ زخم کو چھیڑنا ۲؎ تنگ کرنا۔
یدہا۔ گدھا۔
راکھٹ۔ گنگارٹ۔ گنگٹ۔ چھوٹے چھوٹے
پتھر جو ندی کے کنارے ہوتے ہیں۔
رتھان۔ گرھستھان (گھر کی مالکہ)
ردی۔ ڈھال جو بانس کی تیلیوں کو کچے سوت
سے بن کر بناتے ہیں۔ گدگا کھیلنے میں اسی
سے ڈھال کا کام لیتے ہیں۔
رگٹ۔ گیرنے سے مشابہ سرخ پتھر (دراخی)
رمی دھوپس۔ تونس۔
رگرا۔ چاول کے آٹے کا بجکا جس میں چنے
وغیرہ نہیں ہوتے اور پانی کا پکا ہوا ہوتا ہے۔
یروں۔ گروپ (رہن)
رَی۔ گری ناریل
رڈایت۔ پاسبان۔ دوسادھ
رگڑا۔ نرشتی۔ گرگڑی جس میں بوتا لگا کر اور
ڈال کر پیتے ہیں۔
رڈلا۔ ایک قسم کی مچھلی۔

گُرڑوا۔ گڈا (گڑیا کا مذکر)
گُرنبہ۔ (گُڑ + انبہ) املڑا (گڑ میں بنا ہوا
کچے آموں کا مربہ) کھٹے میں میٹھا ڈال کر
گُرنبہ بناتے ہیں۔
گرڈھا۔ گدڑھا۔
گرڈھی گھاس کھانا۔ خود کام نہ کرنا اور دوسروں
کی محنت سے فائدہ اٹھانا۔
گُرڑنا۔ غرانا (دہات)
گلا دبانا۔ ۱؎ گلا گھونٹنا ۲؎ دباؤ ڈالنا۔
گل بجبوا۔ گلوگیر آواز والا۔
گل پھڑا۔ باچھ۔
گل تھتھرا۔ (گال تھتھرا) بدزبان (عو)
گل تھتھری۔ بدزبانی (عو)
گل بھری۔ بدزبان عورت (عو)
گلٹا۔ گولٹ۔ گلاوٹ۔ ایسی شادی جس سے
ایک شخص دوسرے کا بہنوئی بھی ہوتا
ہے اور سالا بھی۔
گلگلانا۔ پلپلانا۔ پھل وغیرہ کو دبا دبا کر نرم کرنا۔
گلگلیا۔ کنجر۔ ایک خانہ بدوش قوم۔
گلگلینی۔ گلگلیا کی عورت۔
گلا۔ گنڈیریاں۔
گلٹاہا۔ دیکھیے گنٹاہا۔
گلوات۔ بات چیت
گلہت۔ گلھتی، بہت گیلے اور گھٹے ہوئے پکے
ہوئے چاول جو مریضوں کو دیتے ہیں۔

گلہنڈا۔ گالی بکنے والا۔
گلیارا۔ گلی کا مصغر۔ چھوٹی گلی۔
گلینا۔ شیشے سے مشابہ ایک دھات۔
گمچھا۔ انگوچھا۔
گم رہی۔ روٹھ کر چپ رہنے والی (عو۔ دہات)
گمسائن۔ بدبو جو مرے ہوئے چوہے کی بو سے
مشابہ ہوتی ہے۔
گمہار۔ ایک قسم کا درخت۔
گنپوڑوا۔ گنپوڑا۔ ایک گھاس جس کی بیل چھت
دار، پتے گول ہوتے ہیں۔
گنجی۔ بنیائن۔ (لباس)
گنٹھاہا۔ دبلا بیمار عورت۔
گیندھاری۔ ایک قسم کا ساگ۔
گندوڑا۔ کوڑا کرکٹ کا ڈھیر
گندھڑا۔ کھیندھڑا کا تابع مہمل۔
گندھی۔ ۱۔ عطر فروش ۲۔ ایک قسم کا بدبودار پروانہ
گینگل۔ گوگل (مشہور خوشبودار لکڑی جو جلائی جاتی ہے)
گنوارن۔ گنواری۔
گوام۔ ۱۔ باندھ باندھنے والوں کی جماعت ۲۔ قرض
گوتنی۔ جٹھانی یا دیورانی۔
گوٹا۔ ۱۔ عدد: (دربھنگہ) ۲۔ پتھا وغیرہ
گوتے۔ پورا۔ سب (رانچی)
گودی۔ گود۔
گودی دینا۔ شادی میں لڑکی کی رخصتی کے
وقت رشتہ داروں کا لڑکی کو رقم یا تحفہ دینا۔

گورکھ دھندھاری۔ گورکھ دھندا۔
گورکھیا۔ (گئو رکھیا) چرواہا۔
گورنا۔ کسی پھل کو پکنے کے لیے چھپا کے رکھنا
گوڑا۔ ۱۔ کڑا جو دھات کے برتنوں کے پیند
میں لگایا جاتا ہے ۲۔ ایک قسم کا مو
چاول۔
گوڑاٹاہی۔ بار بار آنا جانا۔
گوڑکاہی۔ ۱۔ بکری اور دوسرے چوپایوں کا پا
۲۔ کھجور کی شاخ کا نچلا خاردار حصہ۔
گوڑیا اینٹ۔ (گوڑ + یا) پجاوے سے نکلی
ہوئی اینٹ۔
گوکھلا۔ گوکھرو (خاردار پودا)
گولوا۔ ساگ جس کی پتیاں بہت چھوٹی چھوٹی
گولساں سی ہوتی ہیں۔
گولیانا۔ گول کرنا۔
گوندنی۔ ایک غلہ جس کے دانے گول اور گوٹی
سے مشابہ ہوتے ہیں۔ اس کا بھات اور
کھیر پکاتے ہیں۔ (چھوٹا ناگپور)
گونرڑ۔ کاندو کی ایک قسم۔ (سارن)
گونگرا۔ ترئی (رانچی)
گونٹھا۔ اوپلا۔
گونٹھے میں گھی سکھانا۔ بے فائدہ کام کرنا۔
گوہرا۔ گوبر کا لمبا اوپلا۔
گوہنا پاتی۔ گہنا پاتا۔
گہوڑی۔ گوہانجنی، گوہاٹی۔ دانے جو پلک پر نکلتے ہیں

گہیلا ۔ گہنا = پکڑنا ۔ گہیلا بمعنی پکڑنے والا ۔ مجازاً فریفتہ کرنے والا ۔ حسین ۔ شوخ

گیبرو ۔ ایک پرندہ ۔

گیٹم ۔ دری سے مشابہ کپڑا ۔

گید رگیہ ۔ بے شمار ۔ (راجپی)

گیڑا ۔ دیکھیے ڈابر ۔

گینتا ۔ گینت (پتھر توڑنے کا نوکیلا اوزار)

گینچپا ۔ گینتا ۔ چھینڈا (ترہت)

گیہم ۔ گوہم ۔ گیہوں ۔

## گھ

گھاس گرھنا یا اکھاڑنا ۔ گھاس کھودنا ۔

گھٹاہا ۔ (گھٹنے والا) بے حیا ۔

گھیٹ میل ۔ مختلف چیزوں کا مل جل جانا ۔

گھٹی ۔ تختہ ۔

گھنیچ ۔ بیس عدد پان کا گٹھر (بہار شریف)

گھچڑ پچڑ ۔ گھچ پچ ۔ گنج بج

گھنوکا ۔ تاڑی کی لبنی (حاجی پور اطراف)

گھنیچ گردینا ۔ پست گردن والا ۔ دیکھیے مثل سو پہ بھولی .....

گھنچی ۔ چھوٹا گڈھا جو گولی کھیلنے کے لیے کھودا جاتا ہے ۔

گھرچی ۔ کنگھی

گھرچیانا ۔ الجھنا

گھرچیاہا ۔ ۱۔ الجھنے والا دھاگا ۲۔ عیار آدمی ۔

گھری جوتنا ۔ خوشامد کرنا (در بھنگہ)

گھر کنڈوا ۔ گھروندا ۔

گھرگھرا ۔ گہرے بادامی رنگ کا مینگا ۔ پرندے اس کو کھانے کی لالچ میں جال میں پھنستے ہیں ۔ دیکھیے مثل گھرگھرا سو جھے ہے .....

گھر موہنا HOME SICK جو اپنے وطن سے باہر جانا نہ چاہے ۔

گھریا ۔ گھریلو ۔

گھڑ براس ۔ نیل گاؤ ۔

گھڑسٹری ۔ گھڑونچی (بہار شریف)

گھڑکنا ۔ گھرکنا ۔ ڈانٹنا ۔

گھڑلی ۔ چھوٹی چھوٹی مٹیا جس میں پانی بھر کر اس کے اوپر روٹیاں رکھ کر شادی میں شامیانہ کے نیچے برات کے روز فاتحہ کی جاتی ہے ۔

گھڑنائی ۔ (گھوڑا + نائی) دو گھڑوں کی گھڑنائی جس پر پاسی گھوڑے کی طرح چڑھ کر سنگھاڑے نکالتے ہیں ۔

گھڑ ہیں دینا ۔ دیکھیے ڈھوہیں دینا ۔

گھس گودھا ۔ گھسیارا ۔ گھس کھدا ۔

گھنڈی ۔ ۱۔ گھڑونچی ۲۔ مٹی کا چھوٹا چبوترہ جس پر گھڑے رکھے جاتے ہیں ۔

گھنگڑانا ۔ سمٹانا ۔ سکیڑنا ۔ ٹھٹھرانا ۔

گھنگڑنا ۔ سمٹنا ۔ سکڑنا ۔ ٹھٹھرنا

گھگھا دینا یا مارنا ۔ پتنگ کے دھاگے کو تیزی سے لپیٹنا ۔

گھلٹانا ۔ لڑھکانا ۔ پریشانی میں مبتلا کرنا ۔

گھلٹنا ۔ لڑھکنا ۔ پریشانی میں مبتلا ہونا ۔
گھموری ۔ گھماچی ۔ گھمسی ۔ اَلھوری ۔
گھنگھنی ۔ گھنگھنی ۔ تلے ہوئے بوٹ یا مٹر وغیرہ
گھوٹی ۔ گھٹی ۔ وہ دوا جو شیر خوار بچوں کو پلائی جاتی ہے ۔
گھود ۔ گچھا (عموماً کیلوں کے لیے بولتے ہیں)
گھور ۔ محراب جو نیم دائرہ ہو ۔
گھوڑی ۔ ۱ مادہ گھوڑا ۔ ۲ سرخ چیونٹے ۔
گھوگھا ۔ تاڑ کے پتوں کا بنا ہوا لمبا کوٹ جس سے
بارش سے بچنے کے لیے سارا جسم ڈھک
لیتے ہیں ۔
گھوگھا ۔ پرندوں کا معدہ جو آگے کو نکلا ہوا ہوتا ہے
گھوگھل ۔ ایک آبی پرندہ ۔
گھول مٹھا ۔ گھور مٹھا ۔ کئی چیزوں کو ملا کر خبط ربط کرنا ۔
گھونچ دینا ۔ دھونس دینا ۔ دھمکی دینا ۔ گردن
دبا کر مارنا (عوام ۔ پٹنہ)
گھیٹنا ۔ گھاٹنا ۔
گھیلا ۔ گھڑا (عوام)
گھیورا ۔ ترئی (در بھنگہ)

## ل

لاٹ کھانا ۔ پتنگ کا گھومنا ۔
لاٹھا ۔ ایک قسم کا ڈھینکل جس میں بانس باندھ
کر اس سے ڈول یا کونڈی لٹکاتے ہیں ۔
لاڈلی ۔ ۱ گول چپٹا یاقوت جو نتھ میں رہتا ہے
(عو ۔ پٹنہ) ۲ پیاری ۔

لار ۔ رال جو عموماً بچوں کے منھ سے ٹپکتی ہے ۔
لار پوار ۔ نڈھال ۔ کمزور (عو)
لاڈ ۔ لاڑھ ۔ لاڈ ۔ (رانچی)
لاڑو ۔ لاڈو ۔ لاڈلی ۔
لاڑھ لگانا ۔ لاڈ پیار کرنا ۔ (رانچی)
لاس ۔ لوہا جس پر موچی چمڑا کوٹتا ہے ۔
لاکڑ ۔ لکڑا ۔ لکڑ بھگا ۔ ایک قسم کا بھیڑیا ۔
لال بنا ۔ خوب صورت نوشاہ (عو) ؎
دلہن موڑ موڑ چلیہو مورے لال بنے (گیت)
لالمی ۔ خربزہ (عوام)
لانگھنا ۔ نانگھنا ۔
لاوا ۔ کھیل (دھان کی)
لاہ ۔ لاکھ ۔
لاہی ۔ بیٹ ۔
لائی ۔ ۱ پھیڑہی (سارن) ۲ بھیٹ یا
جذوائے کے بنے ہوئے لڈو ۔
لبدانا ۔ ڈھیلا مارنا ۔ (رانچی)
لبڑی بتانا صاف ۔ (لیبڑی = انگریزی لیوری
یعنی چپراسی کی وردی ۔ بتانا = انگریزی
بٹن یعنی چھوٹا ڈنڈا) سب سامانوں
کا جاتا رہنا ۔
لُب لُب ۔ لُپ لُپ ۔ جلد جلد (چھپنے کے لیے)
لبنا ۔ بڑی لبنی (عو)
لبو شبو ۔ لگی لپٹی ۔
لپا شپا کرنا ۔ ہوشیاری کی تدبیر کرنی (پٹنہ)

لپک جانا۔ لکڑی یا چھڑ وغیرہ کا بیچ سے جھک جانا۔
لپ سیٹھ۔ دغا بازی (پٹنہ)
لپ سیٹھیا۔ دغا باز (پٹنہ)
لُپکا۔ چور۔
لپکی۔ چوری۔
لپھندر۔ دغا باز مکار۔
لت لترٹ۔ بیل (پودوں کی)
لتا آم۔ امرود (در بھنگہ)
لتاڑی۔ دولتی۔
لتاہر۔ لڑکی کو سسرال سے میکے یا میکے سے سسرال لینے کو جانا۔
لتو پتو۔ للو پتو۔ لگی لپٹی۔
لتی۔ ۱ لٹو کی ڈوری۔ ۲ سرخ نرکل جس کا قلم بنایا جاتا ہے۔
لترانا۔ الجھ جانا کسی بات کا سلسلہ قائم ہو جانا۔
لترا ہا۔ الجھنے والا۔
لت مردن۔ پاؤں سے روندنا۔
لتھاڑنا۔ لتاڑنا۔
لٹا۔ دُبلا پتلا۔
لٹا ہاتھی۔ وہ آدمی جو پہلے موٹا ہو اس کے بعد دُبلا ہو گیا ہو۔
لٹ بور کا تیل۔ تیل جو دلہن کے لیے ساچق کے ساتھ جاتا ہے۔
لٹ پٹانا۔ پھنس جانا۔
لٹ پٹ سٹ پٹ۔ دغا بازی۔

لٹّبا۔ لعاب دار۔ چمٹنے والا۔
لٹی۔ چھوٹی روٹی۔
لٹی کا روزہ۔ ایک روزہ جس میں بچیاں لٹی سے افطار کرتی ہیں۔
لٹ جانا۔ دُبلا ہو جانا۔
لٹھو ہونا۔ لٹو ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ اصرار کرنا۔
لٹکو آں۔ لٹکنے والا۔
لچیڑ۔ لیتڑ۔
لدبھد۔ لت پت۔
لر۔ ہیچوان کا وہ حصہ جس سے حقہ پیتے ہیں۔
لررہا۔ لراہی۔ لعاب دار۔ لسدار۔
لڑ ٹبا۔ لڑ بڑا۔ بہت زیادہ نرم۔ (عموماً دھاگوں کے لیے بولتے ہیں) جو جھک جایا کرے۔
لرتا نگر۔ نڈھال۔
لڑ جڑ۔ رشتہ دار۔ لگاؤ والے۔ ع
اور لرجرا ایسے شیطاں کا جہاں کوئی نہ ہو
(سید حسن مختار)
لرچھوت۔ متعدی۔ پھیلنے والا مرض۔
لُرلُر۔ بہت نرم چیز۔
لس پھسانا۔ خواہش کا پیدا ہونا۔ خواہش کا پورا نہ ہونا۔
لستی۔ ۱ خارش کے دانوں کی رطوبت ۲ دہی کا شربت۔
لسوڑہا۔ لسلسا۔ لسوڑا۔ سپستان۔
لُک۔ لوکا۔ آگ کا شعلہ جو گھما کر پھینکا جاتا ہے۔

لُکانا۔ لوکنا کا متعدی۔ اچھالنا (کسی چیز کو)
لُکانا۔ چھپانا (عوام)
لکڑبیچا۔ (لکڑ ایک سابقہ ہے جو علامت
تکبر ہے) بڑا پھندا۔
لکڑ دادا۔ جدِ اعلیٰ۔ پردادا کا دادا۔
لکڑسُنگھوا۔ لکڑی سُنگھانے والا۔ ایک زمانے
میں مشہور تھا کہ کچھ لوگ لکڑی سنگھا کر دوسروں
کو اپنے قبضے میں کر لیتے تھے۔
لُکّا چوری۔ آنکھ مچولی۔
لُکنا۔ چھپنا (عوام)
لکھیا۔ لکھی کا مصغر۔ لاکھ سپاہیوں کا افسر
نوشاہ کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔
لُگدا۔ ماماؤں کا نوشاہ کے ساتھ سسرال جانا۔
لُگدن۔ نوشاہ کے ساتھ سسرال جانے والی
مامائیں۔
لگّا لگانا۔ تدبیر کرنا۔
لگے سے پانی پلانا۔ محض برائے نام کام کرنا۔
جس کام کو خود کرنا چاہیے اسے دوسروں
پر چھوڑ دینا۔
لگنا۔ ہل کا ایک حصہ۔ مشہور مصدر۔
لگن دھرنا یا ڈالنا۔ کام کی ابتدا کرنا۔ خاص کر
شادی کی بات چیت۔
لگھڑانا۔ لڑھکانا۔
لگھڑنا۔ لڑھکنا۔
لگھڑنیا کھانا۔ لنڈھکنیاں کھانا۔

لگوری۔ لگا ہوا۔ ملا ہوا۔
للانا۔ للچانا۔ لالچ پیدا ہونا۔ مثل ایک کھائے
ایک للائے۔
للچاہا۔ لالچی۔
لموتڑا۔ لمبوترا۔
لبیھا۔ بورا (کرودی کیلا)
لم پچھیا۔ (لمبی پونچھ والا) دیکھیے پوٹری (چڑیا)
لم تھوآ۔ (لمبائی چھوئے ہوئے) کسی قدر لمبا۔
لنجھاڑ۔ لنجھاڑا۔ لنجھیڑا بسلسلہ قائم کرنے والا۔
لند پھند۔ دھوکا فریب۔
لند پھندیا۔ فریبی۔
لِنڈرا۔ کھنڈرا (راپچی)
لُنڈھا۔ لنڈھا۔
لنگا۔ لنگاٹا۔ ننگا۔ بدمعاش
لنگا جھاڑی۔ ننگا کر کے جامہ تلاشی کرنا۔
لنگئی۔ بدمعاشی۔
لنگڑی بادشاہت۔ ایسی حکومت جو بادشاہی
نہ ہو مگر مطیع کی تعداد کافی ہو۔ عموماً معلمی
کے پیشے کو کہتے ہیں۔
لنگڑی بچھی۔ ایک قسم کا کھیل۔
لنگی۔ لنگٹی۔ ننگی۔
لوٹی نظر۔ چھچھورا پن (عو)
لوٹن۔ بامھنی۔ سنپولیے سے مشابہ جانور جس
کے جسم پر سفید اور رنگین چوڑی لکیریں ہوتی ہیں۔
لوٹھا۔ دیکھیے لبیٹھا۔

...دھا۔ تبا (سل کا)
...نا۔ گرتی ہوئی چیز کو ہاتھ پر روک لینا۔
...ڑی۔ لومڑی (در بھنگہ)
...ب۔ نول (پرندوں کی چونچ)
...ں بول۔ بچوں کو کاجل لگاتے وقت عورتیں کہتی ہیں۔
...پالا۔ لنگڑ پیچ۔ ایک کھیل جس میں دھاگے
ڈھیلا یا ٹھیکری باندھ کر ایک دوسرے
سے لڑاتے ہیں۔
...نجھ۔ لُنجا۔
...یا۔ لُولا۔ ٹُنڈا۔
...یا۔ تانبے کا پیسہ جس میں کوئی چھاپ نہیں
ہوتی تھی (سارن) پٹنہ میں اسے گورکھپوری
پیسہ کہتے ہیں۔
...یا دینا یا جمانا۔ باتوں میں لانا (بہار شریف)
...وٹ۔ لوہلوٹ۔ بیتاب۔ شیدا و فریفتہ (عو)
...ہی۔ بہت گرمی۔
...۔ ۱ جلن ۲ دریا کی موج۔
...نا۔ جلن ہونا۔
...یا۔ زمیندار کا ادنیٰ درجہ کا ملازم
...تے بہتے۔ خوش خوش (عو)
...لہان۔ لہو لہان۔
...نا۔ غصہ ہونا (دہات)
...تا۔ فریفتہ ہونا۔
...ری۔ لکھیرا۔ لاکھ کی چیزیں بنانے والا۔
...یا۔ لہردار (کپڑا)

لیٹر وا بسکٹ۔ لمبا کڑا بسکٹ (رانچی)
لیلین۔ استر۔
لیموں چوس۔ انگریزی لیمن جوس۔ مٹھائی جو لیموں
کا عرق ڈال کر بنائی جاتی ہے۔
لیا۔ لنگڑی۔ لُبڑی۔

## م

مات بگڑنا۔ غصہ ہونا۔
ماٹھا۔ ۱ ایک قسم کی بالوشاہی ۲ ایک قسم
کا سُرخ رنگ چیونٹا۔
ماچا۔ مچان۔ ٹانڈ۔
مار کھکھیڑا۔ مار کھدیڑا۔ مارا مارا پھرنے والا۔ (عو)
مار پیٹ۔ مار دھاڑ۔
ماڑ۔ مانڈ۔ ماڑ۔ پیچ۔ ابلے ہوئے چاولوں
کا پانی۔
ماڑا۔ مانڈا۔ جھلی جو آنکھ کی پتلی پر چھا جاتی ہے۔
ماڑی۔ مانڈ۔ کلف (کپڑے کا)
مالکونی۔ مالکنگنی (ایک دوا)
مالِن۔ مائن۔
مان۔ ایک پودا جس کا پتا لمبا ہوتا ہے۔
مانجا بٹھانا۔ مانوں بٹھانا۔
ماں کی دہی کرنی۔ ماں بہن کی گالی دینا۔
مانگ جانگ۔ مانگ جانچ۔
مانگن نوچا۔ غلہ جو کاٹتے وقت گڑایت نوچتا
یا بطور حق لیتا ہے۔

مانگن نقدی۔ نقد جو گردایت فصل کٹتے وقت
وصول کرتا ہے۔
متائن۔ (ماتائن) چیچک کی نور کھنے والا۔
متھنی۔ ٹیلہ جس پر قبریں ہوتی ہیں (پٹنہ)
متی۔ ہٹی۔
مٹھ۔ موٹھ۔ ڈنڈے کا دستہ۔
مٹھر۔ ۱ مٹھا۔ کاہل ۲ ضدی
مٹھی۔ معنی مشہور ۲ وہ بوجھ جو مٹھی میں سما جائے۔
مٹھری۔ مینڈی۔
مٹھیا۔ ۱ ہل کا ایک حصہ ۲ مٹھی بھر اناج
جو کسی کارِ خیر کے لیے روزانہ نکا جاتا ہو۔
مٹکی مارنا۔ آنکھ مٹکانا۔
مٹیانا۔ جان کر انجان بننا۔
مٹیاہا۔ مٹیاہی۔ ۱ مٹی ملا ہوا یا ملی ہوئی
۲ مٹی کی مانند۔
مثلہ مارنا۔ ضرب المثل بولنا یا طعن کرنا۔ (عو)
مجکند۔ زرد پر مغز خوشبو پھول جس میں
چار پنکھڑیاں ہوتی ہیں۔
مجمع لڑنا۔ بہ یک وقت بہت سی پتنگوں
کا لڑنا۔ (پٹنہ)
مچھڑ۔ مچھر
مچھلوکا۔ (مچھلی ٹوکنے والا) سفید رنگ پرندہ
جو غوطہ مار کر مچھلیاں نکالتا اور کھاتا ہے۔
مچیا۔ نیچے پاؤں کا چھوٹا چوکھٹا کھٹولا جس
پر صرف ایک آدمی بیٹھ سکتا ہے بعض

میں اڑانی بھی ہوتی ہے۔
مخدومانہ۔ کھیت جو کسی بزرگ کی فا...
کے لیے وقف ہو۔
مدھو بھینی۔ مدھ بھری۔ نشیلی (عو) سے
لال بنے کی ہیں مدھو بھینی انکھیاں دگیہ...
مرانا۔ بانٹنا۔ سن کو اینٹھ کر رسی بنانا۔
مرجا۔ بیسن میں لپٹی ہوئی تلی ہوئی مرچیں
مرجھانا۔ مرو آنا۔ مولانا۔ مرجھانا۔
مردانہ۔ مرد (عوام)
مردنی۔ موت کے قریب ہونے کی علامت...
مرزئی۔ ۱ ایک قسم کا خستہ شکرپارہ۔ ۲
لباس جو کمر تک ہوتا ہے اور اس می...
دو بند ہوتے ہیں۔
مرغا مرغی۔ ایک قسم کا کھیل۔
مرگھن۔ موٹا حصہ جو غلے کو پھٹکنے کے بعد چھا...
میں رہ جاتا ہے۔
مرکھنڈا۔ مرکھنا۔
مرکھنڈی۔ مرکھنی۔
مرنے کنارے۔ مرنے کے قریب (پٹنہ)
مرہی۔ دیکھیے پھڑہی (راجی جمشید) مرمرے
(لکھنؤ) بھونے ہوئے چاول جو پھول
جاتے ہیں۔
مرٹھیا۔ منڈاسا۔ چھوٹی پگڑی۔
مڑانا۔ منڈانا۔
مرکی۔ ۱ چھینے کا شکرپارہ ۲ ایک زیور

مُڑنا۔ ۱۔ کترانا ۲۔ حقیقہ۔
مَڑوا۔ منڈھا۔ شامیانہ
مُڑوآ۔ مَنڈُو۔ (غلّے کی ایک قسم)
مَڑیڑا۔ منڈیرا (عوام)
مَزوَر۔ مزدور (عوام)
مسبھنڈ۔ (ماس بھنڈ) = بھاری بھرکم۔ کاہل۔
مَسکا۔ ایک قسم کی نرم مٹھائی جو آسانی سے مسک جاتی ہے۔
مَس کَٹا۔ مُرچڑا۔ وہ فقیر جو پیسہ نہ ملنے پر اپنے گوشت کو کاٹتا یا اپنی زبان میں سلاخ بھونک لیتا ہے۔
مُسکوڑا۔ مُسوڑا۔
مُسہَڑ۔ (موس = چوہا + ہر = پکڑنا) یعنی چوہا پکڑنے والا۔ ایک قوم چوہے وغیرہ کو کھاتی اور مزدوری کرتی ہے۔
مُسہَڑنی۔ مُسہَڑ کی عورت
مشتری بھاری ہونا۔ لڑکی کی شادی میں دیر ہونا۔ (عو)
مَکتَب۔ ۱۔ بسم اللہ خوانی کی رسم ۲۔ بچوں کی تعلیم گاہ۔
مَکڑی۔ دیکھیے لیگی (پاسی کی)
مَکئی۔ مکّا۔ بھٹا۔
مَکئی کا لاوا۔ پُرمل۔ مکئی کے بُھنے ہوئے دانے
مُکیری۔ مسلمانوں کی ایک قوم جن کے آباواجداد ہندو تھے۔

مُگیری۔ لکڑی جس سے گھنٹہ بجایا جاتا ہے۔
ملائی چوپ۔ چھینے کی مٹھائی جس کے اوپر بالائی ڈالی جاتی ہے۔ (درانجی)
ملائی کری۔ چھینے کی سفید سفید سی مٹھائی (درانجی)
مل غوبا۔ گھی ملی ہوئی چینی۔
مَلِک۔ بہار کے مسلمانوں کی ایک قوم جو حضرت سید ابراہیم سپہ سالار و صوبہ دار بہار جنھیں بادشاہ وقت کی طرف سے ملک بیو کا خطاب ملا تھا، کی اولاد ہے یہ لوگ اصولاً سید ہیں لیکن ملک کہلانا پسند کرتے ہیں ان کی شادیاں آپس ہی میں ہوتی ہیں۔ یہ لوگ زیادہ تر بہار کے تین ضلعوں: پٹنہ، گیا اور میں آباد ہیں۔ یوپی، پنجاب اور بنگال کی ملک قوم کا ان سے کوئی تعلق نہیں ہے۔
مَلکا مَلکنا۔ بجلی چمکنا۔
مِلکی۔ ۱۔ سید ۲۔ ذاتی زمیندار جو شہر میں آکر بس گئے ہوں۔ (پٹنہ)
مَلوَا۔ ۱۔ لمبہ ۲۔ چھوٹی پیالی (درانجی)
مَلئی۔ پیالی (دولت)
ملیا۔ ملئی کا مصغر۔ چھوٹی پیالی۔
ممموڑنا۔ بسُڑوڑنا۔
ممموڑ چموڑ۔ بسُڑوڑ چڑوڑ
مناہٹ۔ مناہی۔ ممانعت۔
منجر۔ بَور (آموں کا)

منجرانا۔ آموں میں مور آنا۔
منجھڑ۔ سموئی۔ سمویا۔ مخلوط
منجیرا۔ مجیرا۔ کچھاوج۔
منہ چھوڑ ناک سے پانی پینا۔ آسان چھوڑ کر مشکل طریقہ اختیار کرنا۔
مندا۔ ماند۔ بے رونق۔
مندرسا۔ اندرسے سے مشابہ ایک مٹھائی۔
منڈ۔ ۱۔ آدی باسیوں کا ایک قبیلہ ۲۔ وہ جو عام رعایا سے خراج وصول کر کے منکی کو دیتا ہے۔ (چھوٹا ناگپور)
منڈاری۔ منڈا کی زبان۔
منکی۔ وہ آدی باسی جو منڈوں سے خراج وصول کر کے براٹک کو دیتا ہے۔
من کھپ من ہنڈا۔ اس شرط پر کھیت جوتنا کہ مالگزاری جنس کی صورت میں چند من فی بیگھا کے حساب سے ہو۔
منگا۔ سنجنا کا پھول۔
منگوچھی۔ منگچھی (مونگ کی میٹھی پھلوری)
منگرا۔ بڑا کھپڑا جو دو چھپروں کے جوڑ پر رکھا جاتا ہے۔
منگواری۔ بعض دیہاتوں میں شادی میں منگل کو کھیر پکا کر بی سہجا کی نیاز دی جاتی ہے
من منانا۔ بے حد خواہشمند ہونا۔ (عو)
منہا۔ ایک من کا دیگ جس میں ایک من کھانا پک سکے

منہ کندھرانا۔ منہ تھوتھانا (عو۔ دہات)
منہ کھولانا۔ منہ کھولنا۔ نوزائیدہ بچے کو پہلی بار دودھ پلانا (عو)
منہ لگا۔ مجلس چور۔ جو لوگوں کی صحبت میں نہ بیٹھے۔
منہ مندا۔ (منہ بند کیا ہوا) میٹھا دیا ہوا منہ بند سموسا۔
موآف۔ موباف۔ فیتہ جو چوٹی یا جوڑے میں باندھا جاتا ہے۔
موچھ۔ مونچھیں۔
موچھا موچھی۔ لڑائی جس میں اپنی بڑائی کا اظہار ہو۔ (مشرقی پٹنہ)
موچھ میں گھی لگانا۔ حیثیت نہ ہونے پر نمائش کرنا۔
موتھا۔ ناگر موتھا۔ (ایک گھاس)
موٹانا۔ موٹا ہونا۔
موٹیا۔ (کپڑا) گاڑھا۔ گزی۔
مورا باندھنا۔ دھان کی موری باندھنا۔
مورن۔ کرہا بنانے والا۔
مورہن۔ تمباکو کے پتے جو پہلی بار نکلتے ہیں۔
مورہیار۔ کھیت جس میں مولی بوتے ہیں۔
موڑنا۔ مونڈنا۔
موڑی۔ بھیڑی (شمالی مونگیر)
موکا۔ دیوار کا روزن۔
موگا۔ زنخا۔
موگ مہرا۔ زنخا۔
مولوبائن۔ استانی۔

۔ سرکی کا پھول ۔ (سارن)

۔ ۱۔ گڈھا جو بننے میں بنوں کے کنارے
کال پر نمایاں ہوتا ہے۔ ۲۔ دلکش ۔

ہٹا ۔ بانس کا کھمبا جس میں ماہی کے جالوں کو باندھتے ہیں۔

۔ مہینے کا دوندا

۔ موری (پاخانے کی)

گوتھنا ۔ شادی میں دلہن کی چھوٹی چھوٹی
چوٹیوں کو ملا کر گوندھنا ۔ (عو)

۔ خوشبو ۔ دلکش ۔

پیٹ کرے کہہ کہہ جوڑا کرے سدھ دش ۔عو)

۔ دودھ سے مکھن نکالنا ۔

نا ۔ سیلانا ۔ نم ہونا ۔

لنا ۔ ایام حمل کا گزرنا ۔ (عو)

چڑھنا ۔ چاند چڑھنا ۔

یا ۔ مٹونی کا مصغر ۔ چھوٹی ٹوکری ۔

بندرا ۔ دُلہا سے میاں بنڑے کو لاگی جھیپ
جوٹ کنگنوا میں ناپہنوں گی ۔ (گیت ۔عو)

۔ تانبے کا برتن ۔ مٹیا سے مشابہ ۔

ل برہمن ۔ متھلا کے برہمن ۔

ٹکڑا ۔ شاہی ٹکڑا ۔ ڈبل روٹی یا شیرمال
کے ٹکڑے جو گھی میں تلنے کے بعد شیرے
میں ڈبوئے جاتے ہیں اور ان پر دودھ
ڈالا جاتا ہے ۔

جیز ۔ قرآن شریف (عو)

ں ۔ تر اگمٹ کا موٹا چونا (بہار شریعت)

میر شکار ۔ چڑی مار ۔
بیگھ راسی ۔ وہ جس کی شادی میں پانی برستا ہے ۔
میلنجور ۔ مور (مراٹھی)

# ن

ناٹا ۔ ٹھینگنا ۔ پست قد ۔ بہار سے باہر
قلیل الاستعمال ہے ۔

ناٹی ۔ ٹھینگنی ۔ پست قد ۔

نادھ ۔ ناند ۔

نار ۔ نال (نوزائیدہ بچے کی ناف)

نارا ۔ ناڑا ۔

نارن ۔ چمڑے کا تسمہ جس سے ہل کو پانوے
باندھتے ہیں ۔

ناک پر کوڑی نچانا ۔ بے حد مجبور اور عاجز
کر دینا (اطراف اسلام پور)

ناکڑ نوکڑ ۔ ناکر نوکر ۔ حیلہ حوالہ ۔ ٹال مٹول ۔

نان بنبہ ۔ خمیری روٹی جو روئی کی طرح نرم ہوتی ہے ۔

نیٹوا ۔ شادیوں میں ناچنے گانے والا ۔

نٹھا نٹھر ۔ بانجھ ۔ چوپایہ

نٹھالا ۔ سنسان

نِٹھر ۔ خالص ۔

نچنی ۔ کھجاہٹ

ندیا ۔ ۱۔ چھوٹی ہانڈی ۲۔ ندی کا مصغر ۔

نرگت ۔ نرسل ۔ نرکل

نرکٹوا ۔ بچوں کی نال کاٹنے کا چاقو ۔

نَرَہنی ۔ نُہرنی ۔ ناخن کاٹنے کا اوزار
نَرَیٹی ۔ نرخرا ۔ ٹیٹوا ۔
نَس کٹوا ۔ نس کاٹنے والا ۔ خطرناک ۔ ایک زمانے میں مشہور تھا کہ کچھ لوگ زبردستی لوگوں کی نس کاٹ لیتے ہیں ۔
نشہ جاتا رہنا یا ٹوٹنا ۔ نشہ ہرن ہونا یا کرکرا ہونا ۔
نشہ خوار ۔ متوالا ۔
نَشتَر ۔ نِشتَر ۔
نقارے کی کڑک ۔ نوبت کے ٹکور ۔
نِکاسی (نقاشی) نکلنا ۔ چیچک نکلنا ۔
نکاون ۔ نِکونی ۔ ایک قسم کا غلہ جو پرندوں کو کھلاتے ہیں ۔
نَک بھینی ۔ ناگ پھنی ۔
نَکٹی ۔ سوکھی نیٹ
نکیانا ۔ ناک سے بولنا ۔
نِکار ۔ پانی کا نکلنا (دیہات ۔ پٹنہ)
نِگرین ۔ راستہ جس سے کھیتوں کا پانی نکل جاتا ہے ۔
نَکد ۔ اچھا ۔ (رانچی)
نَلّا اکھڑنا ۔ ناف کا ٹل جانا ۔
نِملا ۔ کمزور ۔ مجبور ۔ بے بس ۔
نندوسی ۔ نندوئی ۔ نند کا شوہر (عو)
نَنکلاٹ ۔ لٹھا ۔ انگریزی ۔ لونگ کلوتھ
نَنند ۔ نند ۔ شوہر کی بہن ۔
نَنَد پوٹرا ۔ نندانی ۔ وہ جوڑے جو شادی

میں لڑکی کا باپ لڑکی کی نند وغیرہ کو
نِنوآل ۔ ترئی ۔ (شاہ آباد و سالن)
نِواڑ ۔ ۱ نواڑ (جس سے پلنگ بنتے ہیں) ۲ نواڑی (پھول)
نوسارن ۔ ایک پرندہ گروڑ سے مشابہ ۔
نوسیر ۔ سیرلی
نوشہ ہار ۔ گلے کا ایک زیور ۔ مالے سے مشابہ
نوکیتھر ۔ دیکھیے کتھنیٹر
نوگوٹیا ۔ ایک کھیل جو زمین یا کاغذ پر بنا کر کھیلتے ہیں ۔ دونوں فریقوں کے نو نو گوٹیاں ہوتی ہیں ۔
نوماسہ ۔ ایک رسم جس میں حاملہ عورت کے نو دنوں گودی بھری جاتی ہے اور دعوت کی جاتی ہے ۔
نَوَن ۔ نائن ۔
نئوآ ۔ ۱ نائی ۔ ۲ سیاہ پتنگا جو زور سے کاٹتا ہے ۔
نہالی ۔ لگن (شمع دان کی)
نہ چھوآ ۔ شادی کی رسم جس میں نوشاہ کو سنو کے بعد حجام پاؤں کے ناخنوں کو نہرنی سے چھو دیتا ہے اور اسے نیگ دی جاتی ہے
نِہڈّا ۔ بے ہڈی کا ۔
نَہرا ۔ کنوئیں کی پختہ منڈیر ۔
نَہسُر ۔ چمڑا جو ناخن کے پاس بھوچڑ کی طرح نکل آتا ہے ۔
نہلا ۔ ۱ لوہے کا دستہ دار کشتی نما اوزار جس

زمین کی کچھ چکنی کی جاتی ہے۔ ۳ تاش
کا پتا جس میں نو بوٹیاں ہوتی ہیں۔
- ۱ خوشامد ۲ احسان جتانا (دربھنگہ)
ں کھانا۔ بھیل نیا کرنا۔
ی۔ نیاریا۔ سونار کی بھٹی سے سونا نکالنے
والا۔
- نیٹ۔
- کپڑے یا رسی کا بنا ہوا کڑا جس کو سر
پر رکھ کر اس کے اوپر گھڑا رکھتے ہیں۔
بلّو۔ گوشہ نشین آدمی۔
نپھیرنا۔ بلاوا بھیجنا۔ مہمانوں کے پاس
جا جا کر بلاوا دینا۔
- نیولا۔
- دہی کا مکھن جس سے گھی نکالا جاتا ہے۔
- میکا۔

و

ولنا۔ وصول کرنا۔

ہ

بانہیں۔ ہتھراس۔ ہتھا پائی
لیک۔ چھوٹی چیزیں چرانے والا چور
رسی لگانا۔ جب رقم کم ہو اور حقدار زیادہ
تو بقایا حق کے تناسب سے تقسیم کرنا۔
ہاڑ۔ شور و غل۔ اچھل کود
ی اوندھانا۔ مفلس ہو جانا
ی۔ ہنڑیا۔ ہانڈی۔ ہنڈیا۔

ہبکنا۔ دانت سے کاٹنا۔
ہپچا۔ گڑھا جس میں پانی اور کیچڑ جمع ہو۔
ہر یانہ۔ اُدہرانا۔
ہدا۔ لال بھڑ۔
ہراٹھا۔ تندرست۔ محنتی۔
ہزارہ دینا۔ بعض دہاتوں میں شادیوں کی یہ رسم
کہ شب عروسی میں لڑکی کو سنوارنے کے
بعد خاص گیت گا کر جنات یا پریوں کو
بلا دیتے تاکہ تسلیط کا آخری فیصلہ ہو جائے۔
ہرائی۔ ہلواہے کی اجرت جنس کی صورت میں۔
ہرچکار۔ گوکھرو۔
ہرناتا۔ تار کی ایک قسم۔
ہریائن۔ ہرائند۔ ایک ناگوار بو جو عموماً کچے
پتوں یا کچی ہلدی میں ہوتی ہے۔
ہرس۔ ہل کا ایک حصہ
ہڑبڑاہٹ۔ جلدی کرنا بے صبری۔
ہڑپیٹا۔ ہیٹو۔
ہڑکانا۔ بھگا دینا۔
ہڑوا۔ دیکھیے سنڈنا۔
ہسکل ڈومنی۔ لوہے کی خمدار میخ اور لمبے پتر
کے سرے پر کا قلابا جس میں میخ دوا میں
اور قلابے پیا تک کے کواڑوں میں جڑے
ہوئے ہوتے ہیں۔
ہُش ہُش قلندر۔ وحشی۔
ہکار رٹیرنا۔ واویلا مچانا (دہات)

ہلانا۔ گھسانا۔ (دہات)
ہلٹا۔ پتھر کا ڈھیلا (سنتھال پرگنہ)
ہلچل۔ وحشت۔
ہلفا۔ ہلکی موج۔
ہلفے دار۔ لہردار
ہلکنا۔ جھانکنا (دہات)
ہلکی سردی۔ گلابی جاڑا۔
ہلوان۔ بکری کا چھوٹا بچہ۔
ہلواہا۔ دوسرے کے کھیت کو اُجرت پر جوتنے والا۔
ہلوُمان۔ لنگور۔
ہنپنا۔ ہانپنا۔
ہنٹر۔ بڑی گھنٹی (پانی کی) جو عموماً راستے
کے کنارے ہوتی ہے۔
ہُنڈار۔ بھیڑیا۔
ہَنڈولا۔ چھوٹی ہانڈی۔
ہنڈولا۔ جھُولا۔
ہَنڈولی۔ ہنڈولا کا مصغر۔
ہنڈھا۔ سالن جو مرچ۔ ہلدی۔ اور بھنی ہوئی
دھنیا ان تینوں کا سفوف دے کر ہانڈی
میں پکایا جاتا ہے۔ دیہاتوں میں شادی
رسم سایہ بندی کے روز کھلایا جاتا ہے
ہنسلی ۱؎ ہانسی (گلے کی ہڈی) ۲؎ گلے کا
گول زیور۔ ۳؎ اوزار جس سے پا
تار چھیدتا ہے۔
ہنسوا۔ ہنسیا۔ درانتی
ہَنہنانا۔ ہِنہنانا (گھوڑے کی آواز)
ہو۔ ۱؎ ہونا کا امر ۲؎ آدی باسی قوم کا ایک
ہَوا بہنا۔ ہوا چلنا۔
ہورا۔ ہُول۔ بھالے یا لاٹھی کی نوک کسی
جسم میں چبھو دینا۔
ہَوڑا۔ ہُڑّ۔
ہوکھا۔ ہوکا
ہولہا۔ ہولا۔
ہَہر جانا۔ گھبرا جانا (بچوں کا)
ہیلنا۔ گھُسنا۔
ہینگا۔ کھیت برابر کرنے کی چوکی
(سارن)
(تمام شد حصہ اوّل فرہنگ بہار)

سید یوسف الدین احمد بلخی

# فرہنگِ بلخی

## حصّہ دوم

## ا

| مثل | معنی |
|---|---|
| پ تعزیہ بنائے آپ ہی ہلام کرے۔ | کسی کام کو خود ہی کرے پھر خود ہی بگاڑے۔ (مغربی و مشرقی پٹنہ) |
| دمی کھوجے داؤ، ماچھی کھوجے گھاؤ | مکھی کو گھاؤ کی تلاش رہتی ہے اور دشمن گھات میں رہتا ہے۔ |
| دمیوں میں آپ کو دیکھا سانپ میں تھتھر سانپ کو دیکھا | ضدی آدمی کے لئے بولتے ہیں چونکہ تھتھر سانپ اپنی جگہ سے نہیں ہٹتا۔ |
| دمی میں حجّام نوآ۔ جانوروں میں حجّام کوّا لکڑیوں میں حجّام جھواؤ | آدمیوں میں حجّام جانوروں میں کوّا اور لکڑیوں میں جھاؤ بہت چالاک ہے۔ جھاؤ بہت جلد جل کر راکھ ہو جاتا ہے۔ اُس سے فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا۔ |
| دھا چترا رائی مُرائی: آدھا چترا جو کرائی (کراؤ) | آدھے چترا میں روئی اور مولی بونا چاہئے اور آدھے چترا میں جَو اور مٹر۔ |
| دھے میں نر پینا، آدھے میں سارا گھر پینا۔ | ایسی نامناسب تقسیم جس میں آدھا ایک شریک کو مل جائے اور دوسرا آدھا تمام شریکوں میں بانٹا جائے۔ |
| ی نہ برسے اُدرا ہست برسے ندان ہے ہیں ڈاک سنو بھلاری بھئے کسان پسان | ادرا اگر شروع میں اور ہتھیا آخر میں نہ برسے تو ڈاک کہتا ہے کہ کسان تباہ ہو جائے گا (شاہ آباد) |

آری جائے تو کیا رلاٹھی، بیچ بنگا چرواہی

آری (آل) پر جا کر سر بچانے کے لئے لاٹھی رکھ دو تب بانگے کے کھیت میں مویشی چراؤ۔

آنکھ جو کھلی تو برات نکل گئی

وقت گزرنے کے بعد تدبیر سوچ کرنا کام رہ گیا اس کا تعلق ایک قصے سے ہے۔ ایک برات میں ایک روشنی بردار کو نیند آگئی جب اس کی آنکھ کھلی تو برات نکل چکی تھی۔ (پٹنہ)

آنکھوں دیکھی دور کردیں کانوں سنا ہے

آنکھوں دیکھی بھٹ پڑے میں نے کانوں سنا ہے اسی موقع پر بولتے ہیں جب کوئی آدمی کسی کی آنکھوں دیکھی باتوں کو جھٹلاتا ہے اور اپنی غلط بات پر اڑا رہتا ہے (لو۔ پٹنہ)

آدا لو آبہے بتاس۔ تب ہولا برکھا کے آس

اگر ہوا چاروں طرف سے چلتی ہے تو بارش کی آس بندھتی ہے۔

آیا تو آم گیا تو لبیڈا
اَب وہ بارو نہیں

کام اگر ہو گیا تو فائدہ نہ ہوا تو نقصان بھی نہ ہوا۔ بارو ضلع مونگیر کا ایک گاؤں ہے جو بیوقوفی میں ضرب المثل ہے۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب جماعت ترقی کر جاتی ہے اور خرابی جاتی رہتی ہے۔

اپنا ٹیٹن سوجھے نہیں دوسرے کی پھولی پر نظر

اپنا ٹینٹ نہ سوجھے اور کی پھلی نہارے۔ اپنی زیادہ برائی نہیں سوجھتی دوسرے کی ذرا سی برائی پر بدنام کرتا ہے۔

اپنے میں سپنا

اپنی چیز بے قدر ہوتی ہے۔

اُترا میں جنی روپا ہو بھیّا
تین دھان ہو تیرہ پلنا[1]

اترا نچھتر میں روپنے سے دھان کی فصل اچھی نہیں ہوتی یعنی بے وقت کام بے فائدہ ہوتا ہے (ترہت)

---

[1] دھان جس میں چاول نہ ہو

بچے ڈیڑھ سو
را برسے سب کچھ ہاں
جو اس پترپن بھاں
را دھان پُنَر بس بیا
کسان جو بوئے چتریا

را گیل، تین گیل، سَن ساٹھی کپاس
تھیا گیل سب گیل، آگل، پاچھل، چاس
را گئے اُپاس، سن ساٹھی کپاس
را ماس جے بوئے ساٹھی
کھ کے مار نکالے لاٹھی
کھال بگلی پیٹھی تپنا۔

گہن جے برسے میگھ
دھن راجا دھن دیس
گہن دو بر۔ پوس ڈیوڑھا

آگے اگست بن پھولے کھاس
اب نہیں برکھا کی آس

آگئی دو سے چلنی جس میں بہتر چھید

اُودے مچھلی بھکوے جُوئے اندھے کی گائے
بیانی مچکا لے کے دوڑے۔

اٹکر پکیس باتیں۔ واہیات اور بے قرینہ باتیں۔
ادرا کے برسنے سے سب کچھ اُگتا ہے۔ اگر ایک جو اس ہو پتے گر جاتے ہیں۔
دھان اگر ادرا میں بویا جاتا ہے تو بہت ہوتا ہے۔ پُنربس کا بویا ہوا کھوسا اور چترا کا بویا ہوا کچھ نہیں ہوتا ہے۔
ادرا نہ برسے تو سَن، ساٹھی اور کپاس برباد ہوتا ہے۔ نگر ہتھیا کے نہ برسنے سے جو بویا گیا اور جو بویا جائے گا سب برباد ہوگا۔
ادرا میں اگر ساٹھی دھان بویا جائے گا تو بہت فائدہ ہوگا۔ پریشانی دور ہوگی۔
کسی کام کو ہمیشہ کرتے رہنا پھر بھی اس سے واقف نہ ہونا۔ (راپنی)
اگر اگہن میں برسے تو راجا اور ملک دونوں خوش ہوں۔
اگر اگہن میں برسے تو دوگنا ہو۔ پوس میں ڈیوڑھا ماگھ میں سوایا اور پھاگن میں برسے تو برباد ہو۔
ثریا (ستارہ) نکلا اور جنگل میں خس پھولے اب بارش کی امید نہیں ہے۔ اگست ایک درخت کا نام بھی ہے۔
جو خود عیب دار ہے اُسے دوسرے کی عیب جوئی نہیں کرنی چاہیے۔
بے وقوف کو شکار میں مچھلی کافی ہاتھ آتی ہے اور بیوی اچھی ملتی ہے۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب لوگ سیدھے آدمی کے مال سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں۔

ای (یہ) بڑہک گام (گاؤں)
کیتاہ جن کے اکھان نہ بسولا

یہ احمق بڑھئی کیا کمائے گا جس کے پاس کو
اوزار نہیں۔ اس شخص کے لئے بولتے ہیں
ضروری سامان کے بغیر کوئی کام کرنا چاہتا ہے

ایک کان، دو کان، تین کان، بیابان

راز کسی ایک کو بھی کہنے سے مشہور ہو جاتا ہے

ایکو پانی جوں برسے سواتی
کُرمن پہنیں سونا پاتی

اگر سواتی میں ایک بار بھی بارش ہو تو کُرمن بھی
سونے کا آویزہ پائے گی۔ فصل کے لئے سواتی
کا پانی مناسب ہوتا ہے۔

ایک کھیڑ نہیں اُچٹاتا
ایک ہاتھ لکڑی نو ہاتھ بیاً

ایک کام نہیں کرتا۔ کاہل ہے (عو۔ دہات)
جب چیزوں کی ترتیب مناسبت سے نہیں کی جا
ہے تو بولتے ہیں۔

یا اپی رہیلا کے پوری کچوری، اپی رہیلا کی دال
اپی رہیلا کے بیلیں کھردرا، بہت موٹیلیں گال

اسی بونٹے کی پوری کچوری تلی اُسی کی دال اُسی کا
بیٹھا بنایا اور میرے گال خوب موٹے ہوئے۔
(مغربی ترہت)

# ب

باپ رہل پیٹے پوت گیل برات

باپ پیٹ میں تھا اور بیٹا برات گیا۔ کُسُم کا تخم
پیٹ ہی میں رہتا ہے کہ پھول کھلتے ہیں اور
اس کے رنگ سے شادی کے جوڑے رنگے
جاتے ہیں۔

بابک گرے مؤ گری پوتک گرے ر دراچھ

باپ بدمعاش اور بیٹا پارسا ہے (ترہت)

بات کا بڑا کرتب یا کرنی کا خوار

باتوں کے چکنے کاموں کے خوار۔ بات بنانے والے
نکمے ہوتے ہیں۔

بارہ بھٹی بنگالہ، ایک رہو آنالہ

رہو آنالہ لکھی سرائے کے پاس ایک گاؤں ہے
جو ایک زمانے میں ڈاکوؤں کا مسکن تھا۔ وہ ہر مسافر

---

لوٹ:۔ مالا جو شیو جی کے پجاری پہنتے ہیں۔

کو لوٹ لیتے تھے۔ بنگال کی بارہ بھٹیوں میں شراب پینے سے اتنی تباہی نہیں ہوتی جتنی ایک ہی بار رہوا نالہ کے ڈاکوؤں کی لوٹ سے ہوتی تھی۔ (جنوبی مونگیر)

**بارہ دری کا حقہ**

بارہ دری بہار شریف کا ایک محلہ ہے۔ مشہور ہے کہ ایک زمانے میں وہاں مہمان کے لئے حقہ پان وغیرہ کے آنے میں تکلف کی وجہ سے دیر ہوتی تھی۔ اس موقعہ پر بولتے ہیں جب مہمان کی خاطر تواضع میں دیر ہوتی تھی۔

**بارہوں پرب کرتے ہیں**

ہر طرح کی رنگ رلیاں مناتے ہیں۔

**بانٹا گوتیا پڑو سیا برابر**

جو گوتیا الگ رہتا ہے اس سے ہمدردی باقی نہیں رہتی۔ (عو)

**باہر میاں چھیل[1] چکنا گھر میں ننگی جوئے**

باہر میاں ہفت ہزاری گھر میں بیوی قہر کی ماری۔ حیثیت کچھ نہیں اور نمائش بہت زیادہ (عو۔ پٹنہ)

**بیرا[2] ہٹلوا، چق دھن او بیٹی کے باڑھ**
**ایہو سے دھن نہ گھٹے تو کر جھگڑے سے داڑھ**

برہمن کو نوکر رکھنے، چق سے روپیہ پانے اور زیادہ بیٹی ہونے سے دولت گھٹتی ہے۔ اگر اس سے نہ گھٹے تو جھگڑے سے لڑنے سے گھٹے گی۔

**بٹائی لٹائی**

کھیت کی پیداوار کی تقسیم بٹائی کے اصول پر ہوتی ہے۔ تو اس میں بد دیانتی کرنے کا موقع ملتا ہے۔ (پٹنہ - دہات)

**بڑ دھک آڑ سیار اُپاس**

دوسرے کے لئے بے فائدہ تکلیف اٹھائی۔ جب سخت محنت پر کوئی چیز ہاتھ نہیں آتی تو بولتے ہیں۔ (رانچی)

**بڑ ٹبک کنیا کے نو آنہ کھو ینچھا**

بے وقوف دلھن کو نو آنہ کھوینچھا ملتا ہے۔ یعنی بے وقوف بے قدر ہوتا ہے۔ (جنوبی مشرقی ترہت)

---

[1] چھیلا اور چکنا [2] برہمن

بڑے بڑے ڈوبے جائیں بھیڑی
پوچھے کتنا پانی

اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی مشکل کام کے کرنے سے ہوشیار گھبرائیں اور ناتجربہ کار کرنے کا ارادہ کریں۔ (پٹنہ ۔ دہات)

بڑے میاں بڑا نام

کسی کی شہرت بہت ہو مگر حیثیت کچھ نہ ہو۔ (عو ۔ پٹنہ)

بِلائی بُوا میوں

چڑچڑی عورت کے لئے بولتے ہیں۔

بہار کا راستہ دَیَاوُ

نزدیک کی راہ چھوڑ کر دور کی راہ اختیار کرنا
دَیَاوُ بہار شریف سے پورب ایک گاؤں ہے کسی زمانے میں وہاں ایک سخی زمیندار تھے بعض لوگ خواہ مخواہ دَیاوُ ہو کر بہار جایا کرتے تھے۔

بنس میں باندا پھوٹنا

باندا اس درخت کو کہتے ہیں جو کسی درخت کی شاخ میں نکل آتا ہے اور اُس کو سُکھا دیتا ہے۔
اُس موقع پر بولتے ہیں جب کسی اچھے خاندان والا بُرے چلن اختیار کرتا ہے۔ بانس میں باندا نہیں لگتا۔ اچھے خاندان والے کا بدچلن ہونا ویسا ہی تعجب خیز ہے جیسا بانس میں باندا پھوٹنا۔
(بہار شریف واطراف)

بن میں رہنا بن میں کھانا
بڑے کی بات بڑا پہچانتا

بڑے کی بات بڑا ہی سمجھ سکتا ہے۔

بُولی لُکھڑی پھوٹے کھاس
اب نہیں برکھا کے آس

لومڑی کے بولنے اور خس کے پھولنے سے بارش کی آس جاتی رہتی ہے۔ (ترہت)

بیٹھا بنیا کیا کرے۔ ای کوٹھی کا دھان او کوٹھی

بے کار آدمی بے فائدہ کام کرتا ہے۔

بیٹی اپنے گھر کی

بیٹی اُس وقت تک میکے میں رہتی ہے جب تک کنواری رہتی ہے پھر سسرال ہی اس کا گھر ہو جاتا ہے اُس پر والدین کا قابو نہیں ہوتا۔ (عو ۔ پٹنہ)

ٹی بیاہا کنواں اُڑاہا

بیٹی کے بیاہ کے بعد فکر سے سبکدوشی ہوجاتی ہے۔ (عو۔ پٹنہ)

ٹی کا بیاہ گلہری کا گوُدڑ ہے

جس طرح گلہری اپنے گھونسلے میں طرح طرح کی چیزیں جمع کرتی ہے اسی طرح بیٹی کے بیاہ میں بے شمار سامانوں کا مہیا کرنا پڑتا ہے۔ (پٹنہ)

یٹے کی بری بزار میں کھڑی

بیٹے کے بیاہ رچانے میں آسانی ہوتی ہے۔ بیٹی کے بیاہ کا سا اہتمام نہیں کرنا پڑتا۔ (عو)

ٹی کے جنم سے نہیں کرم سے ڈرتے ہیں۔

بیٹی کی پیدائش گھبرانے کی بات نہیں۔ مگر والدین اس سے ڈرتے ہیں کہ کہیں خراب جگہ شادی ہوکر اس کی زندگی تکلیف میں نہ گزرے۔ (عو۔ پٹنہ)

ید بدت ہو کھے آن۔ بلا تُلا نہیں پھوٹائے دھان
کھ سکھراتی دیب اٹھان تیکرے برھے کپے تھان
رے برھے کھیت کھریہان تیکرے برہے کوٹھی دھان

جو وید میں لکھا ہے اُس کے خلاف نہیں ہوسکتا۔ تُلا سے پہلے دھان پک نہیں سکتا۔ سکھراتی سے دیوی اٹھانے تک خوشی بڑھے گی۔ اُس کے بارہویں دن دھان کھلیان میں رکھے۔ اُس کے بارہویں کوٹھی میں۔

یل بھوٹا رائی رائی

پریشانی میں ایک کو دوسرے کی خبر نہ رہی۔ (عو۔ پٹنہ)

نیل موٹائے دماہی میں
دی موٹائے گواہی میں

بیل دماہی میں موٹا ہوتا ہے اور پیشہ ور گواہ گواہی میں کماتا ہے۔

## بھ

بھاگل پور کے بھگیلے، کہل گاؤں کے ٹھگ۔
پٹنے کے دیوالیے، یہ تینوں نامرد۔
سن پائے چھپرہیا تینوں کی توڑے رگ

بھاگل پور کے بھگیلے۔ کہل گاؤں کے ٹھگ اور پٹنہ کے دیوالہ مارنے والے تینوں بدمعاملہ ہونے میں مشہور ہیں۔ مگر چھپرہ والے ان سبھوں سے بڑھ چڑھ کر ہیں۔

بھائی لڈّن، بھائی وصی علی

لڈّن اور وصی علی نام کے دو رئیس محلہ بارہ دری بہار شریف میں تھے۔ مشہور ہے کہ جب حقہ آتا تو یہی دونوں ایک دوسرے کو بڑھاتے اور لوگ محروم رہ جاتے۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب خاطر تواضع دو ایک ہی آدمیوں تک محدود ہوتی ہے۔

بھُنئ تو بُٹ پُٹ، پِسئی تو پھانکا
سَنئ تو منٹھری، برابر لینگے حِصّہ

جب بھونتا ہے تو اتنا کم کہ غلہ بُٹ پُٹ کرکے رہ جاتا ہے پیستا ہے تو بڑے بڑے ٹکڑے رہ جاتے ہیں سانتا (گوندھتا) ہے تو پینڈیاں بن جاتی ہیں اور پوری اُجرت مانگتا ہے۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی مزدور کام پورا نہیں کرتا اور پوری اجرت مانگتا ہے۔ (دہات۔ پٹنہ)

بھوج کے وقت کہنڑا (کھنڈا)

جس چیز کو پہلے سے مہیا کرنا تھا اس کے لئے عین موقع پر ہاتھ پاؤں مارنا۔

(رانچی۔ بہار شریف)

بھور بھئے مانس سب جاگے
حقہ چلم باجن لاگے

صبح ہوئی سب لوگ جاگے۔ حقہ گڑگڑانے لگا یعنی صبح ہوتے ہی سب لوگ اپنے اپنے کام میں لگ جاتے ہیں۔

بھوکا بنگالی بھات ہی بھات

بھات بنگالیوں کی مرغوب غذا ہے۔ ہر شخص کی فکر اس کے اپنے ماحول کے موافق ہوتی ہے۔

(رانچی)

بَھیّا بھروسے گتکا؟

دوسرے کی مدد کے بھروسے کوئی کام نہیں کرنا چاہئے۔ (پٹنہ)

بَھیّا کسنوا رے بیلوا کی ڈوری نہ بھلائے

ہر شخص کو اُس کے مشغلے کی بات ہمیشہ یاد آتی ہے۔ (دربھنگہ)

# پ

ال کے جیٹھ میں دیں گے

دیہاتوں میں مہاجنوں کی باقی جیٹھ میں ادا کرتے ہیں جب کسی تقاضہ دار کو باقی دار ٹالتا ہے تو لوگ طنز سے یہی کہتے ہیں۔ (دیہات پٹنہ)

ل کے بھادوں میں دیں گے

دیکھئے اوپر والی مثل (رانچی)

ڑا نہیں مان بڑی ہوتی ہے

معمولی ضیافت جو خلوص سے کی جائے اس سے بہتر ہے جس میں خلوص نہ ہو، نمائش ہو۔ (پٹنہ)

سے آدھا پوس
یہوں آدھا بھوس

اگر آدھے پوس میں بارش ہو گئی تو گیہوں کی فصل برباد ہو کر رہ جائے گی۔ بے وقت بارش سے فصل اچھی نہیں ہوتی۔

یان نہ کھانسی نہ زکام

پرانا پان بہت اچھا ہوتا ہے اُس کے کھانے سے بیماری نہیں ہوتی۔

ال بیچ کھایا پانی پیا بیچ گیا

دوسرے کے مال کو ناجائز طور پر حاصل کر کے اس سے فائدہ اٹھانا اور ہوشیاری سے اُس کا پتہ چلنے نہ دینا۔

ہو دیں موصل چند

دوسرے کے بل بوتے پر غرور کرنے والے کے لئے بولتے ہیں۔

نے سے ہڑ کانا بہتر ہے

لالچی کو اپنے پاس پھٹکنے نہ دینا چاہئے۔

ی پھلہار!

جس چڑیا کے پر منڈے ہوں اس کے لئے پھل کھانا زیبا نہیں۔ یعنی اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا نہ چاہئے

جوں پچھوا بہے ہنسی رانڑ بات کرائے
نوں کی یہی بچار اُدھر سے ای کرے بھتار

اگر پُروا پچھتر میں پچھوا ہوا چلے اور کوئی بیوہ مسکرا کر بات کرے تو ان دونوں باتوں سے سمجھو کہ بارش ہو گی اور وہ دوسرا بیاہ کرے گی۔ (شاہ آباد)

بُڑواروپے پور کسان
آدھا کھکھوڑی آدھا دھان
پکڑنے کو گوڑ تو پکڑ لیا سُور

اگر بُڑدا نچھتر تک دھان کا روپنا ختم نہ ہو
آدھا بھوسا آدھا دھان ہوگا۔
جو تدبیر کرنی چاہیے وہ نہ کرکے کچھ اور کی
(بہار شرد

ٹُکھ پُنر بس بوئے دھان
نُکھا اشلیکھا کادُوسان

ٹُکھ پُنر بس میں دھان بونا چاہیے اور مگھ
اشلیکھا میں کادو کرنا چاہیے

پوت مار نہیں مچھری[1] تو مائے لگیں مُجھور[3]

یہ طنزیہ مثل ہے جب کھانے والا کچھ نہیں کر
گھر کے لوگ کچھ نہیں کرسکتے۔ (چھوٹا ناگپو

پُٹھیا مچھلی چالا کرے رہو سر میائے

خود بد معاشی کرے اور دوسرے کو شرمندہ کر
(دربھ

پوکھاری راجو کھاری[3] اور سب پوکھرا
راجا سیب سنگھ اور سب چھوکرا

راجو کھاری کا پوکھرا سب سے بڑا پوکھرا ہے
سب چھوٹے پوکھرے ہیں۔ راجا صرف سیب
ہیں اور سب چھوکرے ہیں۔

پیٹ کرے کہ کہ ۔ جوڑا کرے مہ مہ
پیٹ میں ہے منہ میں نہیں۔

کھانے کو میسّر نہیں مگر نمائش نہیں جاتی (عو۔ بیم
اس بات کے لئے بولتے ہیں جو کچھ کچھ یاد ہو مگر
الفاظ میں ادا کرنے کے قابل یاد نہ ہو۔

پیسہ نہ کوڑی بیچ بزار دوڑا دوڑی
پیسہ نہ کوڑی بانکی پور[4] کی سیر

اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی مفلس خواہ مخو
بازار کی سیر کیا کرتا ہے۔

## کھ

پھاگو گرائی، جیت چُک کرتک[5] نٹھاہی تار
سواتی نٹھاہی ماگھرتل، کاہے کہئے ڈاک گوار

پھاگن کی بارش اُرد کو خراب کرتی ہے جیت ک
نیموں کو، کرتک تاڑی کو اور سواتی سنیم اور
ڈاک گوالا کہتا ہے۔
(شاہ آباد)

---

[1] مچھلی [2] شوربا [3] راجو کھاری دربھنگہ ضلع کا ایک گاؤں ہے
[4] بانکی پور شہر پٹنہ کا صدر مقام ہے [5] کرتک روہن سے پہلے کا نچھتر ہے

...نڈلی بیل تل !

سر مُنڈی پھر بیل کے درخت کے نیچے گئی ! اُس موقع پر بولتے ہیں جب کسی شخص کو کسی کام سے نقصان پہنچ چکا ہو اور کوئی پھر اُسی قسم کے کام کا مشورہ دیتا ہے۔ (دعو)

## ت

...تو بھوپال[1] تال اور سب تلیّا
...تو سیپ سنگھ اور سب رجیّا

بھوپال کا تالاب سب سے بڑا تالاب ہے اور سب چھوٹے۔ اور سیپ سنگھ سب سے بڑا راجا ہے اور سب چھوٹے۔ (شمالی مشرقی ترہت)

...ی بیٹی راج اجاوے
...ا بیٹا بھیک منگاوے

یو پی کی مثل اس کے برعکس ہے۔ وہی عورتوں کا خیال ہے کہ پہلے تین بیٹوں کے بعد بیٹی کی پیدائش مبارک ہوتی ہے اور پہلی تین بیٹیوں کے بعد بیٹے کی پیدائش نامبارک (دعو)

...ـ تیلی تاڑ، ان تین سے بہار

بہار شریف میں تین چیزوں کی کثرت ہے مسلمان، تیلی اور تاڑ کے درخت

...ی[2] کھانے پنو گرل جائے

گھی میں پکی ہوئی ترکاری کھانے پر بھی دُبلا ہے۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب اچھی غذا کھانے کے باوجود انسان دبلا ہی رہتا ہے۔ (ترہت)

...سلا تور کہ مور

کسی زمانے میں شاہ آباد ضلع ڈاکوؤں کا مسکن تھا کوئی مسافر کسی گاؤں سے گزرتا تو پوچھتے کہ "سلا تور کہ مور" یعنی تیرا ہے یا میرا دونوں صورتوں میں لوٹ لیتے۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی کی چیز ظلم وستم سے چھین لیتا ہے۔

---

[1] بھوپال اور راجو کھاری دربھنگہ ضلع کے گاؤں ہیں جہاں سیپ سنگھ نے بہت بڑا تالاب کھدوایا تھا۔
[1] بہار نفس للالف مولفہ گریرسن)   [2] گھی میں پکائی ہوئی ترکاری

تیتر پنکھ میگھا اُڑے، ای بدھوا مُسکائے
کہے ڈاک سنو ڈاکینی اُو برسے ای جائے

اگر بادل تیتر کے پر کی طرح اُڑے اور بیوہ مسکرائے تو ڈاک کہتا ہے کہ اے ڈاکینی بارش ہوگی اور یہ دوسرا بیاہ کرے گی۔ (شاہ آباد)

تیلی بیل لاکھینی سَتی

تیلی کے بیل کے لئے کہارن ستی ہوئی۔ اس وقت بولتے ہیں جب ایک کے لئے دوسرا بے فائدہ نقصان اٹھاتا ہے۔ (شاہ آباد)

تین احمق، اگوا، ضامن دُوئے
جُورو سے روٹھے سُوئے

تین شخص بے وقوف ہوتے ہیں۔ بیاہ میں اگوا کا کام کرنے والا، مقروض کا ضامن اور بیوی سے روٹھنے والا۔

تین پٹادن، تیرہ کوڑن

کتاری کی کاشت کو بہت نگرانی کی حاجت ہے تین بار سینچنے اور تیرہ بار کوڑنے کی۔

تین سوئیں چوتھی روئیں

جس کی چار شادیاں ہوتی ہیں اُس کی تین بیویاں مرجاتی ہیں اور چوتھی بیوہ ہو جاتی ہے۔ (عو۔ پٹنہ)

## تھ

تھاکل بَرَد کے پٹار بھاری

تھکے ہوئے بیل کے لئے پٹاری بھاری ہوتی ہے یعنی کاہل کے لئے ہلکا کام بھی بھاری ہوتا ہے (ترہت)

تھالی ٹوٹی یا نہ ٹوٹی جھنا کا تو ہوا

یو۔پی اور پنجاب میں ہے "تھالی پھوٹی تو پھوٹی جھنکار تو سنی"۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب برا کام نہ کرنے پر بھی بدنامی ہوتی ہے۔

تھوڑ جوتیہا، بہت ہینگیہا، اونچ کے بندھیا آر
اُبجے تہ اُبجے ناہیں تو گھاگھ کے دیہا گار

تھوڑا جوتو، بہت چوکی دو، آل اونچی باندھو اگر اس پر بھی پیداوار نہ ہو تو گھاگھ کو گالی دو یعنی پیداوار ضرور ہو گی۔

تھوڑے پانی میں پوٹھیا اُپلائے

کم حیثیت والا غرور کرے

ٹھاڑک چوکل باٹر، آرک چوکل کسان

ال سے غافل کسان شاخ سے گرا ہوا بندر کی مانند ہے یعنی کام سے بے خبر ہونے پر نقصان اور ذلت ہوتی ہے۔

ٹھٹھیرے نہیں بدلا ہوئے
ٹھٹھیرے ٹھٹھیرے کا بدلا ہے

دو برابر والے ایک دوسرے کے مقابل ہو سکتے ہیں کسی کو شکست کا خوف نہیں ہوتا۔

ٹھنڈا پانی گرم ہوا گرم پانی ٹھنڈا

پرانے زمانے میں مہمانوں کے استقبال کے لئے یہی کرتے تھے۔ یعنی مہمان کا خیر مقدم کیا۔

# ج

جاڑ اگئے جڑ اور

اس وقت بولتے ہیں جب وقت گذرنے کے بعد کام کیا جائے۔ (ع)

جا ہیں تیں کچھو پائیں سہیے لڑ دی بین
لات کھاتے چکار تیں سہت دودھاری دھین

جس سے کچھ فائدے کی امید ہوتی ہے اس کی سخت باتیں بھی گوارا ہوتی ہیں۔

جاہل جیٹھ شیطان کی لٹھ

جاہل بہت سمجھانے پر بھی بات نہیں مانتا اور ضد پر اڑا رہتا ہے۔

جائے چھی پٹنہ جوڑا اک جانت (جانتا)

اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی ایسی سوغات لائے جس کی اُس جگہ کثرت ہو۔

جب جینہہ کھر چک ہیں کرتکا میں تو بوئیہا چین

جب غلے کا انبار ختم ہو جائے تو کرتک میں چینا بونا چاہیئے۔ (شاہ آباد)

جب سے آئی جائی۔ تب سے چھوٹا بھائی

گھر میں بیوی کے آنے کے بعد بھائی سے محبت کم ہو جاتی ہے۔

جب مرڑو آکے گاچھی بھیل
دھیا پوتا سکھ سکھ ماچھی بھیل
جب مڑرو آمیں بال بھیل
دھیا پوتا کے گال بھیل

منڈوے میں جب گاچھی ہوتی ہے تو لڑکے نا امید ہو کر سوکھ جاتے ہیں۔ اور جب خوشے ہوتے ہیں تو اُن کے گال خوشی سے پھول جاتے ہیں۔ (شاہ آباد)

---

۱؎ بندر

جدھر گئیں کھیر ورانی ادھرے گئیں آگ پانی

فسادی آدمی ہر جگہ فساد ہی پھیلاتا رہتا ہے۔
(دھو۔ دیہات۔ پٹنہ)

جس نے کیا شرم اُسے کے پھوٹے کرم

بے جا شرم کی بدولت ناکامی ہوتی ہے۔
(دھو۔ پٹنہ)

جکرا بارہ بیگھا بانگ کمریں ڈوڑو نا

جس کے بارہ بیگھا بانگا ہے اس کی کمر میں ڈور بھی نہیں۔ بخیل کے لئے بولتے ہیں (مشرقی مونگیر)

جکر کمایا بن بن لوٹے پھکروا ٹھوک ٹھوک کھائے۔

کمائے کوئی کھائے کوئی
(دربھنگہ)

جیکا کھیوا نہیں سے اگیلا مانگے سوار

جس کے پاس کرایہ نہیں وہ آگے بیٹھنا چاہتا ہے اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی اپنے حق سے زیادہ مانگتا ہے۔ (چمپارن جنوب مشرقی ترہت)

جو بانس کا بانس بنسواڑا
وہ بانس کا سوپ دورا

ہر آدمی میں خاندانی مزاج اور خصلت ہوتی ہے۔
(دھو۔ پٹنہ)

جوجری گیل، بھار لایا نہل چھی

بھڑ بھنجے نے میرا جو بھی جلا دیا اور اجرت کے لئے باندھا بھی۔ یعنی مالی نقصان کے ساتھ ذلت بھی ہوئی
(ترہت۔ جنوبی بھاگلپور)

جو دیکھے میں نہیں سو چکھے میں کیا ہوگا

کسی چیز کا عیب یا ہنر دیکھنے سے معلوم ہوجاتا ہے۔
(دھو۔ پٹنہ)

جُوری جَری گیل، اینٹھن نھاے

رسی جل گئی بل باقی رہ گیا
(ترہت)

جو کمائے سو کھیر[1] کھاوے اور بکری اچار کھائے

کمانے والا فائدہ نہ اٹھائے اور نکمے فائدہ اٹھائیں۔
(دربھنگہ)

جوں برسے بیسکھا راؤ
اک دھان میں دو برچاؤ

اگر بیساکھ میں برسے تو ہر دھان دوگنا ہوجائے۔
(شاہ آباد)

---

۱۔ گھاس

ں پُروا بُروِیا پاوے
لکھلے ندیا ناؤ بہاوے

پروا اچھتر میں پُروا ہوا چلے تو اتنی بارش ہو کہ سوکھی ندی میں بھی ناؤ چلے۔ (ترہت)

نہ بھرے اسر لیسا مگھا
پھر بھرے اسر لیا مگھا
نہ دیکھن نون سو دیکھن سون

اگر اخلیکھا اور مگھا میں بارش نہ ہوئی یا کھیتی نہ کی تو سال بھر انتظار کرنا ہوگا۔

یکر نبل رکھروارے تیکر بارہوں ماس

اس کے بارے میں بولتے ہیں جو غربت کی حالت سے یکایک ترقی کر کے مغرور ہو جاتا ہے۔

جس کے کھیت اساڑھ میں تر ہو گئے وہ سال بھر اچھا رہے گا۔

ہاں درخت نہیں وہاں ریڑ درخت

جہاں رکھ نہیں وہاں ارنڈ ہی رکھ ہے۔
یعنی جہاں اعلیٰ درجے کی چیز نہیں ہوتی وہاں ادنیٰ درجے کی چیز بہت سمجھی جاتی ہے۔

جہاں سوئی نہ اٹے وہاں پہاڑ
جہا سوئی نہ سمائے تہاں پھالا سمائے
یوں بھیجے تیوں کمّل بھاری
(بھیگے)

جہاں تیلی نہ جائے وہاں موصل!
محال کام کی کوشش کرنی (۱) (ابی) (۲) دربھنگہ)
کمّل جتنا بھیگتا ہے اتنا ہی بھاری ہوتا ہے
یعنی دیر کرنا خطرناک ہوتا ہے۔ (شمال مشرقی ترہت)

# چ

تر ابر سے ماٹی مارے
گے بجئے گرڈئی کے کارے

چترا کی بارش مٹی کی طاقت کو برباد کر دیتی ہے اس کے علاوہ پودوں میں خرابی لاتی ہے۔

ر گوڑوا باندھا جاہے کہ دو گوڑوا؟

چوپایہ کو باندھ کر بس میں رکھ سکتے ہیں مگر آدمی کو قید و بند میں رکھنا مشکل ہے۔

ڑھت برسے ادرا، اُترت برسے ہست
تک راجا دانڑلے، رہے آنند گرہست

اورا شروع میں اور ہتھیا آخر میں برسے تو زمیندار کتنی ہی مالگزاری لے گرہست خوش رہے گا۔

چلنی تو سے سوپ، جنیکا سہاسر گوٹ چھید
۲ چلنی دوسے سوپ کو جس کے بہتر چھید

دیکھئے انی دوسے چلنی ...... (۱) ترہت)
(۲) پٹنہ)

چلو بھائی گنگا نہائیے

سخت محنت یا پابندیوں سے فرصت کے بعد بو...
ہیں۔ (مشرقی پٹنہ ...

چلے نہ جانے آنگن ٹیڑھا

ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا (دربھنگہ ...

چور ک بھگوا ڈاہی

چور کی دھوتی جلا دو یعنی اس کو ذلیل کر د...

چور ک سنگھ چور، پہرک سنگھ خواص

چوروں کے ساتھ چور اور پہرہ دار کے سامنے ...
ناقابل اعتماد شخص کے لئے بولتے ہیں۔ (ترہ...

چوری کے دھن مُندرک پیلا
چوڑے کی گواہی دہی

مال مفت دل بے رحم (رانچی ...
جھوٹا گواہ جھوٹے مدعی کی طرفداری کرتا ہے ا...
گواہی ماننے کے قابل نہیں

چون تما کو سان کے بن مانگے جو دے
سر پر، قر پر، ناگ پر، تینوں لیس کرے

تمباکو اور چونا ملا کر بے مانگے جو دے گا وہ آسمان...
اور تحت الثریٰ تینوں کو مسخر کرے گا (ترہت...

چیت جاگے بیساکھ سووے
اس کا دُکھوا بن بن رووے

جو دن کو چیت میں نہیں سوتا اور بیساکھ میں ...
ہے وہ کبھی بیمار نہیں پڑتا۔

چیت کے پچھیا، بھادوں کے جلاّ
بھادوں کی پچھیا، ماگھ کے پلاّ (پارا)

چیت کی پچھیا ہوا بھادوں کی بارش لاتی ہے
اور بھادوں کی پچھیا ماگھ کے جاڑوں کا پیام ...

## چھ

چھپ کے اُگے تو کیا بھئے، نرمل اپنی گرنت
کے جل دیکھیہا سگرا، کامنی گوپ بھرنت

سورج بادل میں چھپ کے نکلا تو کیا ہوا رات ...
آسمان صاف ہے تو بارش ہرگز نہ ہوگی۔ ...
سمندر میں پانی ہوگا اور عورتیں کنوئیں پر پانی بھ...
جائیں گی۔

چھٹل گھوڑ گھنسبل کٹھار

چھٹا ہوا گھوڑا بھوسا گھر میں ٹھہرتا ہے یعنی آز...
ہمیشہ اپنا فائدہ کر لیتا ہے۔

(سارن اور چمپارن)

## د

دانہ نہ گھاس دوتوں ساجھ دُمگجا

یکے کے گھوڑے کی قسمت ایسی خراب ہے کہ دانہ...

گھاس کے بغیر ہر وقت دُم گڑا لگا رہتا ہے یعنی ہر وقت سواری میں رہتا ہے۔ (بھاگلپور)

...ائی کا پیٹ پھوٹا تو سب نے دیکھا
...بی کا پیٹ پھٹا تو کسی نے نہیں دیکھا

کسی کی معمولی تکلیف کو بہت اہمیت دی جاتی ہے اور کسی کی بڑی مصیبت کا خیال نہیں کیا جاتا (ع)

...شمن کو بھی اونچا پیڑھا دو

کسی سے بدسلوکی نہ کرو دشمن سے بھی اچھا سلوک کرو۔

...دُو دھک جریں مٹھا پھونکی پیے

دودھ کا جلا مٹھا پھونک کر پیتا ہے (ترہت)

...ہی کھاتے ہیں دہیڑی نہیں کھاتے

اس وقت بولتے ہیں جب ملازم مالک کا تھوڑا مال چراتا ہے۔ بالکل تباہ نہیں کر دیتا۔

...دیکھے میں چھوٹی موٹی کھائے میں سموچی روٹی

اوقات کم کھانے میں زیادہ (دربھنگہ)

دِیل کھری[1] کھائے نہیں کولہا[2] چاٹل جائے

بیل کو کھلی دی جاتی ہے تو نہیں کھاتا مگر کولہو چاٹتا ہے۔ یعنی چور کو چوری میں مزا آتا ہے۔

## دھ

دُھوبک باپ کر، کُچھو نہیں پھاٹ

دھوبی باپ کا کپڑا احتیاط سے دھوتا ہے اور نہیں پھاڑتا۔ (ترہت)

دھوبی پر دھوبی بسے تب کپڑے پر صابن پڑے

دھوبی اُس وقت کپڑا دھوتا ہے جب بہت سے دھوبی ایک جگہ ہو جاتے ہیں دھوبی کی وعدہ خلافی اس سے ظاہر ہوتی ہے۔

دھوبی، ناؤ، درجی تینوں الگرجی

دھوبی، نائی، درزی یہ تینوں بے پروا ہوتے ہیں۔ (ترہت)

## ڈ

ڈیڑھ گوٹ[3] گوڑی[4]، نو گوٹ فوج

ڈیڑھ راس گھوڑی نو نفر نوکر یعنی حیثیت سے زیادہ نمائش (ترہت)

---

[1] کھلی ۔ [2] کولہو [3] عدد [4] گھوڑی

## ر

راتنگ کا گا دِنگ سیار
کی جھڑی بادر کی اُپتار

کوآ رات کو اور گیدڑ دن کو بولے تو پانی کی جھڑی لگے گی یا سیلاب[۱] آئے گا۔

راتِ بندر (یا راتنگ چلمک) دن کے چھایا
گیس گھاگھ بے برکھا گایا۔

رات بے بادل کی ہو اور دن کو ابر چھایا ہو تو گھاگھ کہتا ہے کہ بارش نہ ہوگی۔

راجا کے ایک گاؤں پرجا کے سو گاؤں

راجا یا زمیندار کا راج یا زمینداری ختم ہونے کے بعد وہ کہیں کا نہیں رہتا۔ مگر رعایا نئے حاکم یا دوسرے جگہ کے حاکم کی رعایا کی حیثیت سے رہ سکتی ہے۔

رانچی گلے کی پھانسی

جو رانچی میں عارضی سکونت اختیار کرتے ہیں وہ عام طور پر وہاں بس جاتے ہیں۔ (رانچی)

رَہٹری کے دال گلوے
پڑوسیا کے ہلوے

ارہر کی دال کو گلانا چاہیئے اسی طرح پڑوسی کو اپنے بس میں مجبور کر کے رکھنا چاہیئے۔ (ترہت)

## س

ساٹھی پا کے ساٹھ دن
برکھا ہووے رات دن

رات دن بارش ہو تو ساٹھی دھان ساٹھ دن میں پک جاتا ہے۔

سارا کاکو جل گیا بی بی کمال سوئیں

اُس وقت بولتے ہیں جب انہماک میں بڑے بڑے واقعات کی خبر نہ ہو۔ حضرت بی بی کمال رحمۃ اللہ علیہا حضرت قطب الاقطاب سید شہاب الدین پیر جگجوت رحمۃ اللہ علیہ کی صاحبزادی تھیں بہت بڑی ولیہ تھیں شب و روز عبادت و ریاضت میں رہتیں۔ آپ کا مزار کویں ہے۔

ساری ککڑی کھا کے پیندی تیتی

اُس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی کسی کام کو شروع سے بخوبی ادا کرتا ہے اور آخر میں بگاڑ دیتا ہے (پٹنہ)

---

۱ سیلاب

ون پچھوا، بھادوں پُروا آسن بہے ایشاں
کنتا سکیو نہ ڈولے، کاٹے کے رکھوا دھان

ساون میں پچھوا، بھادوں میں پُروا، آسن میں اُترا پروا چلے اور کاتک میں ہوا اتنی کم چلے کہ سرکی کا پتا بھی نہ ہلے۔ تو دھان وافر پیدا ہو گا۔

دن پچھیا جھی بھرے
دوں پُروا پتھل سڑے
ونک پچھوا دن دوئی چاری
ہک پاچھا اُپجے ساری
ون کے پروا بھادوں پچھا چور
ا بیچا چلو دیس کا اور

ساون میں پچھیا چلے تو سیلاب آجائے اور بھادوں میں پروا چلے تو اتنی بارش ہو کہ پتھر بھی پگھل جائے۔
ساون میں پچھوا ہوا دو تین دن بھی چلے تو دھان چوہے کے پیچھے بھی (کثرت سے) پیدا ہو
ساون میں پُروا اور بھادوں میں پچھم کی ہوا چلے تو کسی اور ملک کو چلو یعنی بارش نہ ہوگی دوسرا پیشہ اختیار کرو۔

دن سُکلا سپتمی اُگ کے لہاہیں سوَر
ل پیا ہر بَرد بر کھا گیل بڑی دوَر

ساون کی روشن پکھ کی ساتویں صبح کو سورج نکل کے بادل میں چھپ جائے تو ہل بیل الگ کرو۔ بارش نہ ہوگی (شاہ آباد)

ون سُکلا سپتمی اُودے جوں دیکھے بھان
جاؤ پیا مالوہ ہم جئیبو مُلتان

ساون کے روشن پکھ کی ساتویں صبح کو بادل نہ گھرا ہو تو بارش نہ ہو گی۔ دوسرا پیشہ کرنا ہوگا۔
(شاہ آباد)

دن سُکلا سپتمی جوں گرجے آدھی رات
جاؤ پیا مالوہ، ہم جئیبو گجرات

ساون کی روشن پکھ کے ساتویں دن بادل آدھی رات کو گرجے تو بارش نہ ہو۔ دوسرا پیشہ کرنا ہوگا
(شاہ آباد)

ادن سکلا سپتمی چھپی کے آگاہیں بھان
ں لاگی میگھا برسے جُوں لاگی دیاُ بکھان

ساون کے روشن پکھ کی ساتویں صبح کو سورج بادل میں چھپا ہوا نکلے تو کاتی پوجا تک بارش ہوتی رہے گی۔
(شاہ آباد)

ادن سکلا سپتمی رینی ہو نہی سیار
بھدرا و بھگلا ری پربت اپجے سار

ساون کے روشن پکھ کے ساتویں دن رات اندھیری ہو تو پہاڑ پر بھی اچھی فصل ہو گی۔ (شاہ آباد)

---

۱۔ اتر پردا ۲۔ سرکی کا پتا ۳۔ کیا

ساون ماس بہے پُر بیّا
بیچو بَرد اکینو گیّا

ساون میں پروا ہوا چلے تو بارش نہ ہوگی کاشتکاری چھوڑ کر دوسرا پیشہ اختیار کرو۔

سب تالوں میں بھوپال تال
اور سب تلیّا

دیکھئے تال تو بھوپال تال.....

سب گڑھوں میں رہتاس گڑھ
اور سب گڑھیّا

سِر کی اک دَلائی تاہیں،
تاہیں بیر میں آئل پانی
سِر کی اٹھائل رہل نہ بیرا
آگے ناتھ نہ پاچھو پگھا

سِر کی تان کر دالان بنایا اس میں پانی آگیا جھونپڑا اٹھانے کا وقت نہ ملا اور رہنے والا گدھے کی مثل ہوگیا۔ ناگہانی مصیبت کے بارے میں بولتے ہیں۔
(ترہت)

سرگ پتالی، بھونن ٹیڑھ
اپن کھائے پڑوسیا ہیر

جس بیل کے سینگ اوپر نیچے یا جس کی بھنویں ٹیڑھی ہوں وہ اپنے مالک کے لئے منحوس ہوتا ہے اور پڑوسی کو زخمی کرتا ہے۔

سڑگل جائے گوتیا نہ کھائے
گوتیا کا کھایا اکارت جائے
سڑی ماں والدہ

اس موقع پر بولا جاتا ہے جب کسی کو رشتہ دار سے بے حد نفرت ہوتی ہے۔ (عو۔ پٹنہ)

اس موقع پر بولتے ہیں جب نااہل کی قدر و منزلت کی جاتی ہے۔

سُسرال میں بَستا
تین کل نُسنا

سسرال میں بسنا خودداری کے خلاف ہے اس سے دادھیال، نانہال اور سسرال تینوں خاندان کی ذلت ہوتی ہے۔ (عو۔ پٹنہ)

سکھ کرے بدری، سنیچر رہے چھائے
ایسا بولے بھڈاری بن برسے نہیں جائے

جمعہ کو بادل آئے اور سنیچر کو چھائے تو بارش ضرور ہوگی
(شاہ آباد)

سو پر کھول ہزار پر کانا۔ سوا لاکھ پر اینچا تانا
اینچا تانا کہے پکار کنجہ گردن سے رہو ہوشیار

آنکھ میں پھولی والا بہت خطرناک ہوتا ہے اس سے زیادہ کانا اس سے بڑھ کر اینچا تانا اور اس سے کہیں زیادہ پست گردن والا ہوتا ہے۔ (عو۔ پٹنہ)

سوتن کا ٹونا سوتن کے نیہر

سوتن سے نفرت ہونا، پھر اُس سے لگاؤ بھی رکھنا (عو۔ پٹنہ)

سیاں کا ارجن بھیا کا نام
بوڑا پہن کر ساسُر جام

سیاں کے برتے بھیا کا ناؤں
پہن اوڑھ کر ساسُر جاؤں
تمام خرچ شوہر کا اور نام بھائی کا ہو (عو۔ پٹنہ)

سیڑھا ساٹھی ساٹھ دن
تینو دیب برسے رات دن

سیلہا اور ساٹھی ساٹھ دنوں میں تیار ہوتا ہے اگر بارش رات دن ہو۔
(جنوب مغربی شاہ آباد)

سید کی مرغی ٹکے ٹکے

اونچے گھرانے والے عموماً تجارت سے نابلد ہوتے ہیں اس لئے نفع نہیں ہوتا۔

سیدھا سندیہہ گبھ گبھ کر کھی

جو کھانا پانے کا مستحق نہیں وہ شوخی سے دودھ مانگے۔ خواہ مخواہ حق جتانے والے کے لئے بولتے ہیں۔ (ترہت)

## ش

شورا شور کرے گندھک زور کرے
کوئلا لے اڑے

ٹرا (ایک آتشبازی) میں شورا، گندھک اور کوئلا دے کر بناتے ہیں۔ تینوں کی یہ تین خاصیتیں ہیں۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کئی آدمی مل کر فساد کی تدبیر کرتے ہیں۔

## ص

صبح کو ہیرا، دوپہر کو کھیرا، شام کو پیرا

کھیرا کھانا صبح کو بہت مفید ہے دوپہر کو کسی قدر فائدہ مند اور شام کو نقصان دہ ہوتا ہے۔

## ط

طعام آمد و مکھیا برخاست

گدھ والے شرمیلے اور غیرت مند ہوتے ہیں اگر کسی کے یہاں اتفاقاً کھانے کے وقت پہنچ بھی جاتے ہیں تو کھانا آتے ہی اٹھ جاتے ہیں

# ک

کاسی کوسی چوتھ کے چان
اب کا، روپیا دھان کسان

گھاس اور کوسی (گھاس کا پھول) بھادوں کے روشن پکھ کی چوتھی تاریخ کو پھولے تو دھان روپنا بے کار ہے۔ (شاہ آباد)

کام نہ دھندھا اڑھائی روٹی بندھا

کام کچھ نہیں کرتا مگر پوری مزدوری لیتا ہے (دربھنگہ)

کاہو[1] کے بھنٹا[2] بیری، کاہو کے بھنٹا پتھ[3]

ایک ہی چیز کسی کو نقصان دہ کسی کو مفید ہوتی ہے۔

کبھی کدو پر چھری، کبھی چھری پہ کدو
کبھی ناؤ پر ہاتھی، کبھی ہاتھی پر ناؤ

کسی کی سرشت نہیں بدلتی
ایک ہی شخص کبھی غالب ہوتا ہے کبھی مغلوب

کپڑے کی ہوئی تنگچی[4] تو نام رکھا مرزئی[5]

اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی کفایت شعاری سے عزت قائم رکھتا ہے۔

کدو پر ہنسوا چوکھا

اس موقع پر بولتے ہیں جب بہت زیادہ طاقتور کمزور پر ظلم کرتا ہے۔

کرتکا چوئے چھ لے موئے
جوں روہنی ناہیں کادو کرے

کرتک میں برسے تو چھ نچھتروں تک بارش نہ ہوگی۔ اگر روہنی میں کیچڑ نہ ہو۔

کرسی اماوس چوتھی چان
اب کا روپیا دھان کسان

کرسی۔ اماوس اور چک چندے کے بعد کسان کو دھان روپنا بے کار ہے۔ (شاہ آباد)

کرکے[6] بھیجائے[7] کنکری، سنگھ[8] گرجے جائے
کہ بھڈر سنو بھڈاری کتا بھات نہ کھائے

برج سرطان میں کنکری بھیگے اور برج اسد میں گرج کر چلا جائے تو اتنا بھات ہو کہ کتا بھی نہ پوچھے۔ (شاہ آباد)

کلکتے کی کمائی دنوا بھلوا میں گنوائی

دنوا اور بھلوا شیرشاہی سڑک کے کنارے ہزاری باغ ضلع کے دو بڑے جنگل ہیں۔ پہلے زمانے میں کلکتے میں ملازمت کرنے

---

[1] کسی کو [2] بیگن [3] بیماری سے اچھے ہونے کے بعد پہلی غذا [4] تنگی [5] مشہور لباس
[6] برج سرطان [7] بھگے [8] برج اسد

ڑھیا بیل کا پھوپھکار بڑ بھار
ری بردے کے پھٹپھاری بہت
ڑھی ہنکار کے موگر سا آنٹی

ڑھیا ڈراوے تھوک سے

ن پڑو کھ بھیلا ہوں گائے
نی لائے دوہا دے جائے

ادے لا سید چرادے لا چھچھی[2]

دالے جب اس راستہ سے گزرتے تو دلوا بھلوا
میں لُٹ جاتے تھے
کاہل بیل بہت ہانپتا ہے۔ کاہل آدمی ہلکے سے
کام سے تھک جاتا ہے۔
کاہل کسان لاٹھی سی پتلی آنٹی بناتا ہے یعنی
کاہل آدمی ہلکا کام بھی نہیں کر سکتا۔
اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی کسی کو مجبوری سے
ناجائز فائدہ اٹھاتا ہے۔ (عو)
کسی آدمی کی گائے میں ہوں کہ مجھے دوہنے کے
لئے چلنی لایا ہے۔ اُس وقت بولتے ہیں جب
کوئی شخص مال کو بے فائدہ برباد کرتا ہے۔
(جنوب مشرقی ترہت)
سید کھلاتا ہے اور چھوچھی چراتا ہے۔ اس وقت
بولتے ہیں جب کوئی شریف زادہ ذلیل کام کرتا
ہے۔ (ترہت د جنوب مغربی سارن)

## کھ

جاتے ہیں اڑاتے ہیں
ساتے سے بھونسی اور ہگنے سے خودی!
ھائی بجلی کہ مائی؟
جائے کو جڑے نہیں نہادے کو تڑکے

عٹ مرے مرغی بلائی کھائے انڈا
یت بھسے[3] آری گوڑے

بے کار آرام طلبی کی زندگی گزارتے ہیں (عو)
غریب آدمی اور خوب غرور کرے! (رانچی)
جو کھلاتا ہے اس سے محبت زیادہ ہوتی ہے
بہ نسبت ماں کے اس وقت بولتے ہیں جب مفلس
شان و شوکت کی نمائش کرتا ہے۔ (مشرقی پٹنہ)
محنت کوئی کرے اور فائدہ کوئی اٹھائے۔ (دربھنگہ)
کھیت پانی سے بھر جاتا ہے تو پانی کے زور سے

---

۱۔ ہانپنا ۲۔ چھوچھی ۳۔ پانی سے بھرے

آل ٹوٹ جاتی ہے۔ یعنی خواہش نفسانی پوری ہوکے رہتی ہے۔

کھیت کھیتی[1] چر، پڑ رہیں مار

لڑائی میں چھوٹے پکڑے جاتے ہیں۔ اصل مجرم بچ جاتے ہیں۔

کھینی کھائے نہ تماکو پیئے
سے نر بتاؤ کیسے جیئے

بغیر کھینی کھائے اور حقہ پیئے کوئی زندہ نہیں رہ سکتا۔ (ترہت)

# گ

گائے گواریں ملاپ :. ٹھونا پانی دودھاب

گائے اور گوالے میں ملاپ ہے۔ گھٹنوں پانی میں بھی دودھ دیگی یا گھٹنوں کے پاس سے گھڑا ہٹلے بغیر پانی ملانے دیگی۔

گردا گاڑی لنگور، ان تینوں سے بھاگلپور

بھاگلپور گرد، گھوڑا گاڑی اور لنگور کے لئے مشہور ہے۔

گدھا کے نہ دوسر گسیاں[2]
دھوبیا کے نہ دوسر پروھن[3]
گدھا گیلا سرگ۔ چھان نکلے گیلہن

دھوبی اور گدھا دونوں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوسکتے۔ (ترہت)
گدھا جنت کو گیا اور چھان ساتھ گیا یعنی برائیاں انسان کے ساتھ ہمیشہ رہتی ہیں (ترہت)

گگری بھر اناج پر راج !
گوارِک گونر ڈو ہنوڈِس چکن

تھوڑی پونجی پر غرور کرنے والے کے لئے بولتے ہیں۔
گوالے کا اوپلا دونوں طرف چکنا ہوتا ہے یعنی گوالا بہت محنتی ہوتا ہے۔ (مشرقی ترہت)

گوشت بھات مٹھا، کوئی نہ کرے ٹھٹھا

غربا شادی میں گوشت بھات مٹھا کھلاتے ہیں۔ یعنی جو اپنی حیثیت کے موافق خرچ کرتا ہے اور فضول خرچی میں مقروض نہیں ہوتا۔ وہ نہ مفلس ہوتا نہ کوئی اس کا مذاق اڑاتا

گئے بھاگ[4] بھیجا[5]

وقت گزرنے کے بعد کلام کرنا بے فائدہ ہے

---

[1] مویشی [2] مالک [3] غلام [4] ہولی [5] ایک قسم کی کھچڑی

## گھ

ر جر بہیں، گھر بتاؤ

گھر جلتا ہے اور گھر بتاتا ہے۔ اشرفی لٹی بائے کوئیلوں پر مہر (شمالی مشرقی ترہت)

ھر ودہی، باہر دہی

جس کو گھر پر دہی ملتا ہے اسے باہر بھی دہی ملتا ہے۔ شکر خورے کو شکر۔

ھر گھرا سوجھے ہے، پھندا نہیں سوجھے

پرندوں کو پھنسانے کے لئے گھر گھرا پھندے میں باندھتے ہیں۔ اس کے کھانے کی لالچ میں پرندے پھنس جاتے ہیں۔ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی لالچ میں آکر اپنے نقصان سے بے خبر ہوتا ہے۔ (پٹنہ۔ دیہات)

ھی پچے نہیں پوری لامرے

جو کام طاقت سے باہر ہو اس کی ہوس نہیں کرنی چاہیے۔

## ل

لاٹھی ایسی چیز ہے، سدا رکھے سنگ
ندی نالا اگاہ، جہاں تہاں بچاؤ انگ

لاٹھی ایسی چیز ہے جس کو ہمیشہ ساتھ رکھئے ندی، نالا، بے تھاہ پانی ہر جگہ بدن کو بچاتی ہے۔ (شاہ آباد)

لاد دو لدا دو، لادنے والا ساتھ دو
بہار کا راستہ بتا دو۔

اس وقت بولتے ہیں جب کوئی یہ چاہتا ہے کہ اس کا ہر کام دوسرا کرے۔

لبنا بھر دھان پر مشہر اُبلائے

تھوڑے مال پر غرور کرنے والے کے لئے بولتے ہیں۔

لڑتن بدیا گھوستن زور کچھ نہیں
تو تھوڑ یک تھوڑ

کوشش سے ہر مشکل آسان ہوتی ہے۔

لڑ پر وسن دیدہ رکھ

ایسی لڑائی نہیں لڑنی چاہئے جس سے میل ہونے پر شرمندہ ہونا پڑے (عو۔ پٹنہ)

---

[1] وہ گڈھا جس میں پیال وغیرہ جلا کر رات کو تاپتے ہیں۔

لکھے گوڑ[۱] ہا پکھے[۲] تیر

غلیل کی مہارت لاکھ گولیوں اور تیراندازی کی پانچ سو تیر چلانے سے ہوتی ہے۔ (پٹنہ)

لنگ لنگوٹی فتّے خاؤں
من کرے کلکتے جاؤں

خالی ہاتھ ہونا اور ارادے بلند رکھنا (رانچی)

لوٹ لایا کوٹ کھایا
لوٹو گیل تھیلو (بقالی) یا جتو (ذات) گیل

مال مفت دل بے رحم (پٹنہ)

اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی ہر صورت سے خسارے میں رہتا ہے (دیہات پٹنہ)

لے کے بھوں ہو گئے

دھوکا دے کر بھاگ گئے (بہار شریف)

## م

مار کے سسر کھاکے پسر

کسی کو مارنے کے بعد بھاگ جانا چاہیے اور کھانے کے بعد لیٹنا چاہیے۔

مارے چور اُپس لے پاہن
اب نہ جیبو تورے آنگن
ماڑ نہ جڑے تاڑی!

چور جہاں مار کھاتا ہے، اور مہمان جہاں بھوکا رہتا ہے وہاں پھر نہیں جاتا۔

اُس وقت بولتے ہیں جب مفلس فضول خرچی کرتا ہے۔

ماس کھائے سے ماس بڑھے دودھ کھائے
بل ہوئے۔ ساگ کھائے سے اُوجھ
بڑھے بوڑھا کیسے ہوئے

طاقت دودھ کھانے سے ہوتی ہے ورنہ گوشت کھانے سے گوشت بڑھتا ہے اور ساگ کھانے سے آنت۔

مالا توڑے رے بھگتوا جعفر خاں کے باغ

باغ جعفر خاں پٹنہ کا ایک پرانا باغ ہے اب ویران ہے مگر پہلے رومانیت میں بدنام تھا وہاں پرہیزگار بھی توبہ شکنی کرتے تھے۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کہیں جاکر کوئی توبہ شکنی کر بیٹھتا ہے۔ یہ ستار کا پہلا بول ہے۔

---

۱۔ غلیل کی گولی ۲۔ پانچ سو

مال والا ہارے، گال والا جیتے

منہ زور اپنی ناحق بات بھی منوا لیتا ہے۔
(غور۔ پٹنہ)

ماگھ کے گرمی جیٹھ کے جاڑ پہلا پانی بھر گیں تاڑ
گھاگھ کہیں ہم ہوبوں جوگی + کنوئیں کا پانی
دھو ئہیں دھوبی

ماگھ کی گرمی جیٹھ کا جاڑا اور پہلے پانی میں
تالاب کا بھرنا بارش نہ ہونے کی علامت ہے
کاشتکاری کے سوا دوسرا پیشہ کرنا ہوگا۔

مچھڑ، مختار، مالزادی
یہ تینوں گیا کی آبادی

گیا میں مچھڑ، مختار اور مالزادیوں کی کثرت
ہے۔

مرگسرا بنے، روہنی لبے، ادرا جائے
بدبدائے ۔ کہے ڈاک سنو بھلاّری
کتّا بھات نہ کھائے

مرگسر گرم ہو (اور نہ برسے) روہنی برسے اور
ادرا میں چند بوندیں پڑیں تو ڈاک کہتا ہے کہ
سنو بھلاّری بھات اتنا وافر ہو کہ کتا بھی نہ سونگھے۔

مڑوا، مِین، چیِن سنگھ دہی
کودو کے بھات دودھ سنگ دہی

منڈو، مچھلی اور چینا، دہی کے اور کودوں کا
بھات دودھ کے ساتھ کھانا چاہیئے۔ (شاہ آباد)

مُکھ سدھی نہ پرکار
تینکا اریانک بڑ چمتکار

جو اپنے مہمان کو ایک سپاری بھی نہیں کھلا سکتا
وہ گھر سے باہر اُس کا بہت شاندار استقبال
کرتا ہے جب کوئی بخیل مہمان کی تواضع کرتا ہے
تو تعجب سے بولتے ہیں۔ (مشرقی ترہٹ)

مگھا لگاوے گھگھا سواتی سواس بائی
تہاری ہاتھی رانی، ہم ہوں آوت بائی

مگھا میں بارش کی زیادتی سواتی میں ختم، اور
ہتھیا کی گرج اس کے آنے کا پیام دیتی ہے۔
(شاہ آباد)

ملائی کی! گورا۔ ملّی!

دشمن سے فائدے کی امید نہ رکھو (غو۔ پٹنہ)

منہ میں کلیجہ، دھان ڈالو تو لاوا

انتہائی پریشانی کی حالت (غو۔ پٹنہ)

موئل بَردا چھکری

مرا ہوا بیل چھ دانتوں کی بچھیا کی طرح بے کار
ہوتا ہے۔

میاں برابر نماز!
میاں کو مونچھ نہیں نوکر کو بیٹا

خادم اور آقا کا مقابلہ کرے
مالک سے زیادہ نوکر کی شان شوکت ہے۔ (اُس جیح

میرا بیٹا نیم بکائن
تیرا بیٹا آم املی

یہ بولتے ہیں جب حفظ مراتب کا لحاظ نہیں کیا جاتا ہو۔ نیم اور بکائن کے پھل کڑوے ہوتے ہیں کوئی نہیں کھاتا۔ آم اور املی سبھی کھاتے ہیں۔ یہ بد دعا ہے یعنی میرا بیٹا جیئے تیرا بیٹا مرے۔
(عو۔ سائیں واطراف)

## ن

نا اِت بدلی، نا اِت دھوپ
نا اِت لُب لب، نا اِت چوپ

ہر چیز اندازے کے اندر اچھی ہوتی ہے۔ نہ زیادہ بادل کا گھرنا، نہ زیادہ دھوپ، نہ زیادہ بولنا نہ زیادہ چپ رہنا اچھا ہے۔ (دیہات۔ پٹنہ)

نِچنت سوئے کمہار، مٹیا نہ لے جائے چور

کمہار آرام سے سوتا ہے کیونکہ چور مٹی نہیں لے جاتا ہے یعنی جس کے پاس کچھ نہیں اُس کو چوری کا ڈر نہیں ہوتا۔

۱۔ نِکوڑیا گیلا ہاٹ ککڑی دیکھے ہیا پھاٹ
۲۔ نِگوڑیا گیا ہاٹ کھیرا دیکھ کے جیا پھاٹ
نِبلے کی جورو سب کی بھوجائی
نِبلے میر شکار، گوریا مارے مٹکی

چیزوں کا دیکھنا مفلس پر مصیبت کا آنا ہے۔
(۱ ٹ) ترہت (۲۔ ع پٹنہ)
غریب اور کمزور کو سبھی دباتے ہیں اور مذمت کرتے ہیں۔
کمزور آدمی معمولی سے دشمن کو بھی زیر نہیں کر سکتا
(مشرقی پٹنہ)

ننگا ناچے پگار پہ!
نہ الٹا سلام، نہ سیدھا سلام

مفلس کو غرور اور نمائش زیبا نہیں
اس بارے میں بولتے ہیں جو کسی معقول دلیل سے قائل نہ ہوتا ہو۔ (عو۔ پٹنہ)

نہانے کو سب کوئی کہے
سر میں تیل کوئی نہ دے
نہ گڑ کھائے نہ کان چھدائے

کام کرنے کا مشورہ سب دیتے ہیں مگر کام میں ہاتھ بٹانے والے نہیں ملتے۔ (مشرقی پٹنہ)
بچیوں کے کان چھیدتے وقت اُنہیں گڑ کھلاتے ہیں۔ یعنی نہ لالچ کرے نہ نقصان اُٹھائے
(رانچی)

نئی دھوبنیا اپلی نگڑے صابن کیلی
نئی دھوبنیا گندھڑے صابن

نئی دھوبن گودڑوں کو بھی صاف کرتی ہے
یعنی نیا نوکر خرگوش پکڑے
(۱ جنوبی مونگیر ۲ مشرقی پٹنہ)

# ہ

ہاتھ ڈلاتے آئے ہیں
پاؤں ڈلاتے جائیں گے

اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص بے کار اور بے سرو سامان کہیں جاتا ہے۔

۱ ہاتھ اٹھتے مونچھ ٹیڑھی
۲ ہاتھ کی آسکت سے مونچھ ٹیڑھی

اس موقع پر بولتے ہیں جب سامان رہتے ہوئے بھی کوئی اس سے کام نہیں لیتا۔ بہت کاہل آدمی کے لئے بولتے ہیں جو ضروری کام نہیں کرتا۔
(۱ پٹنہ۔ دیہات ۲ پٹنہ شہر)

ہارا شکاری فاختہ مارے

فاختے کا شکار معمولی شکار ہے۔ جب شکاری کو شکار نہیں ملتا تو فاختہ مارتا ہے۔ (پٹنہ)

ہتھیا برسے چترا مڑرا آئے
گھر بیسے دھنہار۔ ایر آئے یا اگرائے

اگر ہتھیا میں بادل برسے اور چترا میں منڈلائے تو دھان کا کاشتکار گھر بیٹھے خوش ہوگا یا ناز کرے گا۔

ہتھیا برسے تین ہوت یا، سکر ساٹھی، ماس
ہتھیا برسے تین جات یا تل، کودو، کپاس

ہتھیا کی بارش سے تین چیزیں ہوتی ہیں، شکر ساٹھی اور ماش اور تین چیزیں برباد ہوتی ہیں تل، کودوں اور کپاس (شاہ آباد)

ہڑبڑی کا بیاہ کنپٹی میں سیندور
ہم چراویں دلی، ہم کو چراوے گھر کی بلی

جلدی میں ہر کام خراب ہوتا ہے۔
اس موقع پر بولتے ہیں جب ناتجربہ کار کسی ہوشیار کو دھوکا دینا چاہتا ہے۔ (۱ گیا۔ پٹنہ)

ہنوز بوئے بلخ باقیست ؟

یہ قول حضرت مخدوم شرف الدین بہاری قدس سرہٗ کی طرف منسوب ہے۔ جب ان کے خلیفہ حضرت

---

۱ گودڑ ۲ آسکت ۳ منڈلائے ۴ خوش ہو ۵ ناز کرے

مولانا مظفر بلخی علیہ الرحمۃ پر کیفیت جلال طاری ہوتی تو حضرت مخدوم یہی فرماتے۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی کی حیثیت ختم ہوجانے پر بھی فخر باقی رہتا ہے۔

ہوش میں گاندھی لگا۔

ہوش جاتا رہا (مشرقی پٹنہ)

## ی

یار کی یاری بھتار کی لالی

اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی عیار دو مخالف شخصوں سے سروکار رکھ کر دونوں کی بات رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔ (عو۔ پٹنہ)

یکہ، وکیل، گدھا، پٹنہ میں صدہا

پٹنہ میں ایک زمانے میں یکہ، وکیلوں اور گدھوں کی کثرت تھی۔

یہ گھر جلے سلامت باد
وہ گھر جلے مبارکباد

دو شخصوں کے جھگڑے میں اپنی بے تعلقی کا اظہار کرنا۔ (مشرقی پٹنہ)

تمام شد